# شہیدِ کربلا
## یعنی اُسوۂ حسینی

جگر گوشۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حُسین رضی اللہ عنہ،
اور اُن کے اَصحابؓ کا واقعہ شہادت اور مُسلمانوں کے لئے

## دعوتِ فکر و عمل

از افادات

حضرت مولانا مُفتی مُحمّد شفیع صاحب مدظلہ

صدیقیہ دارالکتب
بیرون بوہڑ گیٹ مُلتان۔ فون: ۵۸۲۹۸۱

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

جملہ حقوق کتابت بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب...... شہید کربلا

ازافادات...... حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ

طبع اول...... نومبر 2001ء

ناشر...... صدیقیہ دارالکتب بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

کمپوزنگ...... عمرانیہ کمپوزنگ سنٹر ملتان

مطبع...... سلامت اقبال پرنٹنگ پریس ملتان

## ملنے کا پتہ

مکتبہ سعیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

دارالحدیث بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

کتب خانہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

مکتبہ شرکت علمیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

مکتبہ سید احمد شہید الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

شمع بک ایجنسی اردو بازار لاہور

# فہرست مضامین


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| دعوت فکر وعمل۔ | ۷ |
| تمہید۔ | ۹ |
| اسوۂ حسینی یا شہید کربلا۔ | ۱۰ |
| خلافت اسلامیہ پر ایک حادثۂ عظیم۔ | ۱۲ |
| اسلام پر بیعتِ یزید کا حادثہ۔ | ۱۳ |
| حضرت معاویہؓ مدینہ میں۔ | ۱۴ |
| ام المومنین حضرت عائشہؓ سے شکایت اور ان کی نصیحت۔ | // |
| حضرت معاویہؓ مکہ میں۔ | ۱۵ |
| اجتماعی طور پر معاویہ کو صحیح مشورہ۔ | ۱۷ |
| سادات اہل حجاز کا بیعت یزید سے انکار۔ | // |
| معاویہ کی وفات اور وصیت۔ | ۱۸ |
| یزید کا خط ولید کے نام | // |
| حضرت حسینؓ اور ابن زبیر مکہ چلے گئے۔ | ۲۱ |
| گرفتاری کیلئے فوج کی روانگی۔ | // |
| اہل کوفہ کے خطوط۔ | ۲۳ |
| مسلم بن عقیل نے حضرت حسینؓ کو کوفہ کیلئے دعوت دے دی۔ | ۲۴ |
| حالات میں انقلاب۔ | ۲۵ |
| کوفہ پر ابن زیاد کا تقرر اور مسلم بن عقیل کے قتل کا حکم۔ | ۲۷ |
| حضرت حسینؓ کا خط اہلِ بصرہ کے نام۔ | // |
| ابن زیاد کوفہ میں۔ | ۲۸ |
| کوفہ میں ابن زیاد کی پہلی تقریر۔ | ۲۹ |
| مسلم بن عقیل کے تاثرات۔ | ۳۰ |
| مسلم کی گرفتاری کیلئے ابن زیاد کی چالاکی۔ | ۳۱ |
| ابن زیاد ہانی بن عروہ کے گھر میں | ۳۲ |
| مسلم بن عقیل کی انتہائی شرافت اور اتباعِ سنت۔ | ۳۳ |
| اہل حق اور اہل باطل میں فرق۔ | ۳۴ |
| ہانی کی شرافت، اپنے مہمان کو | ۳۷ |


www.e-iqra.com

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| سپرد کرنے سے انکار۔ | |
| ہانی بن عروہ پر تشدد، مار پیٹ۔ | ۳۸ |
| ہانی کی حمایت میں ابن زیاد | ۳۹ |
| کے خلاف ہنگامہ۔ | |
| محاصرہ کرنے والوں کا فرار اور | ۴۰ |
| مسلم بن عقیل کی بیکسی۔ | |
| مسلم بن عقیل کا ستر سپاہیوں سے | ۴۲ |
| تنہا مقابلہ۔ | |
| مسلم بن عقیل کی گرفتاری۔ | ۴۳ |
| مسلم بن عقیل کی حضرت حسین کو | ۴۳ |
| کوفہ آنے سے روکنے کی وصیت۔ | |
| محمد بن اشعث نے وعدہ کے | ۴۴ |
| مطابق حضرت حسینؓ کو روکنے | |
| کیلئے آدمی بھیجا۔ | |
| مسلم بن عقیل کی شہادت اور وصیت۔ | ۴۵ |
| حضرت مسلمؓ اور ابن زیاد کا مکالمہ۔ | ۴۶ |
| حضرت حسینؓ کا عزم کوفہ۔ | ۴۷ |
| عمر بن عبدالرحمٰن کا مشورہ۔ | ۴۸ |
| حضرت عبداللہ بن عباس کا مشورہ۔ | ۴۸ |
| حضرت حسینؓ کی کوفہ کیلئے روانگی | ۵۰ |

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| عبداللہ بن جعفر کا خط واپسی کا مشورہ۔ | ۵۲ |
| حضرت حسینؓ کا خواب اور ان | ۵۳ |
| کے عزم مصمم کی ایک وجہ۔ | |
| ابن زیاد حاکم کوفہ کی طرف سے | ۵۴ |
| حسینؓ کے مقابلہ کی تیاری۔ | |
| کوفہ والوں کے نام حضرت حسینؓ کا | ۵۵ |
| خط اور قاصد کی دلیرانہ شہادت۔ | |
| راہ میں عبداللہ بن مطیع سے ملاقات۔ | ۵۶ |
| مسلم بن عقیل کے قتل کی خبر پا کر | ۵۷ |
| حضرت حسینؓ کے ساتھیوں کا مشورہ۔ | |
| مسلم بن عقیل کے عزیزوں کا | ۵۷ |
| جوش انتقام۔ | |
| حضرت حسینؓ کی طرف سے اپنے | ۵۸ |
| ساتھیوں کو واپسی کی اجازت۔ | |
| ابن زیاد کی طرف سے حُر بن یزید | ۵۹ |
| ایک ہزار لشکر لے کر پہنچ گیا۔ | |
| میدانِ جنگ میں حضرت حسینؓ کا | ۶۱ |
| دوسرا خطبہ۔ | |
| حر بن یزید کا اعترافِ حق۔ | ۶۳ |
| حضرت حسینؓ کا تیسرا خطبہ۔ | ۶۳ |


www.e-iqra.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| طرماح بن عدی کا معرکہ میں پہنچنا۔ | ۶۶ | حضرت حسینؓ کا لشکر کو خطاب۔ | |
| حضرت حسینؓ کا خواب۔ | ۶۸ | بہنوں کی گریہ زاری اور حضرت | ۸۱ |
| علی اکبر کا مومنانہ ثبات قدم۔ | // | حسینؓ کا اس سے روکنا۔ | |
| حضرت حسینؓ کا جواب کہ میں قتال | ۶۹ | گھمسان کی جنگ میں نماز ظہر کا وقت۔ | ۸۶ |
| میں پہل نہ کروں گا۔ | | حضرت حسینؓ کی شہادت۔ | ۸۹ |
| عمر بن سعد چار ہزار کا مزید لشکر | ۷۰ | لاش کو روندا گیا۔ | ۹۰ |
| لے کر مقابلہ پر پہنچ گیا۔ | | مقتولین اور شہداء کی تعداد۔ | ۹۰ |
| حضرت حسینؓ کا پانی بند کردینے کا حکم۔ | ۷۱ | حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء | ۹۱ |
| حضرت حسینؓ کا ارشاد کہ تین باتوں | ۷۲ | کے سر ابن زیاد کے دربار میں۔ | |
| میں سے کوئی بات اختیار کرلو۔ | | بقیہ اہل بیت کوفہ میں اور | ۹۲ |
| ابن زیاد کا ان شرطوں کو قبول کرنا | ۷۳ | ابن زیاد سے مکالمہ۔ | |
| اور شمر کی مخالفت۔ | | یزید کے گھر میں ماتم۔ | ۹۵ |
| حضرت حسینؓ کا آنحضرت ﷺ کو | ۷۵ | یزید کی عورتوں کے پاس۔ | ۹۷ |
| خواب میں دیکھنا۔ | | علی بن حسین یزید کے سامنے۔ | ۹۷ |
| حضرت حسینؓ نے ایک رات | ۷۵ | اہل بیت کی مدینہ کو واپسی۔ | ۹۹ |
| عبادت گزاری کی مہلت مانگی۔ | | تنبیہ۔ | ۱۰۰ |
| حضرت حسینؓ کی تقریر اہل بیت | ۷۶ | آپ کی زوجۂ محترمہ کا غم وصدمہ | ۱۰۱ |
| کے سامنے۔ | | اور انتقال | |
| حُر بن یزید حضرت حسینؓ کے ساتھ۔ | ۷۸ | عبداللہ بن جعفر کو ان کے دو | ۱۰۲ |
| دونوں لشکروں کا مقابلہ۔ | ۷۹ | بیٹوں کی تعزیت | |


www.e-iqra.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| واقعہ شہادت کا اثر فضائے آسمانی پر | ۱۰۲ | تڑپ تڑپ کر مر گیا۔ | |
| شہادت کے وقت آنحضرت | ۱۰۳ | ہلاکت یزید۔ | ۱۰۹ |
| صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا گیا۔ | | کوفہ پر مختار کا تسلط اور تمام | ۱۱۰ |
| حضرت حسینؓ کے بعض حالات اور فضائل | ۱۰۴ | قاتلانِ حسین کی عبرتناک ہلاکت۔ | |
| حضرت حسینؓ کی زریں نصیحت | ۱۰۵ | مرقع عبرت۔ | ۱۱۲ |
| حضرت حسین کے قاتلوں کا | ۱۰۶ | نتائج وعبر۔ | ۱۱۳ |
| عبرت ناک انجام۔ | | اسوۂ حسینی | ۱۱۵ |
| قاتلِ حسینؓ اندھا ہو گیا | ۱۰۸ | حضرت حسین نے کس مقصد | ۱۱۶ |
| منہ کالا ہو گیا۔ | ۱۰۸ | کیلئے قربانی پیش کی۔ | |
| آگ میں جل گیا۔ | ۱۰۹ | خاتمہ۔ | ۱۱۹ |
| تیرے مارنے والا پیاس سے | ۱۰۹ | ☆☆☆ | |


www.e-iqra.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دعوتِ فکر و عمل

جگر گوشۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سید شباب اہل الجنت حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دردناک مظلومانہ شہادت پر تو زمین و آسمان روئے، جنات روئے جنگل کے جانور متاثر ہوئے۔ انسان اور پھر مسلمان، تو ایسا کون ہے جو اس کا درد محسوس نہ کرے۔ یا کسی زمانہ میں بھول جائے۔ لیکن شہید کربلا رضی اللہ عنہ کی روح مقدس درد وغم کا رسمی مظاہرہ کرنے والوں کی بجائے ان لوگوں کو ڈھونڈتی ہے جو ان کے درد کے شریک اور مقصد کے ساتھی ہوں، ان کی خاموش مگر زندہ جاوید زبانِ مبارک مسلمانوں کو ہمیشہ اس مقصدِ عظیم کی دعوت دیتی رہتی ہے۔ جس کے لئے حضرت حسینؓ بے چین ہو کر مدینہ سے مکہ اور پھر مکہ سے کوفہ جانے کیلئے مجبور تھے اور جس کے لئے اپنے سامنے اپنی اولاد اور اپنے اہل بیت کو قربان کر کے خود قربان ہو گئے۔

واقعۂ شہادت کو اول سے آخر تک دیکھئے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے خطوط اور خطبات کو غور سے پڑھئے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ مقصد یہ تھا:

- ...... کتاب وسنت کے قانون کو صحیح طور پر رواج دینا۔
- ...... اسلام کے نظامِ عدل کو از سرِ نو قائم کرنا۔
- ...... اسلام میں خلافتِ نبوت کے بجائے ملوکیت و آمریت کی بدعت کے

www.e-iqra.com

مقابلہ میں مسلسل جہاد۔

o......حق کے مقابلہ میں زورزر کی نمائشوں سے مرعوب نہ ہونا۔

o......حق کے لئے اپنا جان و مال اور اولاد سب قربان کر دینا۔

o...... خوف و ہراس اور مصیبت و مشقت میں نہ گھبرانا اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد رکھنا اور اسی پر توکل اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔

کوئی ہے جو جگر گوشہء رسول اللہ ﷺ مظلوم کربلا، شہید جور و جفا کی اس پکار کو سنے اور ان کے مشن کو ان کے نقشِ قدم پر انجام دینے کے لئے تیار ہو۔ ان کے اخلاق فاضلہ اور اعمالِ حسنہ کی پیروی کو اپنی زندگی کا مقصد ٹھہرائے۔

یا اللہ ہم سب کو اپنی اور اپنے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار کی محبتِ کاملہ اور اتباع کاملِ نصیب فرما۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۵

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

الحمد للہ الذی لم یزل ولا یزال حیًا قیومًا سمیعًا بصیرا و الصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ الذی ارسلہ شاھدًا و مبشراً و سراجًا منیرا و علیٰ نجوم الھدیٰ اھل بیتہ و اصحابہ الذین نوّروا تنویرًا۔

سید شباب اہل الجنت ریحانۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسینؓ اور ان کے اصحاب کی مظلومانہ دردانگیز شہادت کا واقعہ کچھ ایسا نہیں جس کو بھلایا جا سکے، نہ صرف مسلمان بلکہ ہر انسان اس سے اپنے دل میں ایک درد محسوس کرنے پر مجبور ہے اور اس میں اہلِ نظر کے لئے بہت سی عبرتیں اور نصائح ہیں اس لیے اس واقعہ کے بیان میں سینکڑوں بلکہ شاید ہزاروں کی تعداد میں مفصل ومختصر کتابیں ہر زبان میں لکھی گئی ہیں لیکن ان میں بکثرت ایسے رسائل ہیں جن میں صحیح روایات اور مستند کتب سے مضامین لینے کا اہتمام نہیں کیا گیا، اس لیے زمانہ دراز سے بعض احباب کا تقاضا تھا کہ اس موضوع پر ایک مختصر مگر جامع رسالہ لکھا جائے مگر مشاغل سے فرصت نہ تھی۔ اس وقت اتفاقاً ایک مختصر مضمون ''اسوۂ حسینی لکھنے کے قصد سے قلم اٹھایا، مگر واقعہ کے تسلسل نے بہت اختصار پر قائم نہ رہنے دیا اور یہ ایک مستقل رسالہ بن گیا جس میں ان حضرات کی خواہش کی بھی تکمیل ہوگئی۔ فللّٰہ الحمد وھو ولی التوفیق. ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ

لیلۃ العاشوراء من ۱۳۷۵ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# شہید کربلاؓ

یوں تو دنیا کی تاریخ کا ہر ورق انسان کے لئے عبرتوں کا مرقع ہے خصوصاً اس کے اہم واقعات تو انسان کے ہر شعبۂ زندگی کے لئے ایسے اہم نتائج سامنے لاتے ہیں جو کسی دوسری تعلیم وتلقین سے حاصل نہیں ہوسکتے۔ اسی لئے قرآن کریم کا ایک بہت بڑا حصہ قصص اور تاریخ پر مشتمل ہے، قرآن مجید نے تاریخ کو تاریخ کی حیثیت یا کسی قصہ وافسانہ کی صورت میں مدون ومرتب شکل میں پیش نہیں کیا، اس میں یہی اشارہ ہے کہ تاریخ خود اپنی ذات میں کوئی مقصد نہیں، بلکہ وہ نتائج ہیں جو تاریخ اقوام اور ان میں پیش آنے والے واقعات سے حاصل ہوتے ہیں، اس لیے قرآن کریم نے قصص کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے نتائج کیلئے پیش فرمائے ہیں۔

سیدنا وسید شباب اہل الجنت حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا واقعۂ شہادت نہ صرف اسلامی تاریخ کا ایک اہم واقعہ ہے، بلکہ پوری دنیا کی تاریخ میں بھی اس کو ایک خاص امتیاز حاصل ہے، اس میں ایک طرف ظلم وجور اور سنگدلی اور بے حیائی ومحسن کشی کے ایسے ہولناک اور حیرت انگیز واقعات ہیں کہ انسان کو ان کا تصور بھی دشوار ہے۔ اور دوسری طرف آلِ اطہار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چشم وچراغ اور ان کیستر، بہتر متعلقین

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

کی چھوٹی سی جماعت کا باطل کے مقابلہ پر جہاد اور اس پر ثابت قدمی اور قربانی اور جانثاری کے ایسے محیر العقول واقعات ہیں جن کی نظیر تاریخ میں ملنا مشکل ہے اور ان دونوں میں آنے والی نسلوں کیلئے ہزاروں عبرتیں اور حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

واقعۂ شہادت جب سے پیش آیا اس وقت سے لے کر آج تک اس پر علاوہ مفصل کتب تاریخ کے مستقل کتابیں اور رسالے ہر زبان میں بے شمار لکھے گئے، لیکن ایسے وقائع جن سے عوام وخواص کا دلی تعلق ہو اس میں غلط سلط روایات کی آمیزش کچھ مستبعد نہیں، میں نے اس زیر نظر رسالہ میں اس کی کوشش کی ہے کہ غیر[۱] مستند روایت نہ آنے پائے۔

اس کا اصل متن تاریخ کامل ابن اثیر ہے جو عزیز الدین ابن اثیر جزری کی تصنیف اور کتب تاریخ میں ہر طبقہ میں مقبول ومستند مانی گئی ہے۔

دوسری کتب، تاریخ طبری، تاریخ الخلفاء، اسعاف الراغبین وغیرہ اور عام کتب حدیث سے بھی اقتباسات لیے گئے ہیں جن کا حوالہ دیا گیا ہے۔ یہ واقعات ایک دریائے خون ہے جس میں داخل ہونا آسان نہیں۔ ان واقعات کے لکھنے اور دیکھنے سننے کے لئے بھی جگر تھام کر بیٹھنا پڑتا ہے میں مختصر طور پر ان کو پیش کر رہا ہوں۔ واللہ ولی التوفیق

﴿۱﴾ لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ تاریخ کی مستند روایات بھی تاریخ ہی کی حیثیت رکھتی ہیں مستند تاریخ کا بھی وہ درجہ نہیں ہوتا جو مستند ومعتبر احادیث کا کہ ان پر احکام عقائد اور حلال وحرام کی بنیاد ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ امام بخاری جیسے نقاد حدیث کی تاریخ کبیر وصغیر کا وہ درجہ نہیں جو صحیح بخاری کا ہے ۱۲ محمد شفیع

www.e-iqra.com

# خلافت اسلامیہ پر ایک حادثہ عظیمہ

حضرت ذی النورین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے فتنوں کا ایک غیر منقطع سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس میں منافقین کی سازشیں، بھولے بھالے مسلمانوں کے جذبات سے کھیلنے کے واقعات پیش آتے ہیں، مسلمانوں کے آپس میں تلوار چلتی ہے، مسلمان بھی وہ جو خیر الخلائق بعد الانبیاء کہلانے کے مستحق ہیں۔

خلافت کا سلسلہ جب امیر معاویہؓ پر پہنچتا ہے تو حکومت میں خلافت راشدہ کا وہ مثالی رنگ نہیں رہتا جو خلفائے راشدین کی حکومتوں کو حاصل تھا۔ معاویہؓ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ زمانہ سخت فتنہ کا ہے، آپ اپنے بعد کیلئے کوئی ایسا انتظام کریں کہ مسلمانوں میں پھر تلوار نہ نکلے، اور خلافتِ اسلامیہ پارہ پارہ ہونے سے بچ جائے۔ باقتضاء حالات یہاں تک کوئی نامعقول یا غیر شرعی بات بھی نہ تھی۔

لیکن اس کے ساتھ ہی آپ کے بیٹے یزید کا نام مابعد کی خلافت کیلئے پیش کیا جاتا ہے، کوفہ سے چالیس مسلمان۔۔۔ آتے ہیں یا بھیجے جاتے ہیں کہ معاویہؓ سے اس کی درخواست کریں کہ آپ کے بعد آپ کے بیٹے یزید سے زیادہ کوئی قابل اور ملکی سیاست کا ماہر نظر نہیں آتا، اس کیلئے بیعتِ خلافت لی جائے، حضرت معاویہؓ کو شروع میں کچھ تامل بھی ہوتا ہے، اپنے مخصوصین سے مشورہ کرتے ہیں، ان میں اختلاف ہوتا ہے۔ کوئی موافقت

میں رائے دیتا ہے کوئی مخالفت میں، یزید کا فسق و فجور بھی اس وقت تک کھلا نہیں تھا، بالآخر بیعتِ یزید کا قصد کر لیا جاتا ہے۔

# اسلام پر بیعت یزید کا حادثہ

شام و عراق میں معلوم نہیں کس کس طرح...... لوگوں نے یزید کیلئے بیعت کا چرچا کیا اور یہ شہرت دی گئی کہ شام و عراق کوفہ و بصرہ یزید کی بیعت پر متفق ہو گئے

اب حجاز کی طرف رخ کیا گیا حضرت معاویہؓ کی طرف سے امیر مکہ و مدینہ کو اس کام کیلئے مامور کیا گیا، مدینہ کا عامل مروان تھا، اس نے خطبہ دیا اور لوگوں سے کہا کہ امیر المومنین معاویہؓ ابوبکرؓ و عمرؓ کی سنت کے مطابق یہ چاہتے ہیں کہ اپنے بعد کے لئے یزید کی خلافت پر بیعت لی جائے، عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کھڑے ہوئے اور کہا کہ یہ غلط ہے یہ ابوبکرؓ و عمرؓ کی سنت نہیں بلکہ کسریٰ و قیصر کی سنت ہے، ابوبکرؓ و عمرؓ نے خلافت اپنی اولاد میں منتقل نہیں کی اور نہ اپنے کنبہ و رشتہ میں۔

حجاز کے عام مسلمانوں کی نظریں اہل بیت اطہار پر لگی ہوئی تھیں خصوصاً حضرت حسینؓ بن علیؓ پر جن کو وہ بجا طور پر حضرت معاویہؓ کے بعد مستحقِ خلافت سمجھتے تھے وہ اس میں حضرت حسینؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ، عبداللہ بن زبیرؓ، عبداللہ ابن عباسؓ کی رائے کے منتظر تھے کہ وہ کیا کرتے ہیں۔

www.e-iqra.com

ان حضرات کے سامنے اول تو کتاب وسنت کا یہ اصول تھا کہ خلافتِ اسلامیہ خلافتِ نبوت ہے اس میں وراثت کا کچھ کام نہیں کہ باپ کے بعد بیٹا خلیفہ ہو، بلکہ ضروری ہے کہ آزادانہ انتخاب سے خلیفہ کا تقرر کیا جائے۔ دوسرے ان کی نگاہ میں یزید کے ذاتی حالات بھی اس کی اجازت نہ دیتے تھے کہ اس کو تمام ممالک اسلامیہ کا خلیفہ مان لیا جائے ان حضرات نے اس تجویز کی مخالفت کی اور ان میں سے اکثر آخر دم تک مخالفت پر ہی رہے۔ اسی حق گوئی اور حمایت حق کے نتیجہ میں مکہ و مدینہ میں دارورسن اور کوفہ و کربلا میں قتلِ عام کے واقعات پیش آئے۔

## حضرت معاویہؓ مدینہ میں

حضرت معاویہؓ نے خود ۵۱ھ میں حجاز کا سفر کیا، مدینہ طیبہ تشریف لائے۔ ان سب حضرات سے نرم وگرم گفتگو ہوئی، سب نے کھلے طور پر مخالفت کی۔

### ام المومنین حضرت عائشہ سے شکایت اور انکی نصیحت:

امیر معاویہؓ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے یہ شکایت کی کہ یہ حضرات میری مخالفت کرتے ہیں، ام المومنینؓ نے ان کو نصیحت کی کہ میں نے سنا ہے کہ آپ ان پر جبر کرتے ہیں اور قتل کی دھمکی دیتے ہیں، آپ کو ہرگز ایسا نہ کرنا چاہئے۔ حضرت معاویہؓ

www.e-iqra.com

نے فرمایا کہ یہ غلط ہے، وہ حضرات میرے نزدیک واجب الاحترام ہیں، میں ایسا نہیں کرسکتا، لیکن بات یہ ہے کہ شام وعراق اور عام اسلامی شہروں کے باشندے یزید کی بیعت پر متفق ہوچکے ہیں، بیعت خلافت مکمل ہوچکی ہے، اب یہ چند حضرات مخالفت کررہے ہیں۔ اب آپ ہی بتلائیے کہ مسلمانوں کا کلمہ ایک شخص پر متفق ہوچکا ہے اور ایک بیعت مکمل ہوچکی ہے کیا میں اس بیعت کو مکمل ہونے کے بعد توڑ دوں!

ام المومنینؓ نے فرمایا یہ تو آپ کی رائے ہے، آپ جانیں لیکن میں یہ کہتی ہوں کہ ان حضرات پر تشدد نہ کیجئے، احترام ورفق کے ساتھ ان سے گفتگو کیجئے حضرت معاویہؓ نے ان سے وعدہ کیا کہ میں ایسا ہی کروں گا (ابن کثیر)

حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ حضرت معاویہؓ کے قیام مدینہ کے زمانہ میں یہ محسوس کرتے تھے کہ ہمیں مجبور کیا جائے گا، اس لیے مع اہل و عیال مکہ مکرمہ پہنچ گئے، عبداللہ بن عمرؓ اور عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ حج کے لئے مکہ تشریف لے گئے۔

## حضرت معاویہؓ مکہ میں

مدینہ کے بعد حضرت معاویہؓ حج کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لائے یہاں اول حضرت عبداللہ بن عمر کو بلایا اور فرمایا۔

"اے ابن عمر! تم مجھ سے کہا کرتے تھے کہ مجھے ایک رات ایسی

www.e-iqra.com

گزارنا پسند نہیں جس میں میرا کوئی امیر نہ ہو، میں نے اس امر کے پیش نظر اپنے بعد کے لئے یزید کی خلافت پر بیعت لے لی ہے کہ میرے بعد مسلمانوں میں افراتفری نہ پھیلے، سب مسلمان اس پر متفق ہو گئے، تعجب ہے کہ آپ اختلاف کرتے ہیں، میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ مسلمانوں کے جمع شدہ نظم کو مختل نہ کریں اور فساد نہ پھیلائیں۔

## حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے حمد وثنا کے بعد فرمایا کہ:

آپ سے پہلے بھی خلفاء تھے اور ان کے بھی اولاد تھی، آپ کا بیٹا کچھ ان کے بیٹوں سے بہتر نہیں ہے، مگر انہوں نے اپنے بیٹوں کے لئے وہ رائے قائم نہیں کی جو آپ اپنے بیٹے کیلئے کر رہے ہیں بلکہ انہوں نے مسلمانوں کے اجتماعی مفاد کو سامنے رکھا۔

آپ مجھے تفریق ملت سے ڈراتے ہیں، سو آپ یاد رکھیں کہ میں تفرقہ بین المسلمین کا سبب ہرگز نہ بنوں گا، میں مسلمانوں کا ایک فرد ہوں۔ اگر سب مسلمان کسی راہ پر پڑ گئے تو میں بھی ان میں شامل رہوں گا، (تاریخ الخلفاء للسیوطی)

اس کے بعد عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ سے اس معاملہ میں گفتگو فرمائی، انہوں نے شدت سے انکار کیا کہ میں کبھی اس کو قبول نہیں کروں گا۔

پھر عبداللہ بن زبیرؓ کو بلا کر خطاب کیا، انہوں نے بھی ایسا ہی جواب دیا۔

www.e-iqra.com

## اجتماعی طور پر معاویہؓ کو صحیح مشورہ:

اس کے بعد حضرت حسینؓ بن علیؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ خود جا کر حضرت معاویہؓ سے ملے، اور ان سے کہا کہ آپ کے لئے یہ کسی طرح مناسب نہیں ہے کہ آپ اپنے بیٹے یزید کے لیے بیعت پر اصرار کریں ہم آپ کے سامنے تین صورتیں رکھتے ہیں جو آپ کے پیشروؤں کی سنت ہے۔

ا۔ آپ وہ کام کریں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کہ اپنے بعد کیلئے کسی کو متعین نہیں فرمایا، بلکہ مسلمانوں کی رائے عامہ پر چھوڑ دیا۔

۲۔ یا وہ کام کریں جو ابو بکرؓ نے کیا کہ ایک ایسے شخص کا نام پیش کیا جو نہ ان کے خاندان کا ہے، نہ ان کا کوئی قریبی رشتہ دار ہے اور اس کی اہلیت پر بھی سب مسلمان متفق ہیں۔

۳۔ یا وہ صورت اختیار کریں جو حضرت عمرؓ نے کی کہ اپنے بعد کا معاملہ چھ آدمیوں پر دائر کر دیا۔

اس کے سوا ہم کوئی چوتھی صورت نہیں سمجھتے، نہ قبول کرنے کیلئے تیار ہیں، مگر حضرت معاویہؓ کو اپنی اس رائے پر اصرار رہا کہ اب تو یزید کے ہاتھ پر بیعت مکمل ہو چکی ہے، اس کی مخالفت آپ لوگوں کو جائز نہیں ہے۔

## سادات اہل حجاز کا بیعت یزید سے انکار:

حضرت امیر معاویہؓ کی زندگی میں تو یہ معاملہ یہیں تک رہا کہ شام و عراق کے تو عام لوگوں نے یزید کی بیعت کو قبول کر لیا اور دوسرے حضرات

www.e-iqra.com

نے جب یہ دیکھا کہ یزید پر مسلمانوں کی بڑی تعداد مجتمع ہوگئی، تو بحالت مجبوری انہوں نے بھی مسلمانوں کو انتشار اور تفرقہ سے بچانے کے لئے اس کی بیعت قبول کرلی، مگر اہل مدینہ اور خصوصاً حضرت حسینؓ حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ بیعت یزید سے انکار پر ثابت قدم رہے اور کسی کی پروا کیے بغیر حق بات کا اعلان کرتے رہے کہ یزید ہرگز اس قابل نہیں کہ اس کو خلیفۃ المسلمین بنایا جائے، یہاں تک کہ حضرت معاویہؓ کی وفات ہوگئی، اور یزید بن معاویہؓ نے ان کی جگہ لے لی۔

## حضرت معاویہؓ کی وفات اور وصیت:

وفات سے پہلے حضرت معاویہؓ نے یزید کو کچھ وصیتیں فرمائیں، ان میں ایک یہ بھی تھی کہ میرا اندازہ یہ ہے کہ اہلِ عراق حسینؓ کو تمہارے مقابلہ پر آمادہ کردیں گے، اگر ایسا ہو اور مقابلہ میں تم کامیاب ہو جاؤ تو ان سے درگزر کرنا، اور ان کی قرابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پورا احترام کرنا، ان کا سب مسلمانوں پر بڑا حق ہے (تاریخ کامل ابن اثیر، صفحہ ۱ جلد ۴)

# یزید کا خط ولید کے نام

یزید نے تختِ خلافت پر آتے ہی والی مدینہ ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کو خط لکھا کہ حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن زبیرؓ کو بیعتِ خلافت پر مجبور کرے، اور ان کو اس معاملہ میں مہلت نہ دے، ولید کے پاس

www.e-iqra.com

جب یہ خط پہنچا تو فکر میں پڑ گیا کہ اس حکم کی تعمیل کس طرح کرے، مروان بن حکم جوان سے پہلے والی مدینہ رہ چکا تھا اس کو مشورہ کیلئے بلایا، اس نے مشورہ دیا کہ ابھی تک حضرت امیر معاویہؓ کی وفات کی خبر مدینہ میں شائع نہیں ہوئی، مناسب یہ ہے کہ ان لوگوں کو فوراً بلالیا جائے، اگر وہ یزید کیلئے بیعت کرلیں تو مقصد حاصل ہے، ورنہ سب کو وہیں قتل کردیا جائے،

ولید نے اسی وقت عبداللہ بن عمرو بن عثمان کو حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ کے پاس بلانے کیلئے بھیجا، اس نے ان دونوں حضرات کو مسجد میں پایا اور امیر مدینہ ولید کا حکم پہنچا دیا، دونوں نے کہا تم جاؤ ہم آتے ہیں، اس کے جانے کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے حضرت حسینؓ سے کہا کہ یہ وقت امیر کی مجلس کا نہیں ہے، اس وقت ہمیں بلانے میں کوئی خاص راز ہے، حضرت حسینؓ اپنی ذکاوت سے پوری بات سمجھ گئے تھے، فرمایا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ معاویہؓ کا انتقال ہوگیا ہے اور اب وہ چاہتے ہیں کہ لوگوں میں ان کے انتقال کی خبر مشہور ہونے سے پہلے وہ ہمیں یزید کی بیعت پر مجبور کریں، عبداللہ بن زبیرؓ نے بھی ان کی رائے سے اتفاق کیا اور کہا کہ پھر اب کیا رائے ہے؟ حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ میں جا کر اپنے نوجوانوں کو جمع کرلیتا ہوں اور پھر ان کو ساتھ لے کر ولید کے پاس پہنچتا ہوں میں اندر جاؤں گا اور نوجوانوں کو دروازہ پر چھوڑ جاؤں گا کہ کوئی ضرورت پڑے تو میں ان کی امداد حاصل کرسکوں، اس قرارداد کے مطابق حضرت حسینؓ ولید کے پاس

www.e-iqra.com

پہنچے، وہاں مروان بھی موجود تھا، حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے سلام کے بعد اول تو ولید اور مروان کو نصیحت کی کہ تم دونوں میں پہلے کشید گی تھی، اب میں آپ دونوں کو مجتمع دیکھ کر خوش ہوا، اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ دونوں کے تعلقات خوشگوار رکھے، اس کے بعد ولید نے یزید کا خط حضرت حسینؓ کے سامنے رکھ دیا، جس میں حضرت معاویہؓ کی وفات کی خبر اور اپنی بیعت کا تقاضا تھا، حضرت حسینؓ نے معاویہؓ کی وفات پر اظہار غم وافسوس کیا اور بیعت کے متعلق یہ فرمایا کہ میرے جیسے آدمی کیلئے یہ مناسب نہیں کہ خلوت میں پوشیدہ طور پر بیعت کرلوں، مناسب یہ ہے کہ آپ سب کو جمع کریں اور بیعت خلافت کا معاملہ سب کے سامنے رکھیں، اس وقت میں حاضر ہوں گا، جو کچھ ہوگا سب کے سامنے ہو جائے گا، ولید ایک عافیت پسند انسان تھا، اس بات کو قبول کر کے حضرت حسینؓ کو واپسی کی اجازت دے دی، مگر مروان نے ان کے سامنے ہی کہا کہ اگر حسینؓ اس وقت تمہارے ہاتھ سے نکل گئے تو پھر کبھی تمہیں ان پر قدرت نہ ہوگی، میرا خیال یہ ہے کہ آپ ان کو روک لیں اور جب تک بیعت نہ کریں جانے نہ دیں، ورنہ قتل کردیں، حضرت حسینؓ نے مروان کو سخت جواب دیا کہ تو کون ہوتا ہے جو ہمیں قتل کرائے اور فرما کر وہاں سے نکل آئے۔

مروان نے ولید کو ملامت کی کہ تو نے موقع ضائع کر دیا، ولید نے کہا کہ خدا کی قسم مجھے ساری دنیا کی سلطنت اور دولت بھی اگر اس کے

www.e-iqra.com

بدلے میں ملے کہ میں حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کروں تو میں اس کے لئے تیار نہیں قیامت کے روز حسین کے خون کا مطالبہ جس کی گردن پر ہو وہ نجات نہیں پا سکتا۔

## حضرت حسین اور حضرت زبیرؓ مکہ چلے گئے:

حضرت عبداللہ بن زبیرؓ اپنے بھائی جعفرؓ کو ساتھ لے کر راتوں رات مدینہ سے نکل گئے، جب وہ تلاش کرنے پر ہاتھ نہ آئے تو حضرت حسینؓ کا تعاقب کیا، حضرت حسینؓ نے بھی یہی صورت اختیار کی کہ اپنی اولاد اور متعلقین کو لے کر مدینہ سے نکل گئے اور دونوں مکہ مکرمہ پہنچ کر پناہ گزین ہو گئے، یزید کو جب اس واقعہ کی اطلاع ملی تو ولید بن عتبہ کی سستی پر محمول کر کے ان کو معزول کر دیا ان کی جگہ عمرو بن سعید اشدق کو امیر مدینہ بنایا، اور ان کی پولیس کا افسر حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے بھائی عمرو کو بنایا، کیونکہ اس کو معلوم تھا کہ ان دونوں بھائیوں میں شدید اختلاف ہے عمرو بن زبیر عبداللہ بن زبیرؓ کی گرفتاری میں کوتاہی نہ کرے گا

## گرفتاری کیلئے فوج کی روانگی

عمرو بن زبیر نے پہلے تو رؤساء مدینہ میں جو لوگ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے حامی تھے ان سب کو بلا کر سخت تشدد کیا اور مار پیٹ کے ذریعہ ان پر رعب جمانا چاہا اس کے بعد بمشورہ عمرو بن سعید دو ہزار جوانوں کا لشکر لے

www.e-iqra.com

کر حضرت حسینؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی گرفتاری کیلئے مکہ مکرمہ روانہ ہوا، ابو شریح خزاعی نے عمرو بن سعید کو اس حرکت سے روکا کہ مکہ مکرمہ میں قتل و قتال جائز نہیں، جو لوگ حرم مکہ میں پناہ گزین ہیں ان کو گرفتاری کیلئے بھیجنا خدائے تعالیٰ کی حدود کو توڑنا ہے، مگر عمرو بن سعید نے انکی بات نہ مانی اور حدیث میں تاویلیں کرنے لگا (صحیح بخاری) عمرو بن زبیر دو ہزار کا لشکر لے کر روانہ ہو گیا اور مکہ سے باہر قیام کر کے اپنے بھائی عبداللہ بن زبیرؓ کے پاس آدمی بھیجے کہ مجھے یزید کا یہ حکم ہے کہ تمہیں گرفتار کروں، میں مناسب نہیں سمجھتا کہ مکہ مکرمہ کے اندر قتال ہو، اس لیے تم خود کو میرے حوالے کر دو عبداللہ بن زبیرؓ نے اپنے چند نوجوانوں کو اس کے مقابلہ کے لئے بھیجدیا۔ جنہوں نے اس کو شکست دی اور عمرو بن زبیرؓ نے ابن علقمہ کے گھر میں پناہ لی، دوسری طرف جب حضرت حسینؓ مدینہ سے نکلے تو راستہ میں عبداللہ بن مطیع ملے، دریافت کیا کہ آپ کہاں جاتے ہیں، فرمایا اس وقت تو مکہ مکرمہ کا قصد ہے، اس کے بعد میں استخارہ کروں گا کہ کہاں جاؤں، عبداللہ بن مطیع نے کہا کہ میں ایک خیر خواہانہ مشورہ دیتا ہوں کہ آپ مکہ ہی میں رہیں، خدا کے لیے آپ کوفہ کا رخ نہ کریں وہ بڑا منحوس شہر ہے۔ اس میں آپ کے والد ماجد قتل کیے گئے اور آپ کے بھائی کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا، حضرت حسینؓ مکہ میں پہنچ کر مقیم ہو گئے اور اطراف کے مسلمان ان کی خدمت میں آنے جانے لگے۔

www.e-iqra.com

# اہلِ کوفہ کے خطوط

ادھر جب اہل کوفہ کو حضرت معاویہؓ کی وفات کی خبر ملی اور یہ کہ حضرت حسینؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ نے بیعتِ یزید سے انکار کر دیا تو کچھ حضرات شیعہ سلیمان بن صرد خزاعی کے مکان پر جمع ہوئے اور حضرت حسینؓ کو خط لکھا کہ ہم بھی یزید کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے لئے تیار نہیں، آپ فوراً کوفہ آ جایئے، ہم سب آپ کے ہاتھ پر بیعت کریں گے، یزید کی طرف سے کوفہ کے امیر جو حضرت نعمان بن بشیرؓ ہیں ان کو یہاں سے نکال دیں گے۔

اس کے دو روز بعد اسی مضمون کا ایک اور خط لکھا اور دوسرے خطوط حضرت حسینؓ کے پاس بھیجے جس میں یزید کی شکایات اور اس کے خلاف اپنی نصرت و تعاون اور حضرت حسینؓ کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا یقین دلایا گیا اور چند وفود بھی حضرت حسینؓ کے پاس پہنچے، حضرت حسینؓ وفود اور خطوط سے متاثر ہوئے، مگر حکمت و دانشمندی سے یہ کیا کہ بجائے خود جانے کے اپنے چچازاد بھائی مسلم بن عقیل کو کوفہ روانہ کیا اور ان کے ہاتھ یہ خط لکھ بھیجا کہ:

''بعد سلام مسنون، مجھے آپ لوگوں کے خط ملے اور حالات کا اندازہ ہوا، میں اپنے معتمد چچازاد بھائی مسلم بن عقیل کو تمہارے پاس بھیجتا ہوں تاکہ وہ حالات کا جائزہ لے کر مجھے خط لکھے، اگر وہ حالات کی تحقیق کرنے

www.e-iqra.com

کے بعد مجھے خط لکھیں گے تو میں فوراً کوفہ پہنچ جاؤں گا۔

مسلم بن عقیل کوفہ جانے سے پہلے مدینہ طیبہ پہنچے اور مسجد نبویؐ میں نماز ادا کی، اور اپنے اہل وعیال سے رخصت ہوئے، کوفہ پہنچ کر مختار کے گھر میں مقیم ہوئے، یہاں کے حضرات ان کے پاس آنے جانے لگے، جب کوئی نیا آدمی آتا تو مسلم بن عقیل اس کو حضرت حسینؓ کا خط پڑھ کر سناتے تھے جس کو سن کر سب پر گریہ طاری ہو جاتا تھا۔

مسلم بن عقیل نے چندروز کے قیام سے یہ اندازہ لگالیا کہ یہاں کے عام مسلمان یزید کی بیعت سے متنفر اور حضرت امام حسینؓ کی بیعت کے لئے بے چین ہیں، آپ نے یہ دیکھ کر حضرت حسینؓ کے لئے بیعتِ خلافت لینی شروع کردی، چندروز میں صرف کوفہ سے اٹھارہ ہزار مسلمانوں نے حضرت حسینؓ کے لئے بیعت کرلی اور یہ سلسلہ روز بروز بڑھتا جارہا تھا۔

## مسلم بن عقیل نے حضرت حسین کو کوفہ کے لئے دعوت دیدی

اس وقت مسلم بن عقیل کو یہ اطمینان ہوگیا کہ حضرت حسینؓ تشریف لائیں تو بیشک پورا عراق ان کی بیعت میں آجائے گا، حجاز کے لوگ ان کے پہلے ہی تابع اور دل دادہ ہیں، اس لئے ملتِ اسلام کے سر سے بآسانی یزید کی مصیبت ٹل جائے گی اور ایک صحیح معیاری خلافت قائم ہو جائے گی، انہوں نے ہدایت کے موافق حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو کوفہ

www.e-iqra.com

آنے کی دعوت دے دی۔ (کامل ابن اثیر)

# حالات میں انقلاب

مگر یہ خط لکھنے کے بعد بحکم قضاء قدر اس طرف حالات بدلنا شروع ہو گئے یزید کی طرف سے نعمان بن بشیر کوفہ کے حاکم تھے، ان کو جب یہ اطلاع ملی کہ مسلم بن عقیل حضرت حسینؓ کیلئے بیعتِ خلافت لے رہے ہیں لوگوں کو جمع کر کے ایک خطبہ دیا جس میں کہا کہ

''ہم کسی سے لڑنے کے لئے تیار نہیں اور نہ محض شبہ یا تہمت پر کسی کو پکڑتے ہیں، لیکن اگر تم نے سرکشی اختیار کی اور اپنے امام (یزید) کی بیعت توڑی تو قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ میں تلوار سے تم لوگوں کو سیدھا کر دوں گا، جب تک تلوار کا دستہ میرے ہاتھ میں قائم رہے گا'' (کامل ابن اثیر، ص۹ ج۴)

عبداللہ بن مسلم بن سعید حضرمی جو بنی امیہ کا حلیف تھا، یہ خطبہ سن کر کھڑا ہوا اور بولا کہ جو حالات آپ کے سامنے ہیں ان کی اصلاح بغیر تشدد کے نہیں ہو سکتی، اور جو رائے آپ نے اختیار کی ہے یہ کمزور اور بزدلوں کی رائے ہے، نعمان بن بشیر نے جواب دیا کہ:

''میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں کمزور بُزدل سمجھا جاؤں یہ میرے نزدیک اس سے بہتر ہے کہ اس کی معصیت میں دلیر و بہادر

www.e-iqra.com

کہلاؤں'' (ابن اثیر)

یہ دیکھ کر خود عبداللہ بن مسلم نے براہ راست ایک خط یزید کو بھیج دیا جس میں مسلم بن عقیل کے آنے اور حضرت حسینؓ کے لئے بیعت لینے کا واقعہ ذکر کر کے لکھا کہ:

اگر تمہیں کوفہ کی کچھ ضرورت ہے اور اس کو اپنے قبضہ میں رکھنا چاہتے ہو تو یہاں کے لئے کسی قوی آدمی کو فوراً بھیجئے جو آپ کے احکام کو قوت کے ساتھ نافذ کر سکے، موجودہ حاکم نعمان بن بشیر یا تو کمزور ہیں، یا قصداً کمزوری کا معاملہ کر رہے ہیں۔''

اسی کے ساتھ ہی دوسرے لوگوں نے بھی اسی مضمون کے خط یزید کو لکھے جن میں عمارہ بن الولید اور عمرو بن سعد بن ابی وقاصؓ وغیرہ شامل تھے، یزید کے پاس یہ خطوط پہنچے تو اپنے والد حضرت معاویہؓ کے مشیر خاص سرجون کو بلا کر مشورہ کیا کہ کوفہ کی حکومت کس کو سپرد کرے، اس کی رائے یہ ہوئی کہ عبید اللہ بن زیاد کو کوفہ کا عامل بنایا جائے، لیکن یزید کے تعلقات اس کے ساتھ اچھے نہ تھے، اس لیے سرجون نے کہا کہ میں آپ سے ایک بات پوچھتا ہوں کہ اگر آج حضرت معاویہؓ زندہ ہو جائیں اور وہ آپ کو کوئی مشورہ دیں تو آپ قبول کریں گے؟ یزید نے کہا بے شک، اس وقت سرجون نے حضرت امیر معاویہؓ کا ایک فرمان نکالا، جس میں کوفہ کی امارت پر عبید اللہ بن زیاد کو مقرر کیا گیا تھا۔

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

## کوفہ پر ابن زیاد کا تقرر، مسلم بن عقیل کے قتل کا حکم:

یزید نے اس کے مشورے کو قبول کر کے عبید اللہ بن زیاد کو کوفہ اور بصرہ دونوں کا حاکم بنا دیا، اور اس کو ایک خط لکھا کہ فوراً کوفہ پہنچ کر مسلم بن عقیل کو گرفتار کرے اور قتل کر دے، یا کوفہ سے نکال دے، ابن زیاد کو یہ خط ملا تو فوراً کوفہ جانے کا عزم کر لیا۔

## حضرت حسین کا خط اہلِ بصرہ کے نام

ادھر ایک واقعہ یہ پیش آیا کہ حضرت حسین کا ایک خط اشراف اہل بصرہ کے نام پہنچا، جس کا مضمون یہ تھا۔

> ''آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مٹ رہی ہے، اور بدعات پھیلائی جا رہی ہیں، میں تمہیں دعوت دیتا ہوں کہ کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہؐ کی حفاظت کرو اور اس کے احکام کی تنفیذ کے لئے کوشش کرو''
>
> ( کامل ابن اثیر، ص ۹ ج ۴ )

یہ خط خفیہ بھیجا گیا تھا، اور تو سب نے اس خط کو راز میں رکھا، لیکن منذر بن جارود کو یہ خیال ہوا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ خط لانے والا خود ابن زیاد کا جاسوس ہو، اس لیے اس نے یہ خط ابن زیاد کو پہنچا دیا، اور جو شخص یہ خط لے کر آیا تھا اس کو بھی ابن زیاد کے سامنے پیش کر دیا، ابن زیاد نے اس قاصد کو قتل کر ڈالا، اور اس کے بعد اہل بصرہ کو جمع کر کے ایک خطبہ دیا جس

میں کہا کہ:

’’جو شخص میری مخالفت کرے میں اس کے لئے ایک عذاب الیم ہوں اور جو موافقت کرے اس کے لئے راحت ہوں، مجھے امیر المومنین نے کوفہ جانے کا حکم دیا ہے، میں صبح وہاں جا رہا ہوں، اور اپنے بھائی عثمان بن زیاد کو بصرہ میں اپنا قائم مقام بناتا ہوں میں تمہیں متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ اس کے حکم کی مخالفت کا دھیان کبھی دل میں نہ لانا، اور اگر مجھے کسی شخص کے متعلق خلاف کی خبر ملی تو میں اس کو بھی قتل کر دوں گا اور اس کے ولی کو بھی اور اس کے خاندان کے عریف (لیڈر) کو بھی، تم مجھے جانتے ہو کہ میں ابن زیاد ہوں‘‘ (کامل ابن اثیر)

# ابنِ زیاد کوفہ میں

اس کے بعد ابن زیاد اپنے ساتھ مسلم بن عمر باہلی اور شریک ابن عور کو ساتھ لے کر کوفہ کی طرف روانہ ہو گیا، کوفہ کے لوگ پہلے سے حضرت حسینؓ کی آمد آمد کے منتظر تھے، اور ان میں بہت سے لوگ حضرت حسینؓ کو پہچانتے بھی نہ تھے، جب ابن زیاد کوفہ میں پہنچا تو ان لوگوں نے سمجھا کہ یہی حسینؓ ہیں، وہ جس مجلس سے گزرتا سب یہ کہہ کر اس کا استقبال کرتے تھے کہ مرحبا بک یا ابن رسول اللہ۔

ابن زیاد یہ منظر خاموشی کے ساتھ دیکھ رہا تھا، اور دل میں کڑھتا تھا، کہ کوفہ پر تو حضرت حسینؓ کا پورا تسلط ہو چکا ہے،

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

اب پورے شہر کوفہ میں حضرت حسینؓ کے آنے کی خبر مشہور ہو گئی، لوگ جوق در جوق زیارت کے لئے آنے لگے، ادھر نعمان بن بشیر والی کوفہ کو یہ خبر ملی تو باوجود یزید کا ملازم ہونے کے اہل بیت کا احترام دل میں رکھتے تھے، اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے بیٹھ گئے، ابن زیاد ان کے دروازے پر پہنچا، لوگوں کا ایک ہجوم اس کو حضرت حسینؓ سمجھ کر ساتھ تھا، جن کا شور و شغب اور ہنگامہ نعمان ابن بشیر نے اندر سے سنا تو وہیں سے آواز دی کہ:

''جو امانت یعنی ولایت کوفہ میرے سپرد ہے وہ آپ کے حوالہ نہ کروں گا، اس کے علاوہ میں آپ سے لڑنا نہیں چاہتا''

ابن زیاد خاموشی کے ساتھ یہ سب مظاہرے اور والی کوفہ کا معاملہ دیکھ رہا ہے اب اس نے دروازہ کے قریب پہنچ کر نعمان کو آواز دی کہ دروازہ کھولو، میں ابن زیاد ہوں، یزید کی طرف سے مامور ہو کر آیا ہوں، اس وقت دروازہ کھولا گیا اور اندر جانے کے بعد پھر بند کر لیا گیا۔

## کوفہ میں ابنِ زیاد کی پہلی تقریر

اگلے روز صبح ہی ابن زیاد نے اہل کوفہ کو جمع کر کے ایک تقریر کی، جس میں کہا کہ امیر المومنین نے مجھے تمہارے شہر کا حاکم بنایا ہے اور یہ حکم دیا ہے کہ تم میں جو شخص مظلوم ہو اس کے ساتھ انصاف کیا جائے، اور جو اپنے حق سے محروم کر دیا گیا ہے اس کو اس کا حق دیا جائے اور جو شخص اطاعت اور فرمانبرداری کرے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے، اور جو سرکشی اور

نافرمانی کرے یا جس کی حالت اس معاملہ میں مشتبہ ہو اس پر تشدد کیا جائے، خوب سمجھ لو کہ میں امیر المومنین کا تابع فرمان رہ کر ان کے احکام کو ضرور نافذ کروں گا، میں نیک چلن لوگوں کے لئے مہربان باپ اور اطاعت کرنے والوں کیلئے حقیقی بھائی ہوں، اور میرا کوڑا اور میری تلوار صرف ان لوگوں کیلئے ہے جو میری اطاعت سے بغاوت کریں اور میرے احکام کی مخالفت کریں، اب آپ لوگ اپنی جانوں پر رحم کھائیں اور بغاوت سے باز آئیں۔

اس کے بعد شہر کے تمام عرفاء نمائندوں اور لیڈروں کو خطاب کر کے حکم دیا کہ تمہارے شہر میں جتنے آدمی باہر کے پردیسی ٹھہرے ہوئے ہیں یا یزید کے مخالف ہیں ان سب کی تفصیلات فوراً میرے پاس پہنچا دو جو شخص ایسے لوگوں کو رپورٹ ہمیں دیدے گا وہ بری سمجھا جائے گا اور جو نہ دے گا وہ اپنے پورے حلقۂ اثر کا ضامن و ذمہ دار ہوگا کہ اس میں کوئی شخص بھی ہماری مخالفت نہ کرے گا، اور جو ایسا نہ کرے گا اس سے ہمارا ذمہ بری ہے ہم اس کو قتل کر دیں گے اور جس شخص کے حلقۂ اثر میں خلیفہ وقت یزید کا کوئی مخالف پایا جائے گا اس کو اسی کے دروازے پر سولی پر چڑھا دیا جائے گا اور اس کا حقِ نمائندگی سلب کر لیا جائیگا۔

## مسلم بن عقیل کے تاثرات

ادھر مسلم بن عقیل جو مختار ابن ابی عبید کے گھر میں مقیم تھے، اور حضرت

www.e-iqra.com

حسینؓ کے لئے بیعتِ خلافت لے رہے تھے، ان کو جب ابن زیاد کی اس تقریر کا علم ہوا تو یہ خطرہ ہوا کہ اب ان کی مخبری کردی جائے گی اس لئے مختار کا گھر چھوڑ کر ہانی ابن عروہ مرادی کے مکان پر گئے، دروازہ پر پہنچ کر ہانی ابن عروہ کو بلایا، وہ باہر آئے اور مسلم بن عقیل کو اپنے دروازے پر دیکھ کر پریشان ہوگئے مسلم نے کہا کہ میں تمہارے پاس پناہ لینے کے لئے آیا ہوں، ہانی ابن عروہ نے جواب دیا کہ آپ مجھ پر بڑی مصیبت ڈال رہے ہیں اور اگر آپ میرے گھر کے اندر نہ آگئے ہوتے تو میں یہی پسند کرتا کہ آپ لوٹ جائیں، مگر اب کہ آپ داخل ہو چکے ہیں میں اپنی ذمہ داری محسوس کرتا ہوں، اچھا آجایئے مسلم ان کے مکان میں روپوش ہوگئے، کوفہ کے مسلمان ان کی خدمت میں خفیہ آتے جاتے رہے۔

## مسلم کی گرفتاری کیلئے ابن زیاد کی چالاکی!

ادھر ابن زیاد نے اپنے ایک خاص دوست کو بلا کر تین ہزار درہم دیئے اور اس کام پر مامور کیا کہ مسلم بن عقیل کا پتہ لگائے، یہ شخص مسجد میں مسلم بن عوسجہ اسدی کے پاس پہنچا جن کے متعلق کچھ لوگوں سے سنا تھا کہ وہ مسلم ابن عقیلؓ کے رازدار ہیں، وہ جب نماز سے فارغ ہوئے تو اس شخص نے علیحدہ لیجا کر ان سے کہا کہ میں شام کا باشندہ ہوں، اللہ تعالیٰ نے مجھ پر انعام فرمایا ہے کہ مجھے اہل بیت نبی کریم ﷺ کی محبت عطا فرمائی، یہ تین ہزار درہم میں اس لیے لایا ہوں کہ اس شخص کے سپرد کردوں جو حضرت حسینؓ

www.e-iqra.com

کے لئے بیعت لے رہا ہے، مجھے لوگوں سے یہ پتہ چلا ہے کہ آپ کو اس شخص کا علم ہے، اس لئے یہ روپیہ آپ مجھ سے لے لیں، اور مجھے وہاں پہنچا دیں تا کہ میں بھی ان کے ہاتھ پر بیعت کرلوں، اور اگر آپ چاہیں تو مجھ سے آپ ہی ان کے لئے بیعت لے لیجئے۔ مسلم بن عوسجہ نے کہا کہ مجھے آپ کی ملاقات سے خوشی ہوئی آپ کی مراد انشاءاللہ پوری ہوگی، اور شاید اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعہ اہل بیت اطہار کی مدد فرمائے، مگر مجھے اس سے بڑا خطرہ ہوگیا کہ لوگوں میں میرا نام ابھی سے مشہور ہوگیا، بہر حال مسلم بن عوسجہ نے اس شخص سے حلف اور عہد لیا کہ راز فاش نہ کرے گا، یہ شخص چند روز تک ان کے پاس انتظار میں آتا جاتا رہا کہ وہ اس کو مسلم بن عقیل سے ملا دیں گے۔

www.e-iqra.com

## ابنِ زیاد۔ ہانی بن عروہ کے گھر میں

اتفاقاً ہانی بن عروہ جن کے گھر میں مسلم بن عقیل روپوش تھے، بیمار ہو گئے، ابن زیاد بیمار کی خبر پا کر عیادت کیلئے ان کے گھر پہنچا، اس وقت عمارہ بن عبد سلولی نے ان سے کہا کہ یہ موقع غنیمت ہے، اس وقت دشمن (ابن زیاد) تمہارے قابو میں ہے قتل کرادو، ہانی ابن عروہ نے کہا کہ شرافت کے خلاف ہے کہ اس کو اپنے گھر میں قتل کروں، یہ موقع نکل گیا۔

مگر اتفاقاً ایسا ہی ایک اور موقع پیش آیا کہ شریک ابن اعور جو کہ ابن زیاد کے ساتھ کوفہ میں آیا تھا مگر اہل بیت سے محبت رکھنے کے سبب ابن زیاد

سے جدا ہو کر ہانی بن عروہ کا مہمان اور ہمراز ہو گیا تھا یہ بیمار پڑا تو پھر ابن زیاد نے خبر بھیجی کہ آج شام کو میں شریک ابن عور کی عیادت کیلئے آؤں گا۔

## مسلم بن عقیل کی انتہائی شرافت اور اتباعِ سنت

شریک ابن اعور نے بھی اس موقع کو غنیمت جان کر مسلم ابن عقیل سے کہا یہ فاجر آج شام کو میری عیادت کیلئے آنے والا ہے، جب یہ آ کر بیٹھے تو آپ یکبارگی اس پر حملہ کر کے قتل کر دیں، پھر آپ مطمئن ہو کر قصر امارت میں بیٹھیں، اگر میں تندرست ہو گیا تو بصرہ پہنچ کر وہاں کا انتظام میں آپ کے حق میں درست کر دوں گا۔

شام ہوئی اور ابن زیاد کے آنے کا وقت ہوا تو مسلم بن عقیل اندر جانے لگے، اس وقت شریک نے ان سے کہا کہ آج موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دینا، جب وہ بیٹھ جائے تو فوراً قتل کر دینا، مگر اس وقت بھی ان کے میزبان ہانی بن عروہ نے کہا کہ مجھے یہ پسند نہیں کہ وہ میرے گھر میں مارا جائے۔

یہاں تک کہ ابن زیاد آ گیا اور شریک کی مزاج پرسی شروع کی، شریک نے قصداً بات کو طول دیا، اور جب دیکھا کہ مسلم بن عقیل باہر نہیں آتے تو ایک شعر پڑھا مَا تَنْتَظِرُوْنَ سَلْمٰی لَا تُحَیُّوْنَا (تم سلمٰی کے متعلق کیا انتظار کرتے ہو اس کو سلام کیوں نہیں کرتے) اور بار بار یہ شعر پڑھنے لگے، ابن زیاد نے سمجھا کہ بیماری کی وجہ سے حواس میں اختلال ہے

www.e-iqra.com

کہ بے جوڑ باتیں کررہے ہیں، ہانی بن عروہ سے پوچھا، انہوں نے کہا جی ہاں اس بیماری میں ان کا یہی حال ہے کبھی کبھی ہزیان کی باتیں کرنے لگتے ہیں، ابن زیاد کے ساتھ مہران بھی آیا تھا، وہ تاڑ گیا، اور ابن زیاد کو اشارہ کیا یہ فوراً وہاں سے اُٹھ گیا۔ اس کے جانے کے بعد مسلم بن عقیلؓ باہر آئے تو شریک نے پوچھا آپ نے یہ موقع کیوں گنوا دیا، اور اس شخص کے قتل کے لئے آپ کے لئے کیا مانع تھا، مسلم بن عقیل نے فرمایا دو خصلتیں مانع ہوگئیں، اول تو یہ کہ میں جس شخص کے گھر میں مہمان ہوں اور پناہ گزین ہوں وہ اس کو پسند نہیں کرتے، دوسرے ایک حدیث جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مجھے سنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان حیلہ کے ساتھ اچانک قتل کرنے سے منع فرماتا ہے کسی مومن کو جائز نہیں کہ مومن کو حیلہ کرکے اچانک قتل کرے۔

www.e-iqra.com

# اہلِ حق اور اہلِ باطل میں فرق،

یہاں یہ بات قابلِ ملاحظہ ہے کہ مسلم بن عقیلؓ اپنی موت سامنے نظر آ رہی ہے اور نہ صرف اپنی موت بلکہ اپنے پورے خاندان اہل بیت کی موت اور اس کے ساتھ ایک صحیح اسلامی مقصد کی ناکامی دیکھ رہے ہیں اور جس شخص کے ہاتھوں یہ سب کچھ ہونے والا ہے وہ اس طرح ان کے قابو میں ہے کہ بیٹھے بیٹھے اسے ختم کرسکتے ہیں، مگر اہل حق اور خصوصاً اہل بیت اطہار کا جوہرِ شرافت اور تقاضائے اتباعِ سنت دیکھنے اور یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس

وقت بھی ان کا ہاتھ نہیں اٹھتا، یہی اہل حق کی علامت ہے کہ وہ اپنی ہر حرکت وسکون اور ہر قدم پر سب سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے نزدیک ہمارا یہ قدم صحیح ہے یا نہیں اور اگر کتاب وسنت سے یا تقاضائے شرافت سے ان کی اجازت نظر نہیں آتی تو اپنا سب کچھ قربان کرنے اور مقصد کو نظر انداز کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔

اس کے بعد شریک تو اسی بیماری میں تین روز کے بعد انتقال کر گئے، اب جس شخص کو ابن زیاد نے تین ہزار روپے دے کر مسلم بن عقیلؓ کے پیچھے لگایا تھا، وہ مسلم بن عوسجہ کے پاس برابر آمد ورفت رکھتا تھا، بالآخر ایک روز مسلم بن عوسجہ نے اس کو مسلم بن عقیلؓ سے ملا دیا، اس نے جا کر مسلم بن عقیلؓ کے ہاتھ پر حضرت حسینؓ کے لئے بیعت کی، اور تین ہزار درہم ان کو دیدیئے اور اب روزانہ ان کے پاس آنے جانے لگا اور اس راستہ مسلم بن عقیلؓ کی ہر نقل وحرکت اور تمام راز ابن زیاد کے پاس پہنچنے لگے۔

# ہانی بن عروہ کی گرفتاری

اب جب کہ ابن زیاد پر پوری طرح راز فاش ہو گیا اور معلوم ہو گیا کہ ہانی بن عروہ نے مسلم کو پناہ دے رکھی ہے تو اس کو ہانی کی فکر ہوئی، لوگوں سے کہا کہ یہ کیا بات ہے کہ بہت دنوں سے ہانی بن عروہ ہم سے نہیں ملے، لوگوں نے بیماری کا عذر بتایا، مگر اس کو تو گھر کے بھیدی نے سب کچھ بتا رکھا تھا، اس نے کہا نہیں ایسا نہیں ہے، وہ مرض سے اچھے ہو چکے ہیں گھر کے

www.e-iqra.com

دروازہ پر پہرہ کیلئے بیٹھے رہتے ہیں، آپ لوگ جاؤ اور اس کو سمجھاؤ کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور ہمارے پاس آئیں۔

یہ لوگ ہانی کے پاس پہنچے، حالات کی نزاکت بتلا کر کہا کہ آپ ہمارے ساتھ چلئے، ہانی نے اپنے آپ کو مجبور پایا، ان کے ساتھ چلنے کے لئے سوار ہو گئے جب قصر امارت کے قریب پہنچے تو ان کو احساس ہوا کہ آج میرے لئے خیر نہیں، آنے والوں میں ان کے عزیز حسان بن اسماء بھی تھے، ان سے کہا کہ مجھے اپنے بارے میں خطرہ ہے، حسان نے جواب دیا کہ آپ بالکل فکر نہ کریں میں تو کوئی خطرہ محسوس نہیں کرتا (وجہ یہ تھی کہ حسان ان واقعات سے بالکل بے خبر تھے)

یہ لوگ ہانی کو ساتھ لئے ہوئے قصر امارت میں داخل ہوئے تو ابن زیاد نے قاضی کوفہ شریح سے کہا کہ ایک خائن کو خود اس کے پاؤں نے یہاں تک پہنچا دیا، جب قریب آئے تو ابن زیاد نے شعر پڑھا۔

اُرِیْدُ حَیَاتَهٗ وَ یُرِیْدُ قَتْلِیْ

''یعنی میں تو اس کی زندگی چاہتا ہوں اور وہ میرے قتل کے درپے ہے''

ہانی نے کہا یہ کیا بات ہے، ابن زیاد نے کہا کہ کیا آپ یہ جانتے ہیں کہ ہم ان سازشوں سے بے خبر ہیں جو امیر المومنین کے خلاف آپ کے گھر میں ہو رہی ہیں، آپ نے مسلم بن عقیلؓ کو اپنے گھر میں ٹھہرایا ہوا ہے اور اس کے واسطے اسلحہ اور رضا کار جمع کر رہے ہیں۔

ہانی نے انکار کیا اور گفتگو طویل ہوئی، تو ابن زیاد نے اس اپنے

www.e-iqra.com

جاسوس کو سامنے کر دیا جس کے ذریعہ خبریں پہنچی تھیں، یہ ماجرا دیکھ کر ایک دفعہ تو ہانی ششدر رہ گئے، مگر پھر ذرا سنبھل کر بولے،

## ہانی کی شرافت، اپنے مہمان کو سپرد کرنے سے انکار

میری بات سنئے! اور اس کو سچ مانئے میں واللہ آپ سے جھوٹ نہ بولوں گا واقعہ یہ ہے کہ بخدا نہ میں نے مسلم بن عقیل کو بلایا نہ مجھے ان کے معاملہ کی کوئی خبر تھی، اچانک ان کو اپنے دروازے پر بیٹھا ہوا دیکھا، اور مجھ سے میرے گھر مہمان ہونے کے لئے کہا، مجھے ان کی بات رد کرنے سے حیا مانع ہوئی اور اس کی وجہ سے مجھ پر بہت سی ذمہ داریاں عائد ہو گئیں، میں نے مجبور ہو کر اپنے گھر میں داخل کیا اور مہمان بنا لیا، اور اگر اب آپ مجھ پر اطمینان کریں تو میں اپنے گھر جاؤں اور ان کو اپنے گھر سے نکال دوں، اور آپ کے پاس آجاؤں ابن زیاد نے کہا کہ خدا کی قسم آپ مجھ سے اس وقت تک جدا نہیں ہو سکتے جب تک مسلم بن عقیلؓ کو میرے سپرد نہ کر دیں، ہانی نے کہا کہ میں ہرگز ایسا نہیں کر سکتا کہ اپنے مہمان کو تمہارے سپرد کر دوں اور تم اسے قتل کر دو،

حاضر مجلس مسلم بن عمر باہلی نے ابن زیاد سے کہا کہ مجھے اجازت دیجئے میں انہیں سمجھاتا ہوں، علیحدہ لے گئے اور کہا کہ کیوں اپنے آپ کو ہلاک کرتے ہو مسلم کو ان کے سپرد کر دو، یہ لوگ سب آپس میں بھائی بھائی ہیں، ایک دوسرے سے نمٹ لیں گے، قتل نہ کریں گے اور نہ کوئی نقصان

www.e-iqra.com

پہنچائیں گے ،اس معاملہ میں نہ آپ کی کوئی رسوائی ہے نہ عار، ہانی نے کہا اس سے زیادہ کیا رسوائی ہوسکتی ہے کہ میں اپنے مہمان کو اس کے دشمن کے حوالہ کردوں ، بخدا اگر کوئی میرا یار و مددگار بھی نہ ہوتا اور میں تنہا ہوتا جب بھی اپنے مہمان کو اپنی زندگی میں اس کے سپرد نہ کرتا۔

## ہانی ابن عروہ پر تشدد و مار پیٹ

جب ہانی کی یہ پختگی دیکھی تو ابن زیاد اور اس کے مصاحب خاص مہران نے ہانی کے بال پکڑ کر ان کو مارنا شروع کیا، یہاںتک کہ ان کی ناک اور منہ سے خون بہنے لگا اور کہا کہ اب بھی تم مسلم کو ہمارے حوالے کر دو ورنہ تمہیں قتل کر دیں گے۔

ہانی نے کہا میرا قتل کر دینا تیرے لیے آسان نہیں اگر ایسا کرو گے تو تمہارے قصرِ امارت کو تلواریں گھیر لیں گی ،اس پر ابن زیاد اور برافروختہ ہوا اور مار پیٹ شدید کردی۔

اسماء بن خارجہ جو ہانی کو گھر سے بلا کر لائے تھے اور ان کو اطمینان دلایا تھا کہ آپ کوئی فکر نہ کریں، وہ اس وقت کھڑے ہوئے اور سختی سے ابن زیاد کو کہا کہ اے غدار تو نے ہمیں ایک شخص کو لانے کے لئے کہا جب ہم اسے لے آئے تو تو نے ان کا یہ حال کردیا، اس پر ابن زیاد نے ہاتھ روکا۔

☆☆☆

www.e-iqra.com

# ہانی کی حمایت میں ابن زیاد کیخلاف ہنگامہ

ادھر شہر میں یہ مشہور ہو گیا کہ ہانی بن عروہ قتل کر دیئے گئے، جب یہ خبر عمرو بن حجاج کو پہنچی تو وہ قبیلہ مذحج کے بہت سے نوجوانوں کو ساتھ لے کر موقع پر پہنچے اور ابن زیاد کے مکان کا محاصرہ کیا، اب تو ابن زیاد کو فکر پکڑ گئی، قاضی شریح کو کہا کہ آپ باہر جا کر لوگوں کو بتلائیں کہ ہانی بن عروہ صحیح سالم ہیں، قتل نہیں کیے گئے میں خود ان کو دیکھ کر آیا ہوں اور شریح کے ساتھ ایک اپنا آدمی بطور جاسوس لگا دیا کہ وہ ابن زیاد کے کہنے کے خلاف کوئی بات نہ کریں، قاضی شریح کا یہ قول سن کر عمرو بن حجاج نے اپنے ساتھیوں سے کہہ دیا کہ اب اطمینان ہے تم واپس چلے جاؤ۔

ہانی بن عروہ کے متعلق شہادت کی خبر اور اس کے خلاف قبیلہ مذحج کے ہنگامہ اور ابن زیاد کے قصر کے محاصرہ کے اطلاع جب مسلم بن عقیلؓ کو ملی تو وہ بھی مقابلہ کے لئے تیار ہو کر نکلے اور جن اٹھارہ ہزار مسلمانوں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی ان کو جمع کیا، چار ہزار آدمی جمع ہو گئے اور جمع ہوتے جا رہے تھے، یہ لشکر ابن زیاد کی قصر امارت کی طرف بڑھا تو ابن زیاد نے قصر کے دروازوں کو مقفل کر دیا، مسلمؓ اور ان کے ساتھیوں نے قصر کا محاصرہ کر لیا، مسجد اور بازار ان لوگوں سے بھر گیا جو ابن زیاد کے مقابلہ پر آئے تھے اور شام تک اس میں اضافہ ہوتا رہا۔

ابن زیاد کے ساتھ قصرِ امارت میں صرف تیس سپاہی اور کچھ خاندان

www.e-iqra.com

کے سادات تھے، ابن زیاد نے ان لوگوں میں سے چند ایسے لوگوں کو منتخب کیا جن کا اثر ورسوخ ان قبائل پر تھا جو مسلم بن عقیلؓ کے ساتھ محاصرہ کئے ہوئے تھے، اور ان کو کہا تم باہر جا کر اپنے اپنے حلقۂ اثر کے لوگوں کو مسلم بن عقیلؓ کا ساتھ دینے سے روکو، مال وحکومت کا لالچ دلا کر یا حکومت کی سزا کا خوف دلا کر، جس طرح بھی ممکن ہو ان کو مسلم سے جدا کر دو،

اِدھر سادات وشیعہ کو حکم دیا کہ تم لوگ قصر کی چھت پر چڑھ کر لوگوں کو اس بغاوت سے روکو، اور اسی خوف وطمع کے ذریعہ ان کو محاصرہ سے واپس جانے کی تلقین کرو۔

## محاصرہ کرنیوالوں کا فرار اور مسلم بن عقیلؓ کی بے کسی

جب لوگوں نے اپنے ساداتِ شیعہ کی زبانی یہ باتیں سنیں تو متفرق ہونا شروع ہو گئے، عورتیں اپنے بیٹوں بھائیوں کو محاذ سے واپس بلانے کے لئے آنے لگیں، یہاں تک کہ مسجد میں ابن عقیلؓ کے ساتھ صرف تیس آدمی باقی رہ گئے، یہ صورتِ حال دیکھ کر مسلم بھی یہاں سے واپس ابواب کندہ کی طرف چلے، جب وہ دروازے پر پہنچے تو دیکھا کہ ان کے ساتھ ایک آدمی بھی نہ رہا تھا۔

مسلم بن عقیلؓ تن تنہا کوفہ کے گلی کوچوں میں سراسیمہ پھرتے تھے کہ اب کہاں جائیں، بالآخر کندہ کی عورت طوعہ کے گھر پہنچے، ان کے لڑکے بلال اسی ہنگامہ میں باہر گئے ہوئے تھے، وہ دروازے پر واپسی کا انتظار کر

www.e-iqra.com

رہی تھی، مسلم نے اس سے پانی مانگا، پانی پی کر وہیں بیٹھ گئے، عورت نے کہا کہ آپ پانی پی چکے، اب اپنے گھر جایئے، مسلم خاموش رہے، اسی طرح تین مرتبہ یہی کہا اور مسلم خاموش رہے، تو پھر اس نے ذرا سختی سے کہا کہ میں آپ کو دروازہ پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دوں گی، آپ اپنے گھر جایئے،

اس وقت مسلم نے مجبور ہو کر کہا کہ اس شہر میں نہ میرا کوئی گھر ہے نہ خاندان تو کیا تم مجھے پناہ دو گی، میں مسلم بن عقیلؓ ہوں، میرے ساتھ میرے ساتھیوں نے دھوکہ کیا، عورت کو رحم آ گیا اور مسلم کو اپنے گھر میں داخل کر لیا اور شام کا کھانا پیش کیا، مسلم نے نہ کھایا، اسی عرصہ میں عورت کے لڑکے بلال واپس آ گئے، دیکھا کہ ان کی والدہ بار بار کمرے کے اندر جاتی ہیں، بات پوچھی تو عورت نے اپنے لڑکے سے بھی چھپایا، اس نے اصرار کیا تو اس شرط پر بتلا دیا کہ کسی سے اس کا اظہار نہ کرے، اس طرف ابن زیاد نے جب دیکھا کہ لوگوں کا شور و شغب قصر کے گرد نہیں ہے تو اپنے سپاہی کو بھیجا کہ دیکھو کیا حال ہے، اس نے آ کر بیان کیا کہ میدان صاف ہے کوئی نہیں،

اُس وقت ابن زیاد اپنے قصر سے اُتر کر مسجد میں آیا، اور منبر کے گرد اپنے خواص کو بٹھلایا، اور اعلان کرایا کہ سب لوگ مسجد میں جمع ہو جائیں مسجد بھر گئی تو ابن زیاد نے یہ خطبہ دیا۔

''ابن عقیلؓ بیوقوف جاہل نے جو کچھ کیا وہ تم نے دیکھ لیا، اب ہم یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم جس شخص کے گھر میں ابن عقیلؓ کو پائیں گے ہمارا ذمہ اس سے بری ہے اور جو کوئی ان کو ہمارے پاس

www.e-iqra.com

پہنچائے گا اس کو انعام ملے گا اور اپنی پولیس کے افسر حصین ابن نمیر کو حکم دیا کہ شہر کے تمام گلی کوچوں کے دروازوں پر پہرہ لگادو، کوئی باہر نہ جاسکے، اور پھر سب گھروں کی تلاشی لو"۔

اس تلاشی کے درمیان جب اس عورت کے لڑکے بلال نے یہ محسوس کیا کہ بالآخر وہ ہمارے گھر سے گرفتار کیے جائیں گے تو اس نے خود مخبری کر کے عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث کو اس کا پتہ بتلا دیا، اس نے اپنے باپ محمد بن اشعث کو اور اس نے ابن زیاد کو اس کی اطلاع کر دی، ابن زیاد نے محمد بن اشعث کی سرکردگی میں ستر ۷۰ سپاہیوں کا ایک دستہ ان کے گرفتار کرنے کیلئے بھیج دیا،

## مسلم بن عقیلؓ کا ستر سپاہیوں سے تنہا مقابلہ

مسلم بن عقیلؓ نے جب ان کی آوازیں سنیں تو تلوار لے کر دروازے پر آ گئے، اور سب کا مقابلہ کر کے ان کو دروازہ سے نکال دیا، وہ لوگ پھر لوٹے تو پھر مقابلہ کیا، اس مقابلہ میں زخمی ہو گئے، مگر ان کے قابو میں نہ آئے، یہ لوگ چھت پر چڑھ گئے اور پتھر برسانے شروع کیے اور گھر میں آگ لگادی، مسلم بن عقیل ان کے سب حربوں کا تن تنہا دلیرانہ مقابلہ کر رہے تھے کہ محمد بن اشعث نے ان کے قریب ہو کر پکارا کہ

"میں تمہیں امن دیتا ہوں، اپنی جان کو ہلاک نہ کرو، میں تم سے جھوٹ نہیں بول رہا، یہ لوگ تمہارے چچازاد بھائی ہیں نہ تمہیں قتل

www.e-iqra.com

کریں گے نہ ماریں گے۔"

# مسلم بن عقیلؓ کی گرفتاری

مسلم بن عقیلؓ تن تنہا ستر سپاہیوں کا مقابلہ کرتے ہوئے زخموں سے چور ہو کر تھک چکے تھے، ایک دیوار سے کمر لگا کر بیٹھ گئے، ان کو ایک سواری پر سوار کر دیا گیا اور ہتھیار ان سے لے لئے گئے، ہتھیار لینے کے وقت ابن عقیل نے کہا کہ یہ پہلی عہد شکنی ہے کہ امن لینے کے بعد ہتھیار چھینے جا رہے ہیں، محمد بن اشعث نے کہا کہ نہیں آپ کوئی فکر نہ کریں، آپ کے ساتھ کوئی ناگوار معاملہ نہ کیا جائے گا، ابن عقیل نے فرمایا کہ یہ سب محض باتیں ہیں اور اس وقت ابن عقیل کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے،

محمد بن اشعث کے ساتھیوں میں عمرو بن عبید بھی تھا، جو ان کو امان دینے کا مخالف تھا، اس نے کہا کہ اے مسلم جو شخص ایسا اقدام کرے جو آپ نے کیا جب پکڑ لیا جائے تو اس کو رونے کا حق نہیں۔

# مُسلم بن عقیلؓ کی حضرت حسینؓ کو کوفہ آنے سے روکنے کی وصیت

ابن عقیلؓ نے فرمایا کہ

"میں اپنی جان کیلئے نہیں روتا، بلکہ میں حسینؓ اور آل حسینؓ کی جانوں کے لئے رو رہا ہوں، جو میری تحریر پر عنقریب کوفہ پہنچنے

www.e-iqra.com

والے ہیں، اور تمہارے ہاتھوں اسی بلا میں گرفتار ہوں گے میں جس میں میں گرفتار ہوں۔"

اس کے بعد محمد بن اشعث سے کہا کہ

"تم نے مجھے امان دیا ہے اور میرا گمان یہ ہے کہ تم اپنے اس امان سے عاجز ہو جاؤ گے، لوگ تمہاری بات نہ مانیں گے اور مجھے قتل کریں گے تو اب کم از کم تم میری ایک بات مان لو، وہ یہ ہے کہ ایک آدمی حضرت حسین کے پاس فوراً روانہ کر دو جوان کو میرے حال کی اطلاع کر کے یہ کہہ دے کہ آپ راستہ ہی سے اپنے اہل بیت کو لے کر لوٹ جائیں، کوفہ والوں کے خطوط سے دھوکہ نہ کھائیں یہ وہی لوگ ہیں جن کی بے وفائی سے گھبرا کر آپ کے والد اپنی موت کی تمنا کیا کرتے تھے"

محمد بن اشعث نے حلف کے ساتھ اس کا وعدہ کیا کہ میں ایسا کروں گا

## محمد بن اشعث نے وعدہ کے مطابق حضرت حسینؓ کو روکنے کیلئے آدمی بھیجا

اس کے ساتھ ہی محمد بن اشعث نے اپنا وعدہ پورا کیا، ایک آدمی کو خط دے کر حضرت حسینؓ کی طرف بھیج دیا، حضرت حسینؓ اس وقت مقامِ زبالہ تک پہنچ چکے تھے، محمد بن اشعث کے قاصد نے یہاں پہنچ کر خط دیا، خط پڑھ کر حضرت حسینؓ نے فرمایا:

www.e-iqra.com

کل ما قدر نازل عنداللہ نحتسب انفسنا و فساد امتنا (کامل ابن اثیر، ص ۱۴ ج ۴)

جو چیز ہو چکی ہے وہ ہو کر رہے گی، ہم صرف اللہ تعالیٰ ہی سے اپنی جانوں کا ثواب چاہتے ہیں اور امت کے فساد کی فریاد کرتے ہیں۔

الغرض یہ خط پا کر بھی حضرت حسینؓ نے اپنا ارادہ ملتوی نہیں کیا اور جو عزم کر چکے تھے اس کو لئے ہوئے آگے بڑھتے رہے،

ادھر محمد بن اشعث ابن عقیلؓ کو لے کر قصر امارت میں داخل ہوئے، اور ابن زیاد کو اطلاع دی کہ میں ابن عقیل کو امان دے کر آپ کے پاس لایا ہوں،

ابن زیاد نے غصہ سے کہا کہ تمہیں امان دینے سے کیا واسطہ، میں نے تمہیں گرفتار کرنے کے لئے بھیجا تھا یا امان دینے کے لئے، محمد بن اشعث خاموش رہ گئے، ابن زیاد نے ان کے قتل کا حکم دے دیا۔

# مسلم بن عقیلؓ کی شہادت اور وصیت

مسلم بن عقیلؓ پہلے ہی سے سمجھے ہوئے تھے کہ محمد بن اشعث کا امن دینا کوئی چیز نہیں، ابن زیاد مجھے قتل کرے گا، مسلمؓ نے کہا مجھے وصیت کرنیکی مہلت دو، ابن زیاد نے مہلت دیدی، تو انہوں نے عمر بن سعد سے کہا کہ میرے اور آپ کے درمیان قرابت ہے اور میں اس قرابت کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ مجھے تم سے ایک کام ہے جو راز ہے میں تنہائی میں بتلا سکتا ہوں،

www.e-iqra.com

عمر بن سعد نے ان کو سننے کی ہمت نہ کی، ابن زیاد نے کہا کچھ مضائقہ نہیں، تم سن لو، ان کو علیحدہ کر کے مسلم بن عقیلؓ نے کہا کہ کام یہ ہے کہ میرے ذمہ سات سو درہم قرض ہیں جو میں نے کوفہ کے فلاں آدمی سے لئے تھے، وہ میری طرف سے ادا کردو، دوسرا کام یہ ہے کہ حسینؓ کے پاس ایک آدمی بھیج کر ان کو راستہ سے واپس کرادو، عمر بن سعد نے ابن زیاد سے ان کی وصیت پورا کرنے کی اجازت مانگی، تو اس نے کہا کہ بے شک امین آدمی کبھی خیانت نہیں کرتا، تم ان کا قرض ادا کر سکتے ہو، باقی رہا حسینؓ کا معاملہ سو اگر وہ ہمارے مقابلہ کے لئے نہ آئیں تو ہم بھی ان کے مقابلہ کیلئے نہ جائیں گے اور اگر وہ آئے تو ہم مقابلہ کریں گے۔

## مسلم بن عقیلؓ اور ابنِ زیاد کا مکالمہ

ابن زیاد نے کہا کہ اے مسلم تم نے بڑا ظلم کیا کہ مسلمانوں کا نظم مستحکم اور ایک کلمہ تھا، سب ایک امام کے تابع تھے، تم نے آ کر ان میں تفرقہ ڈالا، اور لوگوں کو اپنے امیر کے خلاف بغاوت پر آمادہ کیا۔

مسلم بن عقیلؓ نے فرمایا کہ معاملہ یہ نہیں، بلکہ اس شہر کوفہ کے لوگوں نے خطوط لکھے کہ تمہارے باپ نے ان کے نیک اور شریف لوگوں کو قتل کر دیا، ان کے خون ناحق بہائے اور یہاں کے عوام پر کسریٰ و قیصر جیسی حکومت کرنی چاہی، اس لیے ہم اس پر مجبور ہوئے کہ عدل قائم کرنے اور کتاب و سنت کے احکام نافذ کرنے کی طرف لوگوں کو بلائیں اور سمجھائیں،

www.e-iqra.com

اس پر ابن زیاد اور زیادہ برافروختہ ہوکر مسلم بن عقیلؓ کو برا بھلا کہنے لگا، مسلم خاموش ہو گئے، ابن زیاد نے حکم دیا کہ ان کو قصر امارت کی اوپر کی منزل پر لے جاؤ اور سر کاٹ کر نیچے پھینک دو، مسلم بن عقیل اوپر لے جائے گئے وہ تسبیح و استغفار پڑھتے ہوئے اوپر پہنچے، اور ابن زیاد کے حکم کے موافق ان کو شہید کر کے نیچے ڈال دیا گیا، اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط

مسلم بن عقیلؓ کو قتل کرنے کے بعد ہانی بن عروہ کے قتل کرنے کا فیصلہ کیا، ان کو بازار میں لے جا کر قتل کر دیا گیا،

ابن زیاد نے ان دونوں کے سر کاٹ کر یزید کے پاس بھیج دیئے، یزید نے شکریہ کا خط لکھا، اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ مجھے یہ خبر ملی ہے کہ حسینؓ عراق کے قریب پہنچ گئے ہیں اس لئے جاسوس اور خفیہ رپورٹر پورے شہر میں پھیلا دو، اور جس پر ذرا بھی حسینؓ کی تائید کا شبہ ہو اس کو قید کر لو، مگر سوا اس شخص کے جو تم سے مقابلہ کرے کسی کو قتل نہ کرو۔

# حضرت حسینؓ کا عزم کوفہ

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پاس اہل کوفہ کے ڈیڑھ سو خطوط اور بہت سے وفود پہلے پہنچ چکے تھے، پھر مسلم بن عقیلؓ نے یہاں کے اٹھارہ ہزار مسلمانوں کی بیعت کے خبر کے ساتھ ان کو کوفہ کیلئے دعوت دے دی تو حضرت حسینؓ نے کوفہ کا عزم کرلیا،

جب یہ خبر لوگوں میں مشہور ہوئی تو بجز عبداللہ بن زبیرؓ کے اور کسی نے

www.e-iqra.com

ان کو کوفہ جانے کا مشورہ نہیں دیا، بلکہ بہت سے حضرات حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ مشورہ دیا کہ آپ کوفہ ہرگز نہ جائیں، اہل عراق وکوفہ کے وعدوں، بیعتوں پر بھروسہ نہ کریں، وہاں جانے میں آپ کے لئے بڑا خطرہ ہے۔

## عمر بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ کا مشورہ

عمر بن عبد الرحمٰنؓ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ایسے شہر میں جا رہے ہیں جہاں یزید کے حکام وامراء موجود ہیں، ان کے پاس بیت المال ہے اور لوگ عام طور پر درہم ودینار کے پرستار ہیں، مجھے خطرہ ہے کہ کہیں وہی لوگ آپ کے مقابلہ پر نہ آ جائیں، جنہوں نے آپ سے وعدے کیے اور بلایا ہے اور جن کے قلوب میں بلاشبہ آپ زیادہ محبوب ہیں بہ نسبت ان لوگوں کے جن کے ساتھ ہو کر وہ آپ سے مقابلہ کریں گے،

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے شکریہ کے ساتھ ان کی نصیحت کو سنا اور فرمایا کہ میں آپ کی رائے ومشورہ کا خیال رکھوں گا،

## حضرت عبد اللہ بن عباس کا مشورہ

ابن عباس رضی اللہ عنہ کو جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے اس ارادہ کی اطلاع ہوئی تو تشریف لائے اور فرمایا کہ میں یہ خبریں سن رہا ہوں، ان کی کیا حقیقت ہے، آپ کا کیا ارادہ ہے؟ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ہاں میں ارادہ کر چکا ہوں، اور آج کل میں جانے والا ہوں، انشاء

www.e-iqra.com

اللہ تعالیٰ۔

ابن عباسؓ نے فرمایا، بھائی میں اس سے آپ کو خدا کی پناہ میں دیتا ہوں، خدا کے لئے آپ مجھے یہ بتلائیں کہ آپ کسی ایسی قوم کیلئے جارہے ہیں جنہوں نے اپنے اوپر مسلط ہونے والے امیر کو قتل کر دیا ہے اور وہ لوگ اپنے شہر پر قابض ہو چکے ہیں اور اپنے دشمن کو نکال چکے ہیں، تو بیشک آپ کو ان کے بلانے پر فوراً چلے جانا چاہئے۔

اگر وہ آپ کو ایسی حالت میں بلا رہے ہیں جب کہ ان کے سروں پر ان کا امیر قائم و موجود ہے اور وہ اس سے مغلوب و متاثر ہیں اور ان کے حکام زمینوں کا مالیہ وصول کرتے ہیں تو ان کی یہ دعوت آپ کو ایک سخت جنگ و مقابلہ کی دعوت ہے اور مجھے یہ بھی خطرہ ہے کہ یہی لوگ آپ کو دھوکہ دیں اور مخالفت و مقابلہ پر آمادہ ہو جائیں،

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اس کے جواب میں فرمایا، اچھا میں اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرتا ہوں، پھر جو کچھ سمجھ میں آئے گا عمل کروں گا،

## ابنِ عباسؓ کا دوبارہ تشریف لانا

دوسرے روز ابن عباس رضی اللہ عنہ پھر تشریف لائے اور فرمایا کہ میرے بھائی میں صبر کرنا چاہتا ہوں، مگر صبر نہیں آتا، مجھے آپ کے اس اقدام سے آپ کی اور آپ کے اہلِ بیت کی ہلاکت کا شدید خطرہ ہے، اہلِ عراق عہد شکن بے وفا لوگ ہیں، آپ ان کے پاس نہ جایئے، آپ اسی شہر

www.e-iqra.com

مکہ میں اقامت کریں، آپ اہلِ حجاز کے مسلم رہنما اور سردار ہیں اور اگر اہلِ عراق آپ سے مزید تقاضا کریں تو آپ ان کو یہ لکھیں کہ پہلے اپنے امیر و حکام کو اپنے شہر سے نکال دو، پھر مجھے بلاؤ تو میں آ جاؤں گا،

اور اگر آپ کو یہاں سے جانا ہی ہے تو آپ یمن چلے جائیں کہ وہاں بہت سے محفوظ قلعے اور پہاڑیاں ہیں اور طویل وعریض خطہ ہے وہاں آپ کے والد کے متبعین بھی بکثرت ہیں، اس طرح آپ لوگوں کے ہنگاموں سے جدا رہ کر بذریعہ خطوط خود حق کی اشاعت وحمایت بعافیت کر سکیں گے حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابن عباس میں جانتا ہوں کہ آپ ناصح مشفق ہیں، مگر میں اب عزم کر چکا ہوں اس کو فسخ کرنے کے لئے طبیعت آمادہ نہیں ہوتی۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے بھائی اگر آپ جانا طے ہی کر چکے ہیں تو خدا کے لئے اپنی عورتوں اور بچوں کو ساتھ نہ لے جائیے مجھے خوف ہے کہ کہیں آپ اسی طرح اپنی عورتوں بچوں کے سامنے قتل کیے جائیں جس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قتل کئے گئے ہیں۔

## حضرت حسینؓ کی کوفہ کیلئے روانگی

حضرت حسینؓ اپنے نزدیک ایک دینی ضرورت سمجھ کر خدا کیلئے عزم کر چکے تھے، مشورہ دینے والوں نے ان کو خطرات سے آگاہ کیا، مگر مقصد کی

www.e-iqra.com

اہمیت نے ان کو خطرات کا مقابلہ کرنے کے لئے مجبور کر دیا، اور ذی الحجہ ۶۰ھ کی تیسری یا آٹھویں تاریخ کو آپ مکہ سے کوفہ کیلئے روانہ ہو گئے، اس وقت یزید کی طرف سے مکہ کا حاکم عمرو بن سعید بن العاص مقرر تھا، اس کو ان کی روانگی کی خبر ملی تو چند آدمی راستہ پر ان کو روکنے کے لئے بھیجے، حضرت حسینؓ نے واپسی سے انکار فرمایا اور آگے بڑھ گئے۔

## فرزدق شاعر کی ملاقات اور حضرت حسینؓ کا ارشاد

راستہ میں فرزدق شاعر عراق کی طرف سے آتا ہوا ملا، حضرت حسینؓ کو دیکھ کر پوچھا کہ کہاں کا قصد ہے؟ حضرت حسینؓ نے بات کاٹ کر ان سے پوچھا کہ یہ تو بتلاؤ کہ اہلِ عراق و کوفہ کو تم نے کس حال میں چھوڑا ہے؟ فرزدق نے کہا کہ اچھا ہوا آپ نے ایک واقف حال تجربہ کار سے بات پوچھی، میں آپ کو بتاتا ہوں کہ:

''اہلِ عراق کے قلوب تو آپ کے ساتھ ہیں مگر ان کی تلواریں بنی اُمیہ کے ساتھ ہیں اور تقدیر آسمان سے نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔''

حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ تم سچ کہتے ہو، اور فرمایا:

| | |
|---|---|
| للہ الامر مـا یشـاء و کل | اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں تمام کام وہ |
| یوم ربنافی شأن ان نزل | جو چاہتا ہے کرتا ہے اور ہمارا رب ہر |

www.e-iqra.com

القضاء نحب فنحمد الله وھو المستعان علی اداء الشکروان حال القضاء دون الرجاء فلم یعتد من کان الحق نیته والتقوی سریرته .

(کامل ابن اثیر)

روز نئی شان میں ہے اگر تقدیر الٰہی ہماری مراد کے موافق ہوئی تو ہم اللہ تعالیٰ کا شکر کریں گے اور ہم شکر کرنے میں بھی اسی کی اعانت طلب کرتے ہیں کہ اداء شکر کی توفیق دے اور اگر تقدیر الٰہی ہماری مراد میں حائل ہو گئی تو وہ شخص خطا پر نہیں جسکی نیت حق کی حمایت ہو اور جس کے دل میں خوف خدا ہو

# عبداللہ بن جعفر کا خط واپسی کا مشورہ

عبداللہ بن جعفرؓ نے جب حضرت حسینؓ کی روانگی کی خبر پائی تو ایک خط لکھ کر اپنے بیٹوں کے ہاتھ روانہ کیا تیزی سے پہونچیں، اور راستہ میں حضرت حسینؓ کو دیدیں، خط کا مضمون یہ تھا۔

''میں خدا کیلئے آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ میرا خط پڑھتے ہی مکہ کی طرف لوٹ آئیں، میں محض خیر خواہانہ عرض کر رہا ہوں، مجھے آپ کی ہلاکت کا خطرہ ہے اور خوف ہے کہ آپ کے سب اہل بیت اور اصحاب کو ختم کر دیا جائے اور اگر خدانخواستہ آپ آج ہلاک ہو گئے تو زمین کا نور بجھ جائے گا کیونکہ آپ مسلمانوں کے

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

پیشوا اور ان کی آخری امید ہیں، آپ چلنے میں جلدی نہ کریں، اس خط کے پیچھے میں خود بھی آرہا ہوں، میرا انتظار فرمائیں، والسلام

(ابن اثیر)

یہ خط لکھ کر عبداللہ بن جعفرؓ نے پہلے یہ کام کیا کہ یزید کی طرف سے والی مکہ عمرو بن سعید کے پاس تشریف لے گئے اور اس سے کہا کہ آپ حضرت حسینؓ کے لئے ایک پروانہ امان کا لکھ دیں، اور ان سے اس کا بھی وعدہ تحریری دیدیں کہ اگر وہ واپس آجائیں تو ان کے ساتھ مکہ میں اچھا سلوک کیا جائے گا، عامل مکہ عمرو بن سعید نے پروانہ لکھ دیا اور عبداللہ بن جعفرؓ کے ساتھ اپنے بھائی یحییٰ بن سعید کو بھی حضرت حسینؓ کی طرف بھیجا،

یہ دونوں راستہ میں جا کر حضرت حسینؓ سے ملے اور عمرو بن سعید کا خط ان کو سنایا اور اس کی کوشش کہ لوٹ جائیں، اس وقت حضرت حسینؓ نے ان کے سامنے اپنے اس عزم کی ایک وجہ بیان کی،

## حضرت حسینؓ کا خواب اور انکے عزمِ مصمم کی ایک وجہ

کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے اور مجھے آپ کی طرف سے ایک حکم دیا گیا ہے، میں اس حکم کی بجا آوری کیلئے جا رہا ہوں خواہ مجھ پر کچھ بھی گزر جائے۔

انہوں نے پوچھا کہ وہ خواب کیا ہے، فرمایا کہ آج تک میں نے وہ خواب کسی سے بیان کیا ہے نہ کروں گا، یہاں تک کہ میں اپنے پروردگار سے

جاملوں، (کامل ابن اثیر، ص ا ج ۴)

بالآخر حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی جان اور اولاد کے خطرات اور سب حضرات کے خیر خواہانہ مشوروں نے بھی ان کے عزم مصمم میں کوئی کمزوری پیدا نہ کی اور وہ کوفہ کیلئے روانہ ہو گئے،

# ابنِ زیاد حاکم کوفہ کیطرف سے حسینؓ کے مقابلہ کی تیاری

ابن زیاد جو کوفہ پر اسی لیے حاکم مقرر کیا گیا تھا کہ وہ حضرت حسینؓ کے مقابلہ میں سخت سمجھا گیا، اس کو جب حضرت حسینؓ کی روانگی کی اطلاع ملی تو اس نے اپنی پولیس کے افسر حصین بن نمیر کو آگے بھیجا کہ قادسیہ پہنچ کر مقابلہ کی تیاری کرے،

حضرت حسین رضی اللہ عنہ جب مقام حاجر پر پہنچے تو اہل کوفہ کے نام ایک خط لکھ کر قیس بن مسہر کے ہاتھ روانہ کیا، خط میں اپنے آنے کی اطلاع اور جس کام کے لئے ان کو اہلِ کوفہ نے بلایا تھا اس میں پوری کوشش کرنے کی ہدایت تھی۔

☆☆☆

www.e-iqra.com

# کوفہ والوں کے نام حضرت حسینؓ کا خط اور قاصد کی دلیرانہ شہادت

قیس جب یہ خط لے کر قادسیہ تک پہنچے تو یہاں ابن زیاد کی پولیس کے انتظامات تھے، ان کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے پاس بھیج دیا گیا، ابن زیاد نے ان کو حکم دیا کہ قصر امارت کی چھت پر چڑھ کر (معاذ اللہ) حضرت حسین رضی اللہ عنہ پر سب وشتم اور لعن طعن کریں۔

قیس چھت پر چڑھ گئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد بآواز بلند کہا کہ:

''اے اہل کوفہ! حسین بن علیؓ حضرت رسول کریم ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے اور اس وقت خلق اللہ میں سب سے بہتر ہیں، مَیں تمہاری طرف ان کا بھیجا ہوا قاصد ہوں، وہ مقام حاجر تک پہنچ چکے ہیں تم ان کا استقبال کرو''۔

اس کے بعد ابن زیاد کو برا بھلا کہا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کیلئے دعائے مغفرت کی،

ابن زیاد ان کی دلیری اور جانبازی پر حیران رہ گیا، حکم دیا کہ ان کو قصر کی بلندی سے نیچے پھینک دیا جائے، ظالموں نے اس کے حکم کی تعمیل کی، قیس نیچے گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے،

www.e-iqra.com

# راہ میں عبداللہ بن مطیع سے ملاقات اور ان کا واپسی کیلئے اصرار

حضرت حسینؓ کوفہ کی طرف بڑھ رہے تھے، راستہ میں ایک پڑاؤ پر اچانک عبداللہ بن مطیع سے ملاقات ہوگئی، حضرت حسینؓ کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے اورعرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کہاں جارہے ہیں اور کیا مقصد ہے، حضرت حسینؓ نے اپنا ارادہ بتلایا عبداللہؓ نے الحاح و زاری سے عرض کیا کہ:

''اے ابن رسول اللہ میں تمہیں اللہ کا اور عزتِ اسلام کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ آپ اس ارادہ سے رک جائیں، میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور حرمتِ قریش اور حرمتِ عرب کا واسطہ دیتا ہوں کہ اگر آپ بنی امیہ سے ان کے اقتدار کو لینا چاہیں گے تو وہ آپ کو قتل کردیں گے اور اگر خدانخواستہ انہوں نے آپ کو قتل کر ڈالا تو پھر دنیا میں کوئی ایسا نہ رہیگا جس سے ان کو کوئی خوف ہو، بخدا آپ کی بقا کے ساتھ اسلام کی اور قریش کی اور پورے عرب کی حرمت وعزت وابستہ ہے، آپ ایسا ہرگز نہ کریں اور کوفہ نہ جائیں اپنی جان کو بنی امیہ کے حوالے نہ کریں'' (ابن اثیر)

مگر حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اپنا ارادہ ملتوی نہ کیا اور کوفہ کی

www.e-iqra.com

طرف روانہ ہو گئے۔

## مسلم بن عقیلؓ کے قتل کی خبر پا کر حضرت حسینؓ کے ساتھیوں کا مشورہ

جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ مسلم بن عقیلؓ نے محمد بن اشعث سے یہ عہد لیا تھا کہ ان کے حالات کی اطلاع حضرت حسینؓ کو پہنچا کر ان کو راستہ سے واپس کرا دیں، اور محمد بن اشعث نے وعدہ کے مطابق آدمی بھیج کر اس کی اطلاع کرائی، یہ خط اور پھر ان کے قتل کی اطلاع دوسرے ذرائع سے حضرت حسینؓ کو مقام ثعلبیہ میں پہنچ کر ملی، یہ خبر سن کر حضرت حسینؓ کے بعض ساتھیوں نے بھی ان سے باصرار عرض کیا کہ خدا کے لئے آپ اب یہیں سے لوٹ جائیں، کیونکہ کوفہ میں آپ کا کوئی ساتھی اور مددگار نہیں بلکہ ہمیں قوی اندیشہ ہے کہ کوفہ کے یہی لوگ جنہوں نے دعوت دی تھی آپ کے مقابلہ پر آ جائیں گے۔

## مسلم بن عقیلؓ کے عزیزوں کا جوشِ انتقام

مگر یہ بات سن کر بنو عقیل سب کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے کہ واللہ ہم مسلم بن عقیلؓ کا قصاص لیں گے، یا انہیں کی طرح اپنی جان دے دیں گے حضرت حسینؓ بھی اب تو یہ سمجھ چکے تھے کہ کوفہ میں ان کے لئے کوئی گنجائش

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

نہیں اور نہ اس دینی مقصد کا اب کوئی امکان ہے جس کے لئے یہ آہنی عزم لے کر چلے تھے لیکن بنو عقیل کے اس اصرار اور مسلم بن عقیلؓ کے تازہ صدمہ سے متاثر ہو کر فرمایا کہ اب ان کے بعد زندگی میں کوئی خیر نہیں اور ساتھیوں سے بعض نے یہ بھی کہا کہ آپ مسلم بن عقیلؓ نہیں، آپ کی شان کچھ اور ہے، ہمیں امید ہے کہ جب اہل کوفہ آپ کو دیکھیں گے تو آپ کے ساتھ ہو جائیں گے یہاںتک کہ پھر آگے بڑھنا طے کر کے سفر کیا گیا اور مقام زیالہ پہنچ کر پڑاؤ ڈالا۔

راستہ میں جس مقام پر حضرت حسینؓ کا گزر ہوتا اور ان کا قصد معلوم ہوتا تھا ہر مقام سے کچھ لوگ ان کے ساتھ ہو جاتے تھے، یہاں بھی کچھ لوگ ساتھ ہو لیے۔

مقام زیالہ پر پہنچ کر یہ خبر ملی کہ آپ کے رضاعی بھائی عبداللہ بن لقیط جن کو راستہ سے مسلم بن عقیلؓ کی طرف بھیجا تھا وہ بھی قتل کر دیئے گئے۔

## حضرت حسینؓ کی طرف سے اپنے ساتھیوں کو واپسی کی اجازت

یہ خبریں پانے کے بعد حضرت حسینؓ نے اپنے ساتھیوں کو جمع کر کے فرمایا کہ اہل کوفہ نے ہمیں دھوکہ دیا اور ہمارے متبعین ہم سے پھر گئے، اب جس کا جی چاہے واپس ہو جائے میں کسی کی ذمہ داری اپنے سر لینا نہیں چاہتا

اس اعلان کے ساتھ راستہ سے ساتھ ہونے والے بدوی لوگ سب داہنے بائیں چل دیئے، اور اب حضرت حسینؓ کے ساتھ صرف وہی لوگ رہ گئے جو مکہ سے ان کے ساتھ آئے تھے،

یہاں سے روانہ ہوکر مقام عقبہ پر پہنچے تو ایک عرب ملے اور کہا کہ میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ آپ لوٹ جائیں، آپ نیزوں، بھالوں اور تلواروں کی طرف جا رہے ہیں، جن لوگوں نے آپ کو بلایا ہے اگر وہ خود اپنے دشمنوں سے نمٹتے اور ان کو اپنے شہر سے نکال کر آپ کو بلاتے تو وہاں جانا ایک صحیح رائے ہوتی لیکن اس حال میں کسی طرح آپ کا جانا مناسب نہیں،

حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ تم جو کہہ رہے ہو مجھ پر بھی پوشیدہ نہیں، لیکن تقدیر الٰہی پر کوئی غالب نہیں آ سکتا،

## ابن زیاد کی طرف سے حُر بن یزید ایک ہزار لشکر لیکر پہنچ گئے

حضرت حسینؓ اور ان کے ساتھی چل رہے تھے کہ دو پہر کے وقت دور سے کچھ چیزیں حرکت کرتی نظر آئیں، غور کرنے پر معلوم ہوا کہ گھوڑے سوار فوج ہے، یہ دیکھ کر حضرت حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے ایک پہاڑی کے قریب پہنچ کر محاذ جنگ بنایا۔

www.e-iqra.com

یہ حضرات محاذ کی تیاری میں مصروف ہی تھے کہ ایک ہزار گھوڑے سوار فوج حر بن یزید کی قیادت میں مقابلہ پر آ گئی اور ان کے مقابلہ پر آ کر پڑاؤ ڈال دیا۔

حضرت حسینؓ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ سب لوگ خوب پانی پی کر اور گھوڑوں کو پلا کر سیراب ہو جاؤ، حر بن یزید کو حصین بن نمیر نے ایک ہزار سواروں کی فوج دے کر قادسیہ سے بھیجا تھا یہ اور اس کا لشکر آ کر حضرت حسینؓ کے مقابل ٹھہر گئے، یہانتک کہ ظہر کی نماز کا وقت آ گیا،

## دشمن کی فوج نے بھی حضرت حسینؓ کے پیچھے نماز ادا کی!

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے مؤذن کو اذان دینے کا حکم دیا اور سب نماز کے لئے جمع ہو گئے تو حضرت حسینؓ نے فریق مقابل کو سنانے کے لئے ایک تقریر فرمائی، جس میں حمد و صلوٰۃ کے بعد فرمایا

''اے لوگو! میں اللہ تعالیٰ کے سامنے اور تمہارے سامنے یہ عذر رکھتا ہوں کہ میں نے اس وقت تک یہاں آنے کا ارادہ نہیں کیا جب تک تمہارے بے شمار خطوط اور وفود میرے پاس نہیں پہنچے جن میں بیان کیا گیا تھا کہ اس وقت تک ہمارا کوئی امام اور امیر نہیں، آپ آ جائیں تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری ہدایت کا

www.e-iqra.com

ذریعہ بنادیں،

میں تمہارے بلانے پر آ گیا، اب اگر تم اپنے وعدوں اور عہدوں پر قائم ہو تو میں تمہارے شہر کوفہ میں جاتا ہوں اور اگر اب تمہاری رائے بدل گئی ہے اور میرا آنا تمہیں ناگوار ہے تو میں جہاں سے آیا تھا وہیں واپس چلا جاتا ہوں۔''

تقریر سن کر سب خاموش رہے، حضرت حسینؓ نے مؤذن کو اقامت کہنے کا حکم دیا اور حر بن یزید سے خطاب کر کے فرمایا کہ تم اپنے لشکر کے ساتھ علیحدہ نماز پڑھو گے یا ہمارے ساتھ، حُر نے کہا کہ نہیں آپ ہی نماز پڑھائیں، ہم سب آپ کے پیچھے نماز پڑھیں گے، حضرت حسینؓ نے نماز ظہر پڑھائی اور پھر اپنی جگہ تشریف لے گئے، حر بن یزید اپنی جگہ چلے گئے۔

اس کے بعد نماز عصر کا وقت آیا تو پھر حضرت حسینؓ نے نماز پڑھائی اور سب شریک جماعت ہوئے، عصر کے بعد پھر حضرت حسینؓ نے ایک خطبہ دیا۔

## میدانِ جنگ میں حضرت حسین کا دوسرا خطبہ

خطبہ میں حمد وثناء کے بعد فرمایا

''اے لوگو! اگر تم اللہ سے ڈرو اور اہل حق کا حق پہچانو تو وہ اللہ تعالیٰ

www.e-iqra.com

کی رضا کا سبب ہوگا، ہم اہل بیت اس خلافت کے لئے ان لوگوں سے زیادہ حق دار ہیں، جو حق کے خلاف اس کا دعوے کرتے ہیں اور تم پر ظلم و جور کی حکومت کرتے ہیں اور اگر تم ہمیں ناپسند کرتے ہو اور ہمارے حق سے جاہل ہو اور اب تمہاری رائے وہ نہیں رہی جو تمہارے خطوط میں لکھی تھی اور تمہارے قاصدوں نے مجھ تک پہنچائی تھی تو میں لوٹ جاتا ہوں'' (کامل ابن اثیر ص ۱۹ ج ۴)

اس وقت حر بن یزید نے کہا کہ ہمیں ان خطوط اور وفود کی کچھ خبر نہیں کہ وہ کیا ہیں اور کس نے لکھے ہیں حضرت حسینؓ نے دو تھیلے خطوط سے بھرے ہوئے نکالے اور ان کو ان لوگوں کے سامنے اُنڈیل دیا، حر نے کہا کہ بہر حال ہم ان خطوط کے لکھنے والے نہیں ہیں، اور ہمیں امیر کی طرف سے یہ حکم ملا ہے کہ ہم آپ کو اس وقت تک نہ چھوڑیں جب تک ابن زیاد کے پاس کوفہ نہ پہنچا دیں، حضرت حسینؓ نے جواب دیا کہ اس سے تو موت بہتر ہے۔

اس کے بعد حضرت حسینؓ نے اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ سوار ہو جائیں اور واپس لوٹ جائیں، مگر اب حر بن یزید نے اس ارادہ سے روکا تو حضرت حسینؓ کی زبان سے نکلا، ''تمہاری ماں تمہیں روئے تم کیا چاہتے ہو'' حر بن یزید نے کہا کہ بخدا اگر تمہارے سوا کوئی دوسرا آدمی میری ماں کا نام لیتا تو میں اسے بتا دیتا اور اس کی ماں کا اسی طرح ذکر کرتا، لیکن تمہاری ماں کو برائی کے ساتھ ذکر کرنا کسی کی قدرت میں نہیں، حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ

www.e-iqra.com

اچھا بتاؤ تمہارا کیا ارادہ ہے، حر بن یزید نے کہا کہ ارادہ یہ ہے کہ آپ کو ابن زیاد کے پاس پہنچا دوں، حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو پھر میں تمہارے ساتھ ہرگز نہ جاؤں گا، حر نے کہا کہ تو پھر میں بخدا آپ کو نہ چھوڑوں گا، کچھ دیر تک یہی رد و کد ہوتی رہی،

## حُر بن یزید کا اعترافِ حق

پھر حُر نے کہا کہ مجھے آپ سے قتال کرنے کا حکم نہیں دیا گیا بلکہ حکم یہ ہے کہ میں آپ سے اس وقت تک جدا نہ ہوں، جب تک آپ کو کوفہ نہ پہنچا دوں اس لیے آپ ایسا کر سکتے ہیں کہ کوئی ایسا راستہ اختیار کریں جو نہ کوفہ پہنچائے اور نہ مدینہ، یہاں تک کہ میں ابن زیاد کو خط لکھوں، اور آپ بھی یزید کو یا ابن زیاد کو لکھیں، شاید اللہ تعالیٰ میرے لئے کوئی ایسا مخلص پیدا کر دیں کہ میں آپ کے مقاتلہ اور آپ کی ایذا سے بچ جاؤں،

اس لیے حضرت حسینؓ نے عذیب اور قادسیہ کے راستہ سے بائیں جانب چلنا شروع کر دیا اور حُر مع اپنے لشکر کے ان کے ساتھ چلتا رہا، اسی اثناء میں حضرت حسینؓ نے پھر ایک خطبہ دیا، جس میں حمد و ثناء کے بعد فرمایا

## حضرت حسینؓ کا تیسرا خطبہ

اے لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص کسی ایسے بادشاہ کو دیکھے جو اللہ کے حرام کو حلال سمجھے اور اللہ کے عہد کو توڑ دے سنت

www.e-iqra.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرے، اللہ کے بندوں کے ساتھ گناہ اور ظلم و عدوان کا معاملہ کرے اور یہ شخص اس کے ایسے افعال و اعمال دیکھنے کے باوجود کسی قول یا فعل سے اس کی مخالفت نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ اس کو بھی اسی ظالم بادشاہ کے ساتھ اسی کے مقام (دوزخ) میں پہنچا دے۔

اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ یزید اور اس کے امراء و حکام نے شیطان کی پیروی کو اختیار کر رکھا ہے اور رحمٰن کی اطاعت کو چھوڑ بیٹھے ہیں، اور زمین میں فساد پھیلا دیا، حدود الٰہیہ کو معطل کر دیا، اسلامی بیت المال کو اپنی مِلک سمجھ لیا، اللہ کے حرام کو حلال کر ڈالا اور حلال کو حرام ٹھہرا دیا،

اور میں دوسروں سے زیادہ حقدار ہوں، اور میرے پاس تمہارے خطوط اور وفود تمہاری بیعت کا پیغام لے کر پہنچے ہیں اور یہ کہ تم میرا ساتھ نہ چھوڑو گے اور میری جان کو اپنی جانوں کو برابر سمجھو گے،

اب اگر تم اپنی بیعت پر قائم ہو تو ہدایت پاؤ گے، میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی لختِ جگر فاطمہؓ کا بیٹا ہوں، میری جان آپ لوگوں کی جانوں کے ساتھ اور میرے اہل و عیال آپ لوگوں کے اہل و عیال کے ساتھ، تم لوگوں کو میرا اتباع کرنا چاہئے۔

اور اگر تم ایسا نہیں کرتے بلکہ میری بیعت کو توڑتے ہو اور میرے عہد سے پھر جاتے ہو تو وہ تم لوگوں سے کچھ بعید نہیں، کیونکہ یہی کام تم میرے باپ علیؓ اور بھائی حضرت حسنؓ اور چچا زاد بھائی مسلم بن عقیلؓ کے ساتھ کر

www.e-iqra.com

چکے ہو۔

اور وہ آدمی بڑا فریب میں ہے جو تمہارے عہد و پیمان سے دھوکہ کھائے، سوتم نے خود اپنا آخرت کا حصہ ضائع کردیا اور اپنے حق میں ظلم کیا، اور جو شخص بیعت کر کے توڑتا ہے وہ اپنا نقصان کرتا ہے اور قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے تم سے مستغنی فرمادیں، والسلام (کامل ابن اثیر)

خود ابن یزید نے خطبہ سن کر کہا کہ میں آپ کو اپنی جان کے بارے میں خدا کی قسم دیتا ہوں، کیونکہ میں یقین کے ساتھ جانتا ہوں کہ اگر آپ قتال کریں گے تو قتل کیے جائیں گے،

حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ کیا تم مجھ کو موت سے ڈرانا چاہتے ہو، جو میں کہہ رہا ہوں اس پر توجہ نہیں دیتے، میں آپ کے جواب میں صرف وہی کہہ سکتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امداد کیلئے نکلنے والے ایک صحابی نے اپنے بھائی کی نصیحت کے جواب میں کہا تھا، بھائی نے اس سے کہا کہ تم کہاں جاتے ہو قتل کردیئے جاؤ گے تو اس صحابی نے جواب میں یہ شعر پڑھے

سأمضی وما بالموت عار علی الفتیٰ

اذا مانوی خیرا وجاهد مسلما

فان عشت لم اندم و ان مت لم الم

کفی بک ذلا ان تعیش وترغما

"یعنی میں اپنے ارادہ کو پورا کروں گا اور موت میں کسی جوان

www.e-iqra.com

کے لیے کوئی عار نہیں جبکہ اس کی نیت خیر ہو اور مسلمان ہو کر جہاد کر رہا ہو، پھر اگر میں زندہ رہ گیا تو نادم نہ ہوں گا، اور اگر مر گیا تو قابلِ ملامت نہ ہوں گا اور تمہارے لیے اس سے بڑی ذلت کیا ہے کہ ذلیل و خوار ہو کر زندہ رہو۔''

حر بن یزید کچھ تو پہلے سے اہل بیت کا احترام دل میں رکھتا تھا، کچھ خطبوں سے متاثر ہو رہا تھا، یہ کلام سن کر ان سے علیحدہ ہو گیا اور ساتھ ساتھ چلنے لگا۔

www.e-iqra.com

## طرماح بن عدی کا معرکہ میں پہنچنا

اسی حال میں چار آدمی کوفہ سے حضرت حسینؓ کے مددگار پہنچے، جن کا سردار طرماح بن عدی تھا، حر بن یزید نے چاہا کہ انہیں گرفتار کر لے یا واپس کر دے، مگر حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ یہ میرے مددگار اور رفیق ہیں ان کی ایسی ہی حفاظت کروں گا جیسے اپنی جان کی کرتا ہوں، حر بن یزید نے ان کو آنے کی اجازت دے دی،

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے کوفہ کے حالات دریافت کیے، انہوں نے بتلایا کہ کوفہ کے جتنے سردار تھے ان سب کو بڑی بڑی رشوتیں دیدی گئیں اور ان کے تھیلے بھر دیئے گئے، اب وہ سب آپ کے مخالف ہیں، البتہ عوام کے قلوب آپ کے ساتھ ہیں مگر اس کے باوجود جب مقابلہ ہوگا تو تلواریں ان کی بھی آپ کے مقابلہ پر آئیں گی۔

# طرماح بن عدی کا مشورہ

طرماح بن عدی جب حسینؓ کے ساتھیوں میں آ کر شامل ہوئے تو آپ سے عرض کیا کہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ کے ساتھ تو کوئی قوت اور جماعت نہیں، اگر آپ کے قتال کیلئے حر بن یزید کے موجودہ لشکر کے سوا کوئی بھی نہ آئے تب بھی آپ ان پر غالب نہیں آ سکتے، اور میں تو کوفہ سے نکلنے سے پہلے کوفہ کے سامنے آپ کے مقابلہ پر آنے والا اتنا بڑا لشکر دیکھ چکا ہوں تو جو اس سے پہلے کبھی میری آنکھ نے نہ دیکھا تھا، میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ ایک بالشت بھی ان کی طرف نہ بڑھیں، آپ میرے ساتھ چلیں میں آپ کو اپنے پہاڑ آجا میں ٹھہرادوں گا جو نہایت محفوظ قلعہ جیسا ہے ہم نے ملوک غسان اور ضمیر اور لقمان بن منذر کے مقابلہ میں اسی پہاڑ میں پناہ لی اور ہمیشہ کامیاب ہوئے، آپ یہاں جا کر مقیم ہو جائیں، پھر آجا اور سلمیٰ دونوں پہاڑوں پر بسنے والے قبیلہ طے کے لوگوں کو بلائیں، بخدا دس دن نہ گزریں گے اس قبیلہ کے لوگ پیادہ اور سوار آپ کی مدد کیلئے آ جائیں گے اس وقت اگر آپ کی رائے مقابلہ ہی کی ہو تو میں آپ کے لئے بیس ہزار بہادر سپاہیوں کا ذمہ لیتا ہوں، جو آپ کے سامنے اپنی بہادری کے جوہر دکھائیں گے اور جب تک ان میں کسی ایک کی آنکھ بھی کھلی رہے گی کسی کی مجال نہیں کہ آپ تک پہنچ سکے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی

www.e-iqra.com

قوم کو جزائے خیر عطا فرمائے مگر ہمارے اور حر بن یزید کے درمیان ایک بات ہو چکی ہے اب ہم اس کے پابند ہیں اس کے ساتھ کہیں جا نہیں سکتے، اور ہمیں کچھ پتہ نہیں کہ ہمارے ساتھ کیا ہونے والا ہے، طرماح بن عدی رخصت ہو گئے اور اپنے ساتھ سامان رسد لے کر دوبارہ آنے کا وعدہ کر گئے اور پھر آئے بھی، مگر راستہ میں حضرت حسینؓ کی شہادت کی غلط خبر سن کر لوٹ گئے۔

## حضرت حسینؓ کا خواب

اس طرف حضرت حسینؓ چلتے رہے، اور نصر بنی مقاتل تک پہنچ گئے یہاں پہنچ کر آپ کو ذرا غنودگی ہوئی تو اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن ط کہتے ہوئے بیدار ہوئے، آپ کے صاحبزادے علی اکبرؓ نے سنا تو گھبرا کر سامنے آئے اور پوچھا، ابا جان کیا بات ہے، آپ نے فرمایا کہ میں نے خواب دیکھا کہ کوئی گھوڑے سوار میرے پاس آیا اور اس نے کہا کہ کچھ لوگ چل رہے ہیں، اور ان کی موتیں ان کے ساتھ چل رہی ہیں، اس سے میں سمجھا کہ یہ ہماری موت ہی کی خبر ہے۔

## علی اکبرؓ کا مومنانہ ثبات قدم

صاحبزادہ نے عرض کیا کہ ابا جان کیا ہم حق پر نہیں، آپ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کی طرف سب بندگانِ خدا کا رجوع ہے کہ بلاشبہ ہم حق پر ہیں صاحبزادہ نے عرض کیا پھر ہمیں کیا ڈر ہے، جبکہ ہم حق پر مر رہے

www.e-iqra.com

ہیں، حضرت حسینؓ نے ان کو شاباش دی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تم کو جزاء خیر عطا فرمائے، تم نے اپنے باپ کا صحیح حق ادا کیا۔

اس کے بعد حضرت حسینؓ پھر روانہ ہوئے، مقام نینوی تک پہنچے تو ایک سوار کوفہ کی طرف سے آتا ہوا نظر آیا، یہ سب اس کے انتظار میں اُتر گئے اس نے آکر حر بن یزید کو سلام کیا، حضرت حسینؓ کو سلام بھی نہ کیا اور حُر کو ابن زیاد کا ایک خط پہنچایا، جس میں لکھا تھا کہ

''جس وقت تمہیں میرا یہ خط ملے تم حسینؓ پر میدان تنگ کر دو اور ان کو کھلے میدان کے سوا کسی پناہ کی جگہ میں نہ اترنے دو اور ایسے میدان کی طرف لے جاؤ جہاں پانی نہ ہو اور میں نے اپنے اس قاصد کو حکم دیا ہے کہ جب تک میرے اس حکم کی تعمیل نہ کر دو گے تمہارے ساتھ رہے گا''

یہ خط پڑھ کر حُر نے اس کا مضمون حضرت حسینؓ کو سنا دیا، اور اپنی مجبوری ظاہر کی کہ اس وقت میرے سر پر جاسوس مسلط ہیں، میں کوئی مصالحت نہیں کر سکتا۔

# اصحاب حسینؓ کا ارادۂ قتال اور حسینؓ کا جواب کہ میں قتال میں پہل نہ کرونگا

اس وقت حضرت حسینؓ کے ساتھیوں میں سے زہیر بن القینؓ نے عرض کیا کہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہر آنے والی گھڑی مشکلات میں اضافہ کر

www.e-iqra.com

رہی ہے اور ہمارے لئے موجودہ لشکر سے قتال کرنا آسان ہے بہ نسبت اس کے جو اس کے بعد آئے گا، حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ میں قتال میں پہل نہیں کرنا چاہتا، زہیر بن القینؓ نے عرض کیا کہ آپ قتال کی ابتداء نہ کریں، بلکہ ہمیں اس بستی میں لے جائیں جو حفاظت کی جگہ ہے اور دریائے فرات کے کنارہ پر ہے اس پر اگر یہ لوگ ہمیں وہاں جانے سے روکیں تو ہم قتال کریں، آپ نے پوچھا کہ یہ کونسی بستی ہے، کہا گیا کہ عقر ہے، آپ نے فرمایا کہ میں عقر سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں، عقر کے لفظی معنی ہلاکت کے ہیں۔

# عُمر بن سَعد چار ہزار کا مزید لشکر لے کر مقابلہ پر پہنچ گیا

ابھی یہ حضرات اسی گفتگو میں تھے کہ ابن زیاد نے عمر بن سعد کو مجبور کر کے چار ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ کے لئے بھیج دیا، عمر بن سعد نے ہر چند چاہا کہ اس کو حضرت حسینؓ کے مقابلہ کی مصیبت سے نجات مل جائے، مگر ابن زیاد نے کوئی بات نہ سنی اور ان کو مقابلہ کے لئے بھیج دیا۔

عمر بن سعد یہاں پہنچا تو حضرت حسینؓ سے کوفہ آنے کی وجہ پوچھی، آپ نے پورا واقعہ بتلایا، اور یہ کہ میں اہل کوفہ کا بلایا ہوا آیا ہوں، اگر اب بھی ان کی رائے بدل گئی ہے تو واپس جانے کیلئے تیار ہوں۔

عمر بن سعد نے ابن زیاد کو اس مضمون کا خط لکھا کہ حسینؓ واپس جانے

www.e-iqra.com

کے لئے تیار ہیں۔

## حضرت حسینؓ کا پانی بند کردینے کا حکم

ابن زیاد نے جواب دیا کہ حسینؓ کے سامنے صرف ایک بات رکھو کہ یزید کے ہاتھ پر بیعت کریں، جب وہ ایسا کرلیں تو پھر ہم غور کریں گے کہ ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے اور عمر کو حکم دیا کہ حسینؓ اور ان کے رفقاء پر پانی بالکل بند کردو، یہ واقعہ حضرت حسینؓ کی شہادت سے تین روز پہلے کا ہے، ان حضرات پر پانی بالکل بند کردیا گیا، یہاں تک کہ جب یہ سب حضرات پیاس سے پریشان ہوگئے تو حضرت حسینؓ نے اپنے بھائی عباس بن علیؓ کو تیس سوار اور تیس پیادوں کے ساتھ پانی لانے کیلئے بھیج دیا، پانی لانے کیلئے عمر بن سعد کی فوج سے مقابلہ بھی ہوا مگر بالآخر وہ بیس مشکیں پانی کی بھرلائے

## حضرت حسین اور عمر بن سعد کی ملاقات اور مکالمہ

اس کے بعد حضرت حسینؓ نے عمر بن سعد کے پاس پیغام بھیجا کہ آج رات کو ہماری ملاقات اپنے اپنے لشکر کے ساتھ ہوجانی چاہئے تاکہ ہم سب کے سامنے گفتگو کریں، عمر بن سعد اس پیام کے مطابق رات کو ملے،

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

# حضرت حسینؓ کا ارشاد کہ تین باتوں میں سے کوئی اختیار کرلو

حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ ہمارے بارے میں آپ تین صورتوں میں سے کوئی اختیار کرلو۔

۱۔میں جہاں سے آیا ہوں، وہیں واپس چلا جاؤں۔

۲۔یامیں یزید کے پاس پہنچ جاؤں اور خوداس سے اپنا معاملہ طے کروں۔

۳۔یا مجھے مسلمانوں کی کسی سرحد پر پہنچادو جو حال وہاں کے عام لوگوں کا ہو گا میں اسی میں بسر کروں گا۔

بعض لوگوں نے آخری دوصورتوں کا انکار کیا ہے کہ حضرت حسینؓ نے یہ دوصورتیں پیش نہیں فرمائیں۔

عمر بن سعد نے حضرت حسینؓ کی یہ تقریر سن کر پھر ابن زیاد کو خط لکھا کہ:

''اللہ تعالیٰ نے جنگ کی آگ بجھادی، اور مسلمانوں کا کلمہ متفق کر دیا، مجھے حضرت حسینؓ نے تین صورتوں کا اختیار دیا ہے اور ظاہر ہے کہ ان میں آپ کا مقصد پورا ہوتا ہے اور امت کی اس میں صلاح وفلاح ہے۔''

☆☆☆

# ابنِ زیاد کا ان شرطوں کو قبول کرنا اور شمر کی مخالفت

ابن زیاد بھی عمر بن سعد کے اس خط سے متاثر ہوا اور کہا کہ یہ خط ایک ایسے شخص کا ہے جو امیر کی اطاعت بھی چاہتا ہے اور اپنی قوم کی عافیت کا بھی خواہشمند ہے، ہم نے اس کو قبول کرلیا۔

شمر ذی الجوشن نے کہا کہ کیا آپ حسینؓ کو مہلت دینا چاہتے ہیں کہ قوت حاصل کر کے پھر تمہارے مقابلہ پر آئے، وہ اگر آج تمہارے ہاتھ سے نکل گئے تو پھر کبھی تم ان پر قابو نہ پاسکو گے، مجھے اس میں عمر بن سعد کی سازش معلوم ہوتی ہے کیونکہ میں نے سنا ہے کہ وہ راتوں کو آپس میں باتیں کرتے ہیں، ہاں آپ حسینؓ کو اس پر مجبور کریں کہ وہ آپ کے پاس آجائیں، پھر آپ چاہیں سزا دیں چاہیں معاف کریں،

ابن زیاد نے شمر کی رائے قبول کر کے عمر بن سعد کو اسی مضمون کا خط اور خود شمر ذی الجوشن ہی کے ہاتھ عمر بن سعد کے پاس بھیجا اور یہ ہدایت کر دی کہ اگر عمر بن سعد اس حکم کی تعمیل فوراً نہ کرے تو اس کو قتل کر دیا جائے اور اس کی جگہ تم خود لشکر کے امیر ہو۔

# ابن زیاد کا خط عمر بن سعد کے نام

''امابعد، میں نے تمہیں اس لئے نہیں بھیجا کہ تم جنگ سے بچو، یا ان

www.e-iqra.com

کو مہلت دو، یا ان کی سفارش کرو، اگر حسینؓ اور ان کے ساتھی
میرے حکم پر صلح کرنا اور میرے پاس آنا چاہتے ہیں تو ان کو صحیح سالم
پہنچا دو، ورنہ ان سے جنگ کرو، یہاں تک کہ ان کو قتل کرو، مثلہ کرو،
کیونکہ وہ اس کے مستحق ہیں، پھر قتل کے بعد ان کو گھوڑوں کی ٹاپوں
میں روند ڈالو اگر تم نے ہمارے اس حکم کی تعمیل کی تو تم کو ایک
فرمانبردار کی طرح انعام ملے گا اور اگر اس کی تعمیل نہیں کرتے تو
ہمارے لشکر کو فوراً چھوڑ دو اور چارج شمر کے سپرد کر دو، والسلام"

شمر یہ حکم اور خط لے کر روانہ ہونے لگا تو اس کو خیال آیا کہ حضرت حسینؓ کے ساتھیوں میں اور اس کے پھوپھی زاد بھائی عباسؓ، عبداللہ، جعفر، عثمان بھی ہیں۔ ابن زیاد سے ان چاروں کے لئے امان حاصل کیا اور روانہ ہو گیا شمر نے یہ پروانہ امان کسی قاصد کے ہاتھ ان چاروں بزرگوں کے پاس بھیج دیا یہ پروانہ دیکھ کر یک زبان ہو کر بولے کہ:

"ہمیں امان دیا جاتا ہے اور ابن رسول اللہ ﷺ کو امن نہیں دیا جاتا ہمیں تمہارے امان کی حاجت نہیں، اللہ کا امان تمہارے امان سے بہتر ہے، تجھ پر لعنت ہے اور تیرے امان پر بھی۔"

شمر یہ خط لے کر جب عمر بن سعد کے پاس پہنچا تو وہ سمجھ گئے کہ شمر کے مشورہ سے یہ صورت عمل میں آئی ہے کہ میرا مشورہ رد کر دیا گیا، اس کو کہا کہ تم نے بڑا ظلم کیا کہ مسلمانوں کا کلمہ متفق ہو رہا تھا، اس کو ختم کر کے قتل و قتال کا بازار گرم کر دیا، بالآخر حضرت حسینؓ کو یہ پیام پہنچایا گیا، آپ نے اس

www.e-iqra.com

کے قبول کرنے سے انکار فرمادیا کہ اس ذلت سے موت بہتر ہے۔

## حضرت حسین رضؓ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا

شمر ذی الجوشن اس محاذ پر محرم کی نویں تاریخ کو پہنچا تھا، حضرت امام حسینؓ اس وقت اپنے خیمے کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے، اسی حالت میں کچھ اونگھ آ کر آنکھ بند ہوگئی، اور پھر ایک آواز کے ساتھ بیدار ہو گئے، آپ کی ہمشیرہ زینبؓ نے یہ آواز سنی تو دوڑی آئیں اور وجہ پوچھی، فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے، فرمایا کہ تم اب ہمارے پاس آنے والے ہو،

ہمشیرہ یہ سن کر رو پڑیں، حضرت حسینؓ نے تسلی دی، اسی حالت میں شمر کا لشکر سامنے آ گیا، آپ کے بھائی عباسؓ آگے بڑھے اور حریف مقابل سے گفتگو ہوئی، اس نے بلا مہلت قتال کا اعلان سنایا، عباسؓ نے آ کر حضرت حسینؓ کو اطلاع دی۔

## حضرت حسین رضؓ نے ایک رات عبادت گزاری کیلئے مہلت مانگی

حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ ان سے کہو کہ آج کی رات قتال ملتوی

www.e-iqra.com

کردو تاکہ میں آج کی رات میں وصیت اور نماز و دعا اور استغفار کرسکوں، شمر اور عمر بن سعد نے اور لوگوں سے مشورہ کرنے کے بعد مہلت دے دی اور واپس ہو گئے،

## حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی تقریر اہلِ بیت کے سامنے

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے اہل بیت اور اصحاب کو جمع کر کے ایک خطبہ دیا، جس میں فرمایا:۔

''میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں، راحت میں بھی اور مصیبت میں بھی، یا اللہ میں آپ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ہمیں شرافتِ نبوت سے نوازا، اور ہمیں کان اور آنکھ اور دل دیئے جن سے ہم آپ کی آیات سمجھیں اور ہمیں آپ نے قرآن سکھایا اور دین کی سمجھ عطا فرمائی ہمیں آپ اپنے شکر گزار بندوں میں داخل فرمالیجئے۔''

اس کے بعد فرمایا کہ:۔

''میرے علم میں آج کسی شخص کے ساتھی ایسے وفاشعار نیکوکار نہیں ہیں جیسے میرے ساتھی اور نہ کسی کے اہل بیت میرے اہل بیت سے زیادہ ثابت قدم نظر آتے ہیں، آپ لوگوں کو اللہ تعالیٰ میری طرف سے جزاء خیر عطا فرمائے، میں سمجھتا ہوں کہ کل ہمارا

www.e-iqra.com

آخری دن ہے، میں آپ سب کو خوشی سے اجازت دیتا ہوں کہ سب اس رات کی تاریکی میں متفرق ہو جاؤ اور جہاں پناہ ملے چلے جاؤ اور میرے اہل بیت میں سے ایک ایک کا ہاتھ پکڑو، اور مختلف علاقوں میں پھیل جاؤ، کیونکہ دشمن میرا طلبگار ہے وہ مجھے پائے گا تو دوسروں کی طرف التفات نہ کرے گا۔''

یہ تقریر سن کر آپ کے بھائی اور اولاد اور بھائیوں کی اولاد اور عبداللہ بن جعفر کے صاحبزادے یک زبان ہو کر بولے کہ واللہ ہم ہرگز ایسا نہ کرینگے ہمیں اللہ تعالیٰ آپ کے بعد باقی نہ رکھے،

پھر بنو عقیل کو خطاب کر کے فرمایا کہ تمہارے ایک بزرگ مسلم بن عقیل شہید ہو چکے ہیں وہی کافی ہیں، تم سب واپس ہو جاؤ، میں تمہیں خوشی سے اجازت دیتا ہوں، انہوں نے کہا ہم لوگوں کو کیا منہ دکھائیں گے کہ اپنے بزرگوں اور بڑوں کو موت کے سامنے چھوڑ کر اپنی جان بچا لائے، بلکہ واللہ ہم آپ پر اپنی جانیں اور اولاد و اموال قربان کر دیں گے۔

مسلم بن عوسجہ نے اسی طرح کی ایک جوشیلی تقریر کی کہ جب تک میرے دم میں دم ہے میں آپ کے سامنے قتال کرتا ہوا جان دے دوں گا،

آپ کی ہمشیرہ حضرت زینبؓ بے قرار ہو کر رونے لگیں تو آپ نے تسلی دے دی اور یہ وصیت فرمائی۔

www.e-iqra.com

# حضرت حسینؓ کی وصیت اپنی ہمشیرہ اور اہلِ بیت کو

''میری بہن میں تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کہ میری شہادت پر تم کپڑے پھاڑنا یا سینہ کوبی وغیرہ ہرگز نہ کرنا، آواز سے رونے چلانے سے بچنا''[۱]

یہ وصیت فرما کر باہر آ گئے اور اپنے اصحاب کو جمع کر کے تمام شب تہجد اور دعاء و استغفار میں مشغول رہے، یہ عاشوراء کی رات تھی، صبح کو یوم عاشوراء روز جمعہ اور ایک روایت کے موافق روز شنبہ تھا، صبح کی نماز سے فارغ ہوتے ہی عمر بن سعد لشکر لے کر سامنے آ گیا، حضرت حسینؓ کے ساتھ اس وقت کل بہتر (۷۲) اصحاب تھے۔ بتیس (۳۲) سوار اور چالیس (۴۰) پیادہ آپ نے بھی مقابلہ کے لئے اپنے اصحاب کی صف بندی فرمائی

# حُر بن یزید حضرت حسینؓ کے ساتھ

عمر بن سعد نے اپنے لشکر کو چار حصوں پر تقسیم کر کے ہر ایک حصہ کا

---

﴿۱﴾ افسوس ہے کہ آج حضرت حسینؓ سے محبت کا دعویٰ کرنے والے ہی آپ کی اس آخری وصیت کی نہ صرف مخالفت کرتے ہیں بلکہ اس کو دینی شعار سمجھ کر ادا کرتے ہیں، انا للہ ۱۲ محمد شفیع

www.e-iqra.com

ایک امیر بنایا تھا، ان میں سے ایک حصہ کا امیر حُر بن یزید تھا جو سب سے پہلے ایک ہزار کا لشکر لے کر مقابلہ کے لئے بھیجا گیا تھا اور حضرت حسینؓ کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا، اس کے دل میں اہل بیت اطہار کی محبت کا جذبہ بیدار ہو چکا تھا، اس وقت اپنی سابقہ کارروائی پر نادم ہو کر حضرت حسینؓ کے قریب ہوتے ہوتے یکبارگی گھوڑا دوڑا کر حضرت حسینؓ کے لشکر میں آ ملے اور عرض کیا کہ میری ابتدائی غفلت اور آپ کو واپسی کیلئے راستہ نہ دینے کا نتیجہ اس صورت میں ظاہر ہوا جو ہم دیکھ رہے ہیں واللہ مجھے یہ اندازہ نہ تھا کہ یہ لوگ آپ کے خلاف اس حد تک پہنچ جائیں گے اور آپ کی کوئی بات نہ مانیں گے، اگر میں یہ جانتا تو ہرگز آپ کو نہ روکتا، میں اب تائب ہو کر آیا ہوں اس لیے اب میری سزا اور توبہ یہی ہے کہ میں بھی آپ کے ساتھ قتال کرتا ہوا جان دے دوں، اور ایسا ہی ہوا۔

# دونوں لشکروں کا مقابلہ، حضرت حسینؓ کا لشکر کو خطاب

حضرت حسینؓ گھوڑے پر سوار ہوئے اور آگے بڑھ کر باواز بلند فرمایا

| | |
|---|---|
| یھا الناس اسمعوا قولی | لوگو میری بات سنو، جلدی نہ کرو تا کہ |
| ولا تعجلونی حتی | میں حق نصیحت ادا کر دوں جو میرے |

www.e-iqra.com

| | |
|---|---|
| اعظمهم بما يجب لكم | ذمہ ہے اور تاکہ میں تمہیں اپنے |
| عليّ و حتّٰى اعتذر اليكم | |
| مقدمي عليكم فان قبلتم | یہاں آنے کی وجہ بتلادوں پھر اگر تم |
| عذري وصدقتم قولي و | میرا عذر قبول کرو اور میری بات کو سچا |
| انصفتموني كنتم | |
| بذلك اسعد ولم يكن | جانو اور میرے ساتھ انصاف کرو تو |
| لكم عليّ سبيل وان لم | اس میں تمہاری فلاح وسعادت ہے |
| تقبلوا مني العذر | |
| فاجمعوا امركم و | اور پھر تمہارے لیے میرے قتال کا |
| شركائكم ثم لايكن | کوئی راستہ نہیں اور اگر تم میرا عذر قبول |
| امركم عليكم غمة ثم | نہ کرو تو تم سب مل کر مقرر کرو اپنا کام |
| اقضوا اليّ ولا تنظرون | |
| انّ وليّ الله الذي نزل | اور جمع کرلو اپنے شریکوں کو پھر نہ رہے |
| الكتاب وهو يتولى | تم کو اپنے کام میں شبہ پھر کر گزرو |
| الصّالحين ، | میرے ساتھ اور مجھ کو مہلت نہ دو |

(یہ وہ الفاظ ہیں جو نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کہے تھے، مترجم)

☆☆☆

www.e-iqra.com

# بہنوں کی گریہ وزاری اور حضرت حسینؓ کا اس سے روکنا

حضرت حسینؓ کے یہ کلمات بہنوں اور عورتوں کے کان میں پڑے تو ضبط نہ کرسکیں رونے کی آوازیں بلند ہوگئیں، حضرت حسینؓ نے اپنے بھائی عباسؓ کو بھیجا کہ ان کو نصیحت کر کے خاموش کر دیں اور اس وقت فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ابن عباسؓ پر رحم فرمائے، انہوں نے صحیح کہا تھا کہ عورتوں کو ساتھ نہ لے جاؤ۔

# حضرت حسینؓ کا دردانگیز خطبہ

حضرت حسینؓ جب دشمن کی فوج کو مخاطب کر کے متوجہ کر چکے اور عورتوں کو خاموش کر دیا تو ایک دردانگیز ونصیحت آمیز، بلیغ و بے نظیر خطبہ دیا حمد وثناء اور درود وسلام کے بعد فرمایا۔

''اے لوگو! تم میرا نسب دیکھو میں کون ہوں، پھر اپنے دلوں میں غور کرو کیا تمہارے لئے جائز ہے کہ تم مجھے قتل کرو اور میری عزت پر ہاتھ ڈالو، کیا میں تمہارے نبیﷺ کی صاحبزادیؓ کا بیٹا نہیں ہوں کیا میں اس باپؓ کا بیٹا نہیں ہوں جو رسول اللہ ﷺ کا چچازاد بھائی

www.e-iqra.com

اور وصی[1] اولی المومنین باللہ تھا، کیا سید الشہداء حمزہ میرے باپ کے چچا نہیں تھے کیا جعفر طیار میرے چچا نہیں تھے کیا تمہیں یہ حدیث مشہور نہیں پہنچی کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور میرے بھائی حسنؓ کو سید اشباب اھل الجنت اور قرۃ عین اہل السنّت فرمایا ہے، اگر تم میری بات کی تصدیق کرتے ہو اور واللہ میری بات بالکل حق ہے، میں نے عمر بھر کبھی جھوٹ نہیں بولا جب سے مجھے یہ معلوم ہوا کہ اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور اگر

[1] حضرت حسین کے خطبہ کے یہ الفاظ ابن اثیر نے نقل کیے ہیں اور میں نے شروع رسالہ میں اس پر تنبیہ کر دی ہے کہ میں نے تاریخی حیثیت سے ابن اثیر کی تاریخ کو مستند سمجھ کر اس کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس کا مستند ہونا صرف تاریخی درجہ تک ہے تاریخی روایات کے الفاظ سے احکام عقائد یا احکام حلال وحرام اخذ نہیں کئے جا سکتے اس کیلئے محدثانہ تنقید کے بعد جو الفاظ ثابت ہوں صرف انہیں پر اعتماد کیا جا سکتا ہے خطبہ کے الفاظ میں حضرت علیؓ کو رسول اللہ ﷺ کا وصی اور اولی المومنین باللہ کہا گیا ہے اول تو ان دونوں لفظوں سے وہ بات ثابت نہیں ہوتی جو اہل تشیع سنت کے خلاف بیان کرتے ہیں، اور بالفرض ان لفظوں کے وہی معنے لئے جائیں تو پھر ابن اثیر کی یہ روایت دوسری احادیث صحیح کی روایات کے مقابلہ میں متروک ہوگی جس کی تفصیل اپنے موقع پر مذکور ہے یہ جگہ ان بحثوں کی نہیں، رسالہ تذکرہ کراچی میں اس پر تنقید کی گئی تھی اس لئے ان کے شکریہ کے ساتھ اس حاشیہ میں اضافہ کرتا ہوں اور بھی چند جگہ لفظی اصطلاحات کا مشورہ قبول کر کے ترمیم کر دی گئی ہے ۱۲ محمد شفیع ۲/محرم ۱۳۷۶ء ،

www.e-iqra.com

تمہیں میری بات کا یقین نہیں تو تمہارے اندر ایسے لوگ موجود ہیں جن سے اس کی تصدیق ہو سکتی ہے، پوچھو جابر بن عبداللہ سے ، دریافت کرو ابوسعید یا سہل بن سعد سے، معلوم کرو زید بن ارقم یا انس سے وہ تمہیں بتلائیں گے کہ بیشک یہ بات انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے، کیا یہ چیزیں تمہارے لیے میرا خون بہانے سے روکنے کو کافی نہیں، مجھے بتلاؤ کہ میں نے کسی کو قتل کیا ہے جس کے قصاص میں مجھے قتل کر رہے ہو یا میں نے کسی کا مال لوٹا ہے یا کسی کو زخم لگایا ہے"۔

اس کے بعد حضرت حسینؓ نے رؤساء کوفہ کا نام لے کر پکارا، اے شیث بن ربعی، اے حجاز بن ابجر، اے قیس بن اشعث، اے زید بن حارث کیا تم لوگوں نے مجھے بلانے کے لئے خطوط نہیں لکھے، یہ سب لوگ مکر گئے کہ ہم نے نہیں لکھے، حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ میرے پاس تمہارے خطوط موجود ہیں۔

اس کے بعد فرمایا

"اے لوگو! اگر تم میرا آنا پسند نہیں کرتے تو مجھے چھوڑ دو میں کسی ایسی زمین میں چلا جاؤں جہاں مجھے امن ملے"۔

قیس بن اشعث نے کہا کہ آپ اپنے چچازاد بھائی ابن زیاد کے حکم پر کیوں نہیں اتر آتے، وہ پھر آپ کے بھائی ہیں، آپ کے ساتھ برا سلوک نہ کریں گے، حضرت حسینؓ نے فرمایا کہ مسلم بن عقیل کے قتل کے بعد بھی

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

تمہاری یہی رائے ہے، واللہ میں کبھی اس کو قبول نہ کروں گا، یہ فرما کر حضرت حسینؓ گھوڑے سے اتر آئے۔

اس کے بعد زہیر بن القینؓ کھڑے ہوئے اور ان لوگوں کو نصیحت کی کہ آلِ رسول کے خون سے باز آ جائیں اور بتلایا کہ اگر تم اپنی اس حرکت سے باز نہ آئے اور ابن زیاد کا ساتھ دیا تو خوب سمجھ لو کہ تم کو بھی ابن زیاد سے کوئی فلاح نہ پہنچے گی، وہ تم کو بھی قتل و غارت کرے گا، ان لوگوں نے زہیر کو برا بھلا کہا، اور ابن زیاد کی تعریف کی اور کہا کہ ہم تم سب کو قتل کر کے ابن زیاد کے پاس بھیجیں گے،

زہیرؓ نے پھر کہا ظالمو! اب بھی ہوش میں آؤ، فاطمہؓ کا بیٹا سمیہ کے بیٹے (ابن زیاد) سے زیادہ محبت و اکرام کا مستحق ہے، اگر تم ان کی امداد نہیں کرتے تو ان کو اور ان کے چچا زاد بھائی یزید کو چھوڑ دو کہ وہ آپس میں نبٹ لیں، بخدا یزید بن معاویہؓ تم سے اس پر ناراض نہ ہوگا۔

جب گفتگو طویل ہونے لگی تو شمر نے پہلا تیر ان پر چلا دیا، اس کے بعد حُر بن یزیدؓ جو اب تائب ہو کر حضرت حسینؓ کے لشکر میں شامل ہو گئے تھے، آگے بڑھے اور لوگوں کو خطاب کیا۔

''اے اہلِ کوفہ تم ہلاک و برباد ہو جاؤ، کیا تم نے ان کو اس لیے بلایا تھا کہ وہ آ جائیں تو تم ان کو قتل کرو، تم نے کہا تھا کہ ہم اپنی جان و مال آپ پر قربان کریں گے اور اب تم ہی ان کے قتل کے درپے ہو، ان کو اس کی بھی اجازت نہیں دیتے کہ خدا کی طویل و عریض

زمین میں کہیں چلے جائیں، جہاں ان کو اور اہل بیت کو امن ملے، ان کو تم نے قیدیوں کی مثل بنالیا ہے اور دریائے فرات کا جاری پانی ان پر بند کر دیا ہے جس کو یہودی، نصرانی، مجوسی سب پیتے ہیں، اور جس میں اس علاقے کے خنزیر لوٹتے ہیں، حسینؓ اور ان کے اہل بیت پیاس سے بے ہوش ہو رہے ہیں، تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان سے ان کی اولاد کے بارے میں نہایت شرمناک سلوک کیا، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز تم کو پیاسا رکھے اگر توبہ نہ کرو، اور اپنی حرکت سے باز نہ آ جاؤ''۔

اب حُر بن یزید پر بھی تیر پھینکے گئے وہ واپس آ گئے اور حضرت حسینؓ کے آگے کھڑے ہو گئے، اس کے بعد تیر اندازی کا سلسلہ شروع ہو گیا، پھر گھمسان کی جنگ ہوئی، فریق مخالف کے بھی کافی آدمی مارے گئے، حضرت حسینؓ کے رفقاء بھی بعض شہید ہوئے، حُر بن یزید نے حضرت حسینؓ کے ساتھ ہو کر شدید قتال کیا، بہت سے دشمنوں کو قتل کیا، مسلم بن عوسجہؓ زخمی ہو کر گر گئے، حبیب بن مطہرؓ ان کے پاس آئے اور کہا کہ جنت کی خوشخبری تمہارے لئے ہے، اگر میں یہ جانتا کہ میں بھی تمہارے پیچھے شہید ہونے والا ہوں تو میں تم سے تمہاری وصیت دریافت کرتا، انہوں نے کہا کہ ہاں میں ایک وصیت کرتا ہوں اور حضرت حسینؓ کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ جب تک زندہ ہو ان کی حفاظت کرنا،

اس کے بعد شقی و بدبخت شمر نے چاروں طرف سے حضرت حسینؓ اور

www.e-iqra.com

ان کے رفقاء پر ہلہ بول دیا، حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے رفقاء نے بڑی بہادری سے مقابلہ کیا، کوفہ کے لشکر پر جس طرف حملہ کرتے تھے میدان صاف ہو جاتا تھا، جب عروہ بن قیس نے یہ حالت دیکھی تو عمر بن سعد سے مزید کمک طلب کی اور شیث بن ربعی سے کہا کہ تم کیوں آگے نہیں بڑھتے اس وقت شیث سے نہ رہا گیا اور کہا کہ تم سب گمراہ ہو، ابن علی جو اس وقت روئے زمین پر سب سے بہتر ہیں ان سے قتال کرتے ہو اور سمیہ زانیہ کے لڑکے ابن زیاد کا ساتھ دیتے ہو،

عمرو بن سعد نے جو کمک اور تازہ دم پانسو سپاہی بھیجے یہ آ کر مقابلہ پر ڈٹ گئے، اصحاب حسینؓ نے اس کا بھی نہایت بہادری سے مقابلہ کیا اور گھوڑے چھوڑ کر میدان میں پیادہ آ گئے، اس وقت بھی حُر بن یزید نے سخت قتال کیا، اب دشمن نے خیموں میں آگ لگانا شروع کی،

# گھمسان جنگ میں نمازِ ظُہر کا وقت

حضرت حسینؓ کے اکثر رفقاء شہید ہو چکے تھے اور دشمن کے دستے حضرت حسینؓ کے قریب پہنچ چکے تھے، ابوشامہ صائدی نے عرض کیا کہ میری جان آپ پر قربان ہو میں چاہتا ہوں کہ آپ کے سامنے قتل کیا جاؤں، لیکن یہ دل چاہتا ہے کہ ظہر کا وقت ہو چکا ہے، یہ نماز ادا کر کے پروردگار کے سامنے جاؤں حضرت حسینؓ نے باآواز بلند فرمایا کہ جنگ ملتوی کرو، یہاں تک کہ ہم نماز پڑھ لیں، ایسی گھمسان جنگ میں کون سنتا

www.e-iqra.com

تھا طرفین سے قتل وقتال جاری تھا اور ابوشامہؓ اسی حالت میں شہید ہو گئے، اس کے بعد حضرت حسینؓ نے اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز ظہر صلوٰۃ الخوف کے مطابق ادا فرمائی،

نماز کے بعد پھر قتال شروع کیا، اب یہ لوگ حضرت حسینؓ تک پہنچ چکے تھے، حنفی حضرت حسینؓ کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے اور سب تیر اپنے بدن پر کھاتے رہے، یہاں تک کہ زخموں سے چور ہو کر گر گئے، اس وقت زہیر بن القینؓ نے حضرت حسینؓ کی مدافعت میں سخت قتال کیا، یہاں تک کہ وہ بھی شہید ہو گئے، اس وقت حضرت حسینؓ کے پاس بجز چند رفیقوں کے کوئی نہ رہا تھا اور یہ رفقاء بھی دیکھ رہے تھے کہ ہم نہ حضرت حسینؓ کو بچا سکتے ہیں نہ خود بچ سکتے ہیں، تو اب ان میں سے ہر شخص کی یہ خواہش تھی کہ میں حضرت حسینؓ کے سامنے پہلے شہید ہو جاؤں، اس لیے ہر شخص نہایت شدت وشجاعت سے مقابلہ کر رہا تھا، اسی میں حضرت حسینؓ کے بڑے صاحبزادے علی اکبرؓ یہ شعر پڑھتے ہوئے آگے بڑھے۔

انا ابن علی بن الحسین بن علی    نحن و رب البیت اولی بالنبی

''یعنی میں حسین بن علی کا بیٹا ہوں، قسم ہے رب البیت کی کہ ہم رسول اللہ ﷺ سے قریب تر ہیں۔''

کم بخت مرہ ابن منقذ نے ان کو نیزہ مار کر گرا دیا، پھر کچھ اور شقی آگے بڑھے اور لاش کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، حضرت حسین رضی اللہ عنہ

www.e-iqra.com

سامنے آئے اور کہا خدا تعالیٰ اس قوم کو برباد کرے جس نے تجھ کو قتل کیا ہے، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کیسے بے وقوف ہیں تیرے بعد اب زندگی پر خاک ہے، ان کی لاش اٹھا کر خیمہ کے پاس لائی گئی، عمرو بن سعد نے قاسم بن حسن رضی اللہ عنہ کے سر پر تلوار ماری وہ گرے، اوران کے منہ سے نکلا یا عماہ تو حضرت حسینؓ نے دوڑ کر ان کو سنبھالا اور عمرو پر تلوار سے حملہ کیا، کہنی سے اس کا ہاتھ کٹ گیا، حضرت حسینؓ اپنے بھتیجے قاسمؓ کی لاش کو اپنے کاندھے پر اٹھا کر لائے اور اپنے بیٹے اور دوسرے اہل بیت کے برابر لٹا دیا، اب حضرت حسینؓ تقریباً تنہا بے یارو مددگار رہ گئے،

لیکن ان کی طرف بڑھنے کی کسی کو ہمت نہیں ہوئی، اسی طرح بہت دیر تک یہی کیفیت رہی کہ جو شخص آپ کی طرف بڑھتا اُسی طرح لوٹ جاتا اور حضرت حسینؓ کے قتل اور اس کے گناہ کو اپنے سر لینا نہ چاہتا تھا، یہاں تک کہ قبیلہ کندہ کا ایک شقی القلب مالک بن نسیر آگے بڑھا اور حضرت امام حسین کے سر پر تلوار سے حملہ کیا، آپ شدید زخمی ہو گئے، اپنے چھوٹے صاحبزادے عبداللہؓ[۱] کو بلایا اور اپنی گود میں بٹھا لیا، بنی اسد کے ایک بدنصیب نے ان کو بھی تیر مار کر ہلاک کر دیا، حضرت حسینؓ نے اس معصوم

﴿۱﴾ بعض واقعات شہادت لکھنے والوں نے عبداللہؓ کو علی اصغر لکھا ہے مگر مستند یہ ہے کہ علی اصغر حضرت علی ابن الحسین زین العابدینؒ کا نام ہے جو شہید نہیں ہوئے ۱۲ ابن کثیر ۱۲

www.e-iqra.com

بچے کا خون لے کر زمین پر بکھیر دیا، اور دعا کی یا اللہ تو ہی ان ظالموں سے ہمارا انتقام لے،

اس وقت حضرت حسینؓ کی پیاس حد کو پہنچ چکی تھی، آپ پانی پینے کے لئے دریائے فرات کے قریب تشریف لے گئے، ظالم حصین بن نمیر نے آپ کے منہ پر نشانہ کر کے تیر پھینکا، جو آپ کو لگا اور دہنِ مبارک سے خون جاری ہو گیا اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ،

## حضرت حسینؓ کی شہادت

اس کے بعد شمر دس آدمی ساتھ لے کر حضرت حسینؓ کی طرف بڑھا، حضرت حسینؓ شدید پیاس اور اتنے زخموں کے باوجود ان کا دلیرانہ مقابلہ کر رہے تھے اور جس طرف حضرت حسینؓ بڑھتے یہ بھاگتے نظر آتے تھے، اہل تاریخ نے کہا ہے کہ یہ ایک بے نظیر واقعہ ہے کہ جس شخص کی اولاد اور اہل بیت قتل کر دیئے گئے ہیں اس کو خود شدید زخم لگے ہوئے ہوں اور وہ پانی کے ایک ایک قطرہ سے محروم ہو اور وہ اس وقت اور ثبات قدمی سے مقابلہ کر رہا ہے کہ جس طرف رخ کرتا ہے مسلح سپاہی بھیڑ بکریوں کی طرح بھاگنے لگتے ہیں۔

شمر نے جب یہ دیکھا کہ حضرت حسینؓ کے قتل کرنے سے ہر شخص بچنا چاہتا ہے تو آواز دی کہ سب یکبارگی سے حملہ کرو، اس پر بہت سے بدنصیب آگے بڑھے، نیزوں اور تلواروں سے یکبارگی حملہ کیا اور ابن رسول اللہ، خیر خلق اللہ فی الارض ظالموں کا دلیرانہ مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ

www.e-iqra.com

وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن.

شمر نے خولی بن یزید سے کہا کہ ان کا سر کاٹ لو، وہ آگے بڑھا مگر ہاتھ کانپ گئے، پھر شقی بد بخت سنان بن انس نے یہ کام انجام دیا، آپ کی لاش کو دیکھا تو تینتیس زخم نیزوں کے اور چونتیس زخم تلواروں کے آپ کے بدن پر تھے، تیروں کے زخم ان کے علاوہ، نرضی اللہ عنہم و ارضاہ و رزقنا حبہ و حب من والدہ،

حضرت حسینؓ اور عام اہل بیت کے قتل سے فارغ ہو کر یہ ظالم علی اصغر حضرت زین العابدینؓ کی طرف متوجہ ہوئے، شمر نے ان کو بھی قتل کرنا چاہا، حمید بن مسلم نے کہا سبحان اللہ تم بچہ کو قتل کرتے ہو اور جب کہ وہ مریض بھی ہے، شمر نے چھوڑ دیا، عمر بن سعد آگے آئے اور کہا کہ ان عورتوں کے خیمہ کے پاس کوئی نہ جائے اور اس مریض بچہ سے کوئی تعرض نہ کرے۔

## لاش کو روندا گیا

ابن زیاد شقی کا حکم تھا کہ قتل کے بعد لاش کو گھوڑوں کے ٹاپوں سے روندا جائے، عمر بن سعد نے چند سواروں کو حکم دیا، انہوں نے یہ بھی کر ڈالا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

## مقتولین اور شہداء کی تعداد

جنگ کے خاتمہ پر مقتولین کی شمار کی گئی تو حضرت حسینؓ کے اصحاب

www.e-iqra.com

میں بہتر حضرات شہید ہوئے اور عمر بن سعد کے لشکر کے اٹھاسی سپاہی مارے گئے، حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء کو اہل غاضریہ نے ایک روز بعد دفن کیا،

# حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء کے سَر ابن زیاد کے دربار میں

خولی بن یزید اور حمید بن مسلم ان حضرات کے سر کو لے کر کوفہ روانہ ہوئے اور ابن زیاد کے سامنے پیش کیے، ابن زیاد نے لوگوں کو جمع کر کے سب سروں کے سامنے رکھا، اور ایک چھڑی سے حضرت حسینؓ کے دہنِ مبارک کو چھونے لگا، زید بن ارقمؓ سے نہ رہا گیا، اور بول اٹھے کہ چھڑی ان متبرک ہونٹوں کے اوپر سے ہٹالے، قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ ان ہونٹوں کو بوسہ دیتے تھے، یہ کہہ کر رو پڑے، ابن زیاد نے کہا کہ اگر تم سن رسیدہ بوڑھے نہ ہوتے تو میں تمہاری بھی گردن مار دیتا، زید بن ارقم یہ کہتے ہوئے باہر آ گئے کہ اے قوم عرب تم نے سیدۃ النساء فاطمہؓ کے بیٹے کو قتل کر دیا اور مرجانہ کے بیٹے کو اپنا امیر بنا لیا، وہ تمہارے اچھے لوگوں کو قتل کرے گا، اور شریروں کو غلام بنائے گا، تمہیں کیا ہوا کہ اس ذلت پر راضی ہو گئے۔

☆☆☆

www.e-iqra.com

# بقیہ اہلِ بیت کوکوفہ میں......اور ......ابن زیاد سے مکالمہ

عمر ابن سعد دو روز کے بعد بقیہ اہلِ بیت حضرت حسینؓ کی بیٹیوں اور بہنوں اور بچوں کو ساتھ لے کر کوفہ کیلئے نکلے تو حضرت حسینؓ اور ان کے اصحاب کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں، عورتوں بچوں کے سامنے یہ منظر آیا تو کہرام مچ گیا اور گویا زمین و آسمان رونے لگے، عمر بن سعد نے ان سب اہل بیت کو ابن زیاد کے سامنے پیش کیا، تو حضرت حسینؓ کی ہمشیرہ زینبؓ بہت میلے اور خراب کپڑے پہن کر پہنچیں اور ان کی باندیاں ان کے اردگرد تھیں اور ایک طرف جا کر خاموش بیٹھ گئیں، ابن زیاد نے پوچھا، یہ علیحدہ بیٹھنے والی کون ہے، زینبؓ نے جواب نہ دیا، کئی مرتبہ اسی طرح دریافت کیا، مگر زینبؓ خاموش رہیں جب کسی لونڈی نے کہا کہ یہ زینبؓ بنت فاطمہؓ ہیں، ابن زیاد بولا، شکر ہے اللہ کا جس نے تمہیں رسوا کیا اور قتل کیا، اور تمہاری بات کو جھوٹا کیا، اس پر حضرت زینبؓ کڑک کر بولیں، شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں محمد مصطفیٰ ﷺ کے نسب سے شرف بخشا، اور قرآن میں ہمارے پاک کرنے کو بیان کیا، رسوا وہ ہوتا ہے جو اللہ کی نافرمانی کرے۔

ابن زیاد نے غصہ میں آ کر کہا کہ اللہ نے مجھے تمہارے غیظ سے شفا دی اور تمہارے سرکش کو ہلاک کیا، حضرت زینبؓ کا دل بھر آیا، رونے لگیں

www.e-iqra.com

اور کہا کہ تو نے ہمارے سب چھوٹوں بڑوں کو قتل کر دیا، اگر یہی تیری شفا ہے تو شفا سمجھ لے۔

اس کے بعد ابن زیاد علی اصغرؓ کی طرف متوجہ ہوا، ان کا نام پوچھا، بتلایا کہ علی نام ہے، اس نے کہا وہ تو قتل کر دیا گیا، علی اصغرؓ نے بتلایا کہ وہ میرے بڑے بھائی تھے، ان کا نام بھی علی تھا، ابن زیاد نے ان کو بھی قتل کرنے کا ارادہ کیا، تو علی اصغرؓ نے کہا کہ میرے بعد ان عورتوں کا کون کفیل ہوگا، ادھر حضرت زینبؓ ان کی پھوپھی ان کو لپٹ گئیں اور کہنے لگیں کہ اے ابن زیاد کیا ابھی تک ہمارے خون سے تیری پیاس نہیں بجھی، میں تجھے خدا کی قسم دیتی ہوں اگر تو ان کو قتل کرے تو ہم کو بھی ان کے ساتھ قتل کر دے،

علی اصغرؓ نے فرمایا کہ اے ابن زیاد اگر تیرے اور ان عورتوں کے درمیان کوئی قرابت ہے تو ان کے ساتھ کسی صالح متقی مسلمان کو بھیجنا جو اسلام کی تعلیم کے مطابق ان کی رفاقت کرے، یہ سن کر ابن زیاد نے کہا اچھا اس لڑکے کو چھوڑ دو کہ خود اپنی عورتوں کے ساتھ جائے۔

اس کے بعد ابن زیاد نے ایک نماز کے بعد خطبہ دیا جس میں حسینؓ اور علی رضی اللہ عنہما پر سب و شتم کیا، مجمع میں عبداللہ بن عفیف ازدی بھی تھے، کھڑے ہو گئے جو نابینا تھے اور ہمہ وقت مسجد میں رہتے تھے، کہا، اے ابن زیاد تو کذاب بن کذاب ہے، تم انبیاء کی اولاد کو قتل کرتے ہو، اور صدیقین کی سی باتیں بناتے ہو، ابن زیاد نے ان کو گرفتار کرنا چاہا تو ان کے قبیلہ کے لوگ چھڑانے کے لئے کھڑے ہو گئے، اس لئے چھوڑ دیئے گئے۔

www.e-iqra.com

# حضرت حسینؓ کے سر مبارک کو کوفہ کے بازاروں میں پھرایا گیا پھر یزید کے پاس شام بھیجا گیا

ابن زیاد کی شقاوت نے اسی پر بس نہیں کیا، بلکہ حکم دیا کہ حضرت حسینؓ کے سر کو ایک لکڑی پر رکھ کر کوفہ کے بازاروں میں اور گلی کوچوں میں گھمایا جائے کہ سب لوگ دیکھ لیں، اس کے بعد اس کو اور دوسرے اصحاب کے سروں کو یزید کے پاس ملکِ شام بھیج دیا اور اسی کے ساتھ عورتوں، بچوں کو بھی روانہ کیا یہ لوگ شام پہنچے تو انعام کے شوق میں حر بن قیس جوان کو لے کر گیا تھا فوراً یزید کے پاس پہنچا یزید نے پوچھا کیا خبر ہے، اس نے میدانِ کربلا کے معرکہ کی تفصیل بتلا کر کہا کہ امیر المومنین کو بشارت ہو کہ مکمل فتح حاصل ہوئی، یہ سب مارے گئے اور ان کی ساری عورتیں اور بچے حاضر ہیں۔

یہ حال سن کر یزید کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور کہا میں تم سے اتنی ہی اطاعت چاہتا تھا کہ بغیر قتل کے گرفتار کرلو، اللہ تعالیٰ ابن سمیہ پر لعنت کرے اس نے ان کو قتل کرا دیا، خدا کی قسم اگر میں وہاں ہوتا تو میں معاف کر دیتا اللہ تعالیٰ حسینؓ پر رحم فرماوے، یہ کہا اور اس شخص کو کوئی انعام نہیں دیا،

سر مبارک جس وقت یزید کے سامنے رکھا گیا تو یزید کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی، حضرت حسینؓ کے دانتوں پر چھڑی لگا کر حصین بن ہمام کے یہ اشعار پڑھے۔

www.e-iqra.com

اِلٰی قومنا ان ینصفونا فانصفت نواضب فی ایماننا تقطر الدما

یفلقن هاما من رجال اعزة علینا و لهم کانوا اعق و اظلما

''یعنی ہماری قوم نے ہمارے ساتھ انصاف نہ کیا تو پھر ہماری چونچکاں تلواروں نے انصاف کیا جنہوں نے ایسے مردوں کے سر پھاڑ دیئے جو ہم پر سخت تھے اور وہ تعلقات قطع کرنے والے ظالم تھے''

ابو ہرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ موجود تھے، آپ نے کہا اے یزید تو اپنی چھڑی حسینؓ کے دانتوں پر لگاتا ہے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ ان کو بوسہ دیتے تھے، اے یزید قیامت کے روز تو آئے گا تو تیری شفاعت ابن زیاد ہی کرے گا اور حسینؓ آئیں گے تو ان کے شفیع محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہونگے، یہ کہہ کر ابو ہرزہؓ مجلس سے نکل گئے۔

## یزید کے گھر ماتم

جب یزید کی بیوی ہند بنت عبداللہ نے یہ خبر سنی کہ حضرت حسینؓ قتل کر دیئے گئے اور ان کا سر لایا گیا ہے تو کپڑا اوڑھ کر باہر نکل آئی اور کہنے لگی امیر المومنین کیا بنت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ یہ معاملہ کیا گیا، اس نے کہا، ہاں خدا ابن زیاد کو ہلاک کرے، اس نے جلدی کی اور قتل کر ڈالا، ہند یہ سن کر رو پڑی۔

یزید نے کہا کہ حسینؓ نے یہ کہا تھا کہ میرا باپ یزید کے باپ سے اور

www.e-iqra.com

میری ماں یزید کی ماں سے اور میرے دادا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید کے دادا سے بہتر ہیں، ان میں پہلی بات کہ میرا باپ بہتر ہے یا ان کا اس کا فیصلہ تو اللہ تعالیٰ کرے گا وہ دونوں وہاں پہنچ چکے ہیں، اللہ ہی جانتا ہے اس نے کس کے حق میں فیصلہ کیا ہے اور دوسری بات کہ ان کی ماں میری ماں سے بہتر ہے تو میں قسم کھاتا ہوں کہ بیشک صحیح ہے ان کی والدہ فاطمہؓ میری والدہ سے بہتر ہیں،

رہی تیسری بات کہ ان کے دادا میرے دادا سے بہتر ہیں، سو یہ ایسی بات ہے کہ کوئی مسلمان جس کا اللہ اور یوم آخرت پر ایمان ہے اس کے خلاف نہیں کہہ سکتا، ان کی یہ سب باتیں صحیح و درست تھیں مگر جو آفت آئی وہ ان کی سمجھ کی وجہ سے آئی، انہوں نے اس آیت پر غور نہیں کیا قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء و تنزع الملک ممن تشاء

اس کے بعد عورتیں، بچے یزید کے سامنے لائے گئے اور سر مبارک اس مجلس میں رکھا ہوا تھا، حضرت حسینؓ کی دونوں صاحبزادیاں فاطمہؓ اور سکینہؓ پنجوں کے بل کھڑے ہو کر سر مبارک کو دیکھنا چاہتی تھیں اور یزید ان کے سامنے کھڑا ہو کر چاہتا تھا کہ نہ دیکھیں جب ان کی نظر اپنے والد ماجد کے سر پر پڑی تو بے ساختہ رونے کی آواز نکل گئی، ان کی آواز سن کر یزید کی عورتیں بھی چلا اٹھیں اور یزید کے محل میں ایک ماتم برپا ہو گیا۔

www.e-iqra.com

## یزید کے دربار میں زینبؓ کی دلیرانہ گفتگو

ایک شامی شخص نے صاجزادی کے متعلق ناشائستہ الفاظ کہے تو ان کی پھوپھی زینبؓ نے نہایت سختی سے کہا کہ نہ تجھے کوئی حق ہے نہ یزید کو، اس پر یزید برہم ہوکر کہنے لگا کہ مجھے سب اختیار حاصل ہے۔ زینبؓ نے فرمایا کہ واللہ جب تک تو ہمارے ملت و مذہب سے نہ نکل جائے تجھے کوئی اختیار نہیں، یزید اس پر اور زیادہ برہم ہوا، حضرت زینبؓ نے پھر تیزی سے جواب دیا، بالآخر خاموش ہوگیا۔

## اہل بیت کی عورتیں یزید کی عورتوں کے پاس

اس کے بعد ان کو زنانخانہ میں اپنی عورتوں کے پاس بھیج دیا، یزید کی عورتوں میں سے کوئی نہ رہی، جس نے ان کے پاس آ کر گریہ و بکا اور ماتم نہ کیا ہو، اور جو زیورات وغیرہ ان سے لے لیے گئے تھے ان سے زائد ان عورتوں نے ان کی خدمت میں پیش کیے۔

## علی بن حسینؓ یزید کے سامنے

اس کے بعد علی اصغرؓ ہتھکڑیوں اور بیڑیوں میں سامنے لائے گئے، انہوں نے سامنے آ کر کہا کہ اگر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح قید میں دیکھتے تو ہماری قید کھول دیتے، یزید نے کہا سچ ہے، اور قید کھول دینے کا حکم دے دیا، اس کے بعد علی اصغرؓ نے فرمایا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ

www.e-iqra.com

وسلم ہمیں اس طرح مجلس میں بیٹھا ہوا دیکھتے تو اپنے قریب بلا لیتے یزید نے ان کو قریب بلالیا اور کہا کہ اے علی بن حسینؓ تمہارے والد نے ہی مجھ سے قطع رحمی کی اور میرے حق کو نہ پہچانا اور میری سلطنت کے خلاف بغاوت کی، اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ معاملہ کیا جو تم نے دیکھا۔

علی اصغرؓ نے قرآن کی آیت پڑھی مَا اَصَابَ مِنْ مُصِیْبَۃٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْ اَنْفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَأَھَا اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ o لِکَیْلَا تَأْسَوْا عَلٰی مَافَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَا اٰتَاکُمْ وَاللّٰہُ لَایُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۔یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ’’جو کوئی مصیبت تمہیں پہنچتی ہے زمین میں یا تمہاری جانوں پر، سو وہ کتاب تقدیر میں لکھی ہوئی ہے زمین کے پیدا کرنے سے قبل، اور یہ کام اللہ کیلئے آسان ہے (اور تمام کاموں کا تابع تقدیر ہونا) اس لیے بیان کیا گیا کہ جو چیز تم سے فوت ہو جائے اس پر زیادہ غم نہ کرو اور جو چیز مل جائے اس پر زیادہ خوش نہ ہو، اللہ تعالیٰ فخر کرنے والے متکبر کو پسند نہیں کرتا‘‘۔

یزید یہ سن کر خاموش ہو گیا پھر حکم دیا کہ ان کو اور ان کی عورتوں کو ایک مستقل مکان میں رکھا جائے اور یزید کوئی ناشتہ اور کھانا نہ کھاتا تھا جس میں علی بن حسینؓ کو نہ بلاتا ہو، ایک روز ان کو بلایا تو ان کے ساتھ ان کے چھوٹے بھائی عمرو بن الحسینؓ بھی آ گئے، یزید نے عمرو بن الحسینؓ سے بطور مزاح کہا کہ تم اس لڑکے (یعنی اپنے لڑکے خالد) سے مقابلہ کر سکتے ہو، عمروؓ نے کہا ہاں کر سکتا ہوں، بشرطیکہ آپ ایک چھری اُن کو دے دیں اور ایک مجھے،

www.e-iqra.com

یزید نے کہا کہ آخر سانپ کا بچہ سانپ ہی ہوتا ہے۔

بعض روایات میں ہے کہ یزید شروع میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر راضی تھا اور ان کا سر مبارک لایا گیا تو خوشی کا اظہار کیا اس کے بعد جب یزید کی بدنامی سارے عالمِ اسلام میں پھیل گئی اور وہ سب مسلمانوں میں مبغوض ہو گیا تو بہت نادم ہوا، اور کہنے لگا، کاش میں تکلیف اٹھالیتا اور حسینؓ کو اپنے ساتھ اپنے گھر میں رکھتا اور ان کو اختیار دے دیتا کہ جو وہ چاہیں کریں، اگر چہ اس میرے اقتدار کو نقصان ہی پہنچتا، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ان کا اور ان کی قرابت کا یہی حق تھا، اللہ تعالیٰ ابن مرجانہ پر لعنت کرے، اس نے ان کو مجبور کر کے قتل کر دیا، حالانکہ انہوں نے یہ کہا تھا کہ مجھے یزید کے پاس جانے دو، یا کسی سرحدی مقام پر پہنچا دو، مگر اس نالائق نے قبول نہ کیا اور ان کو قتل کر کے ساری دنیا کے مسلمانوں میں مجھے مبغوض کر دیا، ان کے دلوں میں میری عداوت کا بیج بو دیا، کہ ہر نیک و بد مجھ سے بغض رکھنے لگا، اللہ اس ابن مرجانہ پر لعنت کرے۔

# اہلِ بیت کی مدینہ کو واپسی

اس کے بعد جب یزید نے ارادہ کیا کہ اہل بیت اطہار کو مدینہ واپس بھیج دے تو نعمان بن بشیر کو حکم دیا کہ ان کے لئے ان کے مناسبِ شان ضروریاتِ سفر مہیا کریں اور ان کے ساتھ کسی امانتدار متقی آدمی کو بھیجے اور اس کے ساتھ ایک حفاظتی دستہ فوج کا بھیج دے جو ان کو مدینہ تک بحفاظت

www.e-iqra.com

پہنچائے اور علی بن حسینؓ کو رخصت کرنے کے لئے اپنے پاس بلایا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ ابن مرجانہ پر لعنت کرے، بخدا اگر میں خود اس جگہ ہوتا تو حسینؓ جو کچھ کہتے میں قبول کر لیتا اور جہاں تک ممکن ہوتا تو ان کو ہلاکت سے بچاتا، اگر چہ مجھے اپنی اولاد کو قربان کرنا پڑتا، لیکن جو مقدر تھا وہ ہو گیا، صاحبزادے تمہیں جب کوئی ضرورت ہو مجھے خط لکھنا اور میں نے تمہارے ساتھ جانے والوں کو بھی یہ ہدایت کر دی ہے۔

**تنبیہ:**

یزید کی یہ زود پشیمانی اور بقیہ اہل بیت کے ساتھ بظاہر اکرام کا معاملہ محض اپنی بدنامی کا داغ مٹانے کے لئے تھا یا حقیقت میں کچھ خدا کا خوف اور آخرت کا خیال آ گیا، یہ تو علیم وخبیر ہی جانتا ہے، مگر یزید کے اعمال اور کارنامے اس کے بعد بھی سب سیاہ کاریوں ہی سے لبریز ہیں، مرتے مرتے بھی مکہ مکرمہ پر چڑھائی کیلئے لشکر بھیجے ہیں، اسی حال میں مرا ہے۔ عاملہ اللہ بما ہو اہلہ (مؤلف)

اس کے بعد اہلِ بیت ان لوگوں کی حفاظت میں مدینہ کی طرف روانہ ہوئے ان لوگوں نے راستہ میں اہلِ بیت کی خدمت بڑی ہمدردی سے کی، رات کو ان کی سواریاں اپنے سامنے رکھتے تھے اور جب کسی منزل پر اترتے تو ان سے علیحدہ ہو جاتے اور اپنے چاروں طرف پہرہ دیتے تھے اور ہر وقت ان کی ضروریات کو دریافت کر کے پورا کرنے کا اہتمام رکھتے تھے،

www.e-iqra.com

یہاںتک کہ یہ سب حضرات اطمینان کے ساتھ مدینہ پہنچ گئے۔

وطن پہنچ کر حضرت حسینؓ کی صاجزادی حضرت فاطمہؓ اور اپنی بہن زینبؓ سے کہا کہ اس شخص نے ہم پر احسان کیا ہے کہ سفر میں راحت پہنچائی ہمیں کچھ اس کو صلہ دینا چاہئے، زینبؓ نے کہا اب ہمارے پاس اپنے زیور کے سوا تو کچھ ہے نہیں، دونوں نے اپنے زیوروں میں سے دو کنگن اور دو بازو بند سونے کے نکالے اور ان کے سامنے پیش کیے اور اپنی بے مائگی کا عذر پیش کیا، اس شخص نے کہا واللہ اگر میں نے یہ کام دنیا کیلئے کیا ہوتا تو میرے لئے یہ انعام بھی کم نہ تھا، لیکن میں نے تو اپنا فرض ادا کیا ہے جو کہ قرابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے مجھ پہ عائد ہوتا ہے۔

# آپؓ کی زوجہ محترمہ کا غم صدمہ وانتقال

حضرت حسینؓ کی زوجہ محترمہ رباب بنت امری القیس بھی آپ کے ساتھ اسی سفر میں تھیں اور شام بھیجی گئیں، پھر سب کے ساتھ مدینہ پہنچیں، تو باقی عمر اسی طرح گزاردی کہ کبھی مکان کے سایہ میں نہ رہتی تھیں، کوئی کہتا کہ دوسری شادی کرلو تو جواب دیتی تھیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اور کسی کو اپنا خسر بنانے کے لئے تیار نہیں بالآخر ایک سال بعد وفات ہوگئی۔

حضرت حسینؓ اور ان کے اصحاب کے قتل کی خبریں مدینہ میں پہنچیں

www.e-iqra.com

تو پورے مدینہ میں کہرام تھا، مدینہ کے درودیوار رورہے تھے اور جب خاندان اہلِ بیت کے یہ بقیہ نفوس مدینہ پہنچے تو مدینہ والوں کے زخم ازسرنو تازہ ہوگئے۔

## عبداللہ بن جعفر کو انکے دو بیٹوں کی تعزیت

جس وقت عبداللہ بن جعفرؓ کو یہ خبر ملی کہ ان کے دو بیٹے بھی حضرت حسینؓ کے ساتھ شہید ہوگئے تو بہت لوگ ان کی تعزیت کو آئے، ایک شخص کی زبان سے نکل گیا کہ ہم پر یہ مصیبت حسینؓ کی وجہ سے آئی ہے، حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کو غصہ آگیا، اس کو جوتہ پھینک مارا، کہ کم بخت تو یہ کہتا ہے، واللہ اگر میں وہاں ہوتا تو میں بھی ان کے ساتھ قتل کیا جاتا، واللہ آج میرے بیٹوں کا قتل ہی میرے لئے تسلی ہے کہ اگر میں حسینؓ کی کوئی مدد نہ کرسکا تو میری اولاد نے یہ کام کردیا۔

## واقعۂ شہادت کا اثر فضائے آسمانی پر

عام مورخین ابن اثیر وغیرہ نے لکھا ہے کہ حضرت حسینؓ کی شہادت کے بعد دو تین مہینہ تک فضا کی یہ کیفیت رہی کہ جب آفتاب طلوع ہوتا اور دھوپ درودیوار پر پڑتی تو اتنی سرخ ہوتی تھی جیسے دیواروں کو خون لپیٹ دیا گیا ہو۔

www.e-iqra.com

# شہادت کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا گیا

بیہقی نے دلائل میں بسند روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے ایک رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ دوپہر کا وقت ہے اور آپ پراگندہ بال پریشان حال ہیں، آپ کے ہاتھ میں ایک شیشی ہے جس میں خون ہے، ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اس میں کیا ہے فرمایا! حسینؓ کا خون ہے، میں اس کو اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کروں گا، حضرت عباسؓ نے اسی وقت لوگوں کو خبر دے دی تھی کہ حسینؓ شہید ہو گئے، اس خواب سے چند روز کے بعد حضرت حسینؓ کی شہادت کی اطلاع پہنچی اور حساب کیا گیا تو ٹھیک وہی دن اور وہی وقت آپ کی شہادت کا تھا۔

اور ترمذی نے سلمی سے روایت کیا ہے کہ وہ ایک روز ام سلمہؓ کے پاس گئیں تو دیکھا کہ وہ رو رہی ہیں، میں نے سبب پوچھا تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں اس طرح دیکھا کہ آپ کے سر مبارک اور داڑھی پر مٹی پڑی ہوئی ہے، میں نے پوچھا کہ یہ کیا حال ہے، فرمایا کہ میں ابھی حسینؓ کے قتل پر موجود تھا (تاریخ الخلفاء للسیوطیؒ)

ابونعیم نے دلائل میں حضرت ام سلمہؓ سے روایت کیا ہے کہ حضرت حسینؓ کے

www.e-iqra.com

قتل پر میں نے جنات کو روتے دیکھا ہے۔

# حضرت حسینؓ کے بعض حالات وفضائل

آپ ہجرت کے چوتھے سال ۵ شعبان کو مدینہ طیبہ میں رونق افروز عالم ہوئے اور ۱۰ محرم ۶۱ھ میں بعمر ۵۵ سال شہید ہوئے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی تحنیک فرمائی، یعنی کھجور چبا کر اس کا رس ان کے منہ میں ڈالا اور کان میں اذان دی، اور ان کے لئے دعا فرمائی اور حسین نام رکھا، ساتویں روز عقیقہ کیا، آپ بچپن ہی سے شجاع و دلیر تھے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے بارے میں فرمایا

| | |
|---|---|
| حسین منی و انا من حسین اللھم احبّ حُسیناً، اخرجہ الحاکم فی المستدرک (اسعاف) | حسینؓ مجھ سے ہے اور میں حسین سے یا اللہ جو حسینؓ کو محبوب رکھے تو اسے محبوب رکھ |

ابن حبان، ابن سعد، ابویعلیٰ، ابن عساکر ائمہ حدیث نے حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| من سرہ ان ینظر الی رجل من اھل الجنۃ و | جو چاہے کہ اہل جنت میں سے کسی کو دیکھے یا فرمایا کہ نوجوان اہل جنت |

www.e-iqra.com

www.e-iqra.com

في لفظ سيد شباب اهل الجنة فلينظر الىٰ حسين بن علي

کے سردار کو دیکھے وہ حسینؓ بن علیؓ کو دیکھ لے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف رکھتے تھے، فرمایا وہ شوخ لڑکا کہاں ہے، یعنی حسینؓ، حسینؓ آئے اور آپ کی گود میں گر پڑے، اور آپ کی داڑھی میں انگلیاں ڈالنے لگے، آپ نے حسینؓ کے منہ پر بوسہ دیا اور فرمایا، یا اللہ میں حسینؓ سے محبت کرتا ہوں آپ بھی اس سے محبت کریں اور اس شخص سے بھی جو حسینؓ سے محبت کرے،

ایک روز ابن عمرؓ کعبہ کے سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے دیکھا کہ حضرت حسینؓ سامنے سے آ رہے ہیں، ان کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ شخص اس زمانہ میں اہل آسمان کے نزدیک سارے اہلِ زمین سے زیادہ محبوب ہیں۔

حضرت حسینؓ نہایت سخی اور لوگوں کی امداد میں اپنی جان و مال پیش کرنے والے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ اللہ کیلئے کسی کی حاجت پوری کرنا، میں اپنے ایک مہینہ کے اعتکاف سے بہتر سمجھتا ہوں۔

# حضرت حسینؓ کی زرین نصیحت

فرمایا کہ لوگ اپنی حاجات تمہارے پاس لائیں تو اس سے ملول نہ ہو کیونکہ ان کے حوائج تمہاری طرف یہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں، اگر تم اس سے

ملول و پریشان ہوگے تو یہ نعمت مبدّل بہ قہر ہو جائے گی، (یعنی تمہیں لوگوں کا محتاج کر دیا جائے گا، کہ تم ان کے دروازوں پر جاؤ)

حضرت حسینؓ ایک روز حرم مکّہ میں حجر اسود کو پکڑے ہوئے یہ دعا کر رہے تھے،

''یااللہ آپ نے مجھ پر انعام فرمایا مجھے شکر گزار نہ پایا، میری آزمائش کی تو مجھے صابر نہ پایا، مگر اس پر بھی آپ نے نہ اپنی نعمت مجھ سے سلب کی، اور نہ مصیبت کو مجھ پر قائم رہنے دیا، یااللہ کریم سے تو کرم ہی ہوا کرتا ہے''

حضرت حسینؓ اپنے والد ماجد حضرت علیؓ کے ساتھ کوفہ چلے گئے تھے، اوران کے ساتھ ہر جہاد میں شریک رہے اوران کی صحبت میں رہے، یہاں تک کہ وہ شہید کر دیئے گئے، اس کے بعد اپنے بھائی حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے، یہاں تک کہ وہ امارت چھوڑ کر مدینہ چلے آئے، تو آپ بھی ان کے ساتھ مدینہ میں آ گئے، اور جب تک بیعتِ یزید کا فتنہ شروع نہیں ہوا مدینہ ہی میں مقیم رہے،

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کربلا میں آپ کے اہل بیت کے تینتیس حضرات شہید ہوئے (اسعاف الراغبین)

# قاتلانِ حسینؓ کا عبرتناک انجام

چندیں اماں نداد کہ شب را سحر کند

www.e-iqra.com

جس وقت حضرت حسین رضی اللہ عنہ پیاس سے مجبور ہو کر دریائے فرات پر پہنچے اور پانی پینا چاہتے تھے کہ کمبخت [1] حصین بن نمیر نے تیر مارا جو آپ کے دہن مبارک پر لگا، اس وقت آپ کی زبان سے بے ساختہ بددعا نکلی کہ:

''یا اللہ رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کے فرزند کے ساتھ جو کچھ کیا جا رہا ہے میں اس کا شکوہ آپ ہی سے کرتا ہوں، یا اللہ ان کو چن چن کر قتل کر ان کے ٹکڑے ٹکڑے فرما دے، ان میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑ''

اول تو ایسے مظلوم کی بددعاء پھر سبطِ رسول اللہ ﷺ، اس کی قبولیت میں شبہ کیا تھا، دعا قبول ہوئی اور آخرت سے پہلے ہی دنیا میں ایک ایک کر کے بری طرح مارے گئے۔

امام زہریؒ فرماتے ہیں کہ جو لوگ قتل حسینؓ میں شریک تھے ان میں سے ایک بھی نہیں بچا، جس کو آخرت سے پہلے دنیا میں سزا نہ ملی ہو، کوئی قتل کیا گیا، کسی کا چہرہ سخت سیاہ ہو گیا، یا مسخ ہو گیا، یا چند ہی روز میں ملک، سلطنت چھن گئے، اور ظاہر ہے کہ یہ ان کے اعمال کی اصلی سزا نہیں، بلکہ اس کا ایک نمونہ ہے جو لوگوں کی عبرت کیلئے دنیا میں دکھا دیا گیا ہے۔

(۱) بعض اہلِ تاریخ نے دوسرا نام ذکر کیا ہے ۱۲ ش

www.e-iqra.com

# قاتلِ حسینؓ اندھا ہو گیا

سبط ابن جوزیؒ نے روایت کیا ہے کہ ایک بوڑھا آدمی حضرت حسینؓ کے قتل میں شریک تھا، وہ دفعۃً نابینا ہو گیا، تو لوگوں نے سبب پوچھا اس نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آستین چڑھائے ہوئے ہیں، ہاتھ میں تلوار ہے اور آپ کے سامنے چمڑے کا وہ فرش ہے جس پر کسی کو قتل کیا جاتا ہے اور اس پر قاتلانِ حسینؓ میں سے دس آدمیوں کی لاشیں ذبح کی ہوئی پڑی ہیں، اس کے بعد آپ نے مجھے ڈانٹا، اور خونِ حسینؓ کی ایک سلائی میری آنکھوں میں لگا دی، میں صبح اٹھا تو اندھا تھا (اسعاف)

# منہ کالا ہو گیا

نیز ابن جوزی نے نقل کیا ہے کہ جس شخص نے حضرت حسینؓ کے سر مبارک کو اپنے گھوڑے کی گردن میں لٹکایا تھا اس کے بعد اسے دیکھا گیا کہ اس کا منہ کالا تارکول ہو گیا، لوگوں نے پوچھا کہ تم سارے عرب میں خوش رو آدمی تھے تمہیں کیا ہوا، اس نے کہا جس روز سے میں نے یہ سر گھوڑے کی گردن میں لٹکایا، جب ذرا سوتا ہوں دو آدمی میرے بازو پکڑتے ہیں اور مجھے ایک دہکتی ہوئی آگ پر لے جاتے ہیں اور اس میں ڈال دیتے ہیں جو مجھے جھلس دیتی ہے، اور اسی حالت میں چند روز کے بعد مر گیا۔

www.e-iqra.com

# آگ میں جل گیا

نیز ابن جوزی نے سُدّی سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے ایک شخص کی دعوت کی، مجلس میں یہ ذکر چلا کہ حسینؓ کے قتل میں جو بھی شریک ہوا اس کو دنیا میں بھی جلد سزا مل گئی، اس شخص نے کہا کہ بالکل غلط ہے میں خود ان کے قتل میں شریک تھا، میرا کچھ بھی نہیں بگڑا، یہ شخص مجلس سے اُٹھ کر گھر گیا جاتے ہی چراغ کی بتی درست کرتے ہوئے اس کے کپڑوں میں آگ لگ گئی اور وہیں جل بھن کر رہ گیا، سُدّی کہتے ہیں کہ میں نے خود اس کو صبح دیکھا تو کوئلہ ہو چکا تھا۔

# تیر مارنے والا پیاس سے تڑپ تڑپ کر مر گیا

جس شخص نے حضرت حسینؓ کے تیر مارا اور پانی نہیں پینے دیا، اس پر اللہ تعالیٰ نے ایسی پیاس مسلط کر دی کہ کسی طرح پیاس بجھتی نہ تھی، پانی کتنا ہی پی جائے پیاس سے تڑپتا رہتا تھا، یہاں تک کہ اس کا پیٹ پھٹ گیا اور وہ مر گیا۔

# ہلاکت یزید

شہادتِ حسینؓ کے بعد یزید کو بھی ایک دن چین نصیب نہ ہوا، تمام اسلامی ممالک میں خونِ شہداء کا مطالبہ اور بغاوتیں شروع ہو گئیں، اس کی

www.e-iqra.com

زندگی اس کے بعد دو سال آٹھ ماہ اور ایک روایت میں تین سال آٹھ ماہ سے زائد نہیں رہی دنیا میں بھی اس کو اللہ تعالیٰ نے ذلیل کیا اور اسی ذلت کے ساتھ ہلاک ہو گیا۔

# کوفہ پر مختار کا تسلط اور تمام قاتلانِ حسینؓ کی عبرتناک ہلاکت

قاتلانِ حسینؓ پر طرح طرح کی آفات ارضی وسماوی کا ایک سلسلہ تو تھا ہی، واقعۂ شہادت سے پانچ ہی سال بعد ۶۶ھ میں مختار نے قاتلانِ حسینؓ سے قصاص لینے کا ارادہ ظاہر کیا، تو عام مسلمان اس کے ساتھ ہو گئے اور تھوڑے عرصہ میں اس کو یہ قوت حاصل ہو گئی کہ کوفہ اور عراق پر اس کا تسلط ہو گیا اس نے اعلانِ عام کر دیا کہ قاتلانِ حسینؓ کے سوا سب کو امن دیا جاتا ہے اور قاتلانِ حسینؓ کی تفتیش وتلاش پر پوری قوت خرچ کی، اور ایک ایک کو گرفتار کر کے قتل کیا، ایک روز میں دو سو اڑتالیس آدمی اس جرم میں قتل کیے گئے کہ وہ قتل حسین میں شریک تھے، اس کے بعد خاص لوگوں کی تلاش اور گرفتاری شروع ہوئی۔

عمرو بن حجاج زبیدی پیاس اور گرمی میں بھاگا، پیاس کی وجہ سے بیہوش ہو کر گر پڑا، ذبح کر دیا گیا۔

شمر ذی الجوشن جو حضرت حسینؓ کے بارے میں سب سے زیادہ شقی

www.e-iqra.com

اور سخت تھا اس کو قتل کر کے لاش کتوں کے سامنے ڈال دی گئی۔

عبداللہ بن اسید جہنی، مالک بن بشیر بدی، حمل بن مالک کا محاصرہ کر لیا گیا انہوں نے رحم کی درخواست کی، مختار نے کہا، ظالمو! تم نے سبطِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحم نہ کھایا تم پر کیسے رحم کیا جائے، سب کو قتل کیا گیا اور مالک بن بشیر نے حضرت حسینؓ کی ٹوپی اٹھائی تھی، اس کے دونوں ہاتھ دونوں پیر قطع کر کے میدان میں ڈال دیا، تڑپ تڑپ کر مر گیا۔

عثمان بن خالد اور بشیر بن شمیط نے مسلم بن عقیلؓ کے قتل میں اعانت کی تھی، ان کو قتل کر کے جلا دیا گیا۔

عمرو بن سعد جو حضرت حسینؓ کے مقابلہ پر لشکر کی کمان کر رہا تھا اس کو قتل کر کے اس کا سر مختار کے سامنے لایا گیا اور مختار نے اس کے لڑکے حفص کو پہلے سے اپنے دربار میں بٹھا رکھا تھا، جب یہ سر مجلس میں آیا تو مختار نے حفصؓ سے کہا تو جانتا ہے، یہ سر کس کا ہے، اس نے کہا ہاں اور اس کے بعد مجھے بھی اپنی زندگی پسند نہیں، اس کو بھی قتل کر دیا گیا، اور مختار نے کہا عمرو بن سعد کا قتل تو حسینؓ کے بدلہ میں ہے اور حفص کا قتل علی بن حسینؓ کے بدلہ میں، اور حقیقت یہ ہے کہ پھر بھی برابری نہیں ہوئی، اگر میں تین چوتھائی قریش کو بدلہ میں قتل کر دوں، تو حضرت حسینؓ کی ایک انگلی کا بھی بدلہ نہیں ہو سکتا۔

حکیم بن طفیل جس نے حضرت حسینؓ کے تیر مارا تھا، اس کا بدن تیروں سے چھلنی کر دیا گیا، اسی میں ہلاک ہوا۔

www.e-iqra.com

زید بن رفاد نے حضرت حسینؓ کے بھتیجے مسلم بن عقیلؓ کے صاحبزادے عبداللہؓ کے تیر مارا، اس نے ہاتھ سے اپنی پیشانی چھپائی، تیر پیشانی پر لگا اور ہاتھ پیشانی کے ساتھ بندھ گیا، اس کو گرفتار کر کے اول اس پر تیر اور پتھر برسائے گئے پھر زندہ جلا دیا گیا۔

سنان بن انس جس نے سر مبارک کاٹنے کا اقدام کیا تھا کوفہ سے بھاگ گیا، اس کا گھر منہدم کر دیا گیا۔

قاتلانِ حسینؓ کا یہ عبرتناک انجام معلوم کر کے بے ساختہ یہ آیت زبان پر آتی ہے۔

| | |
|---|---|
| کذلک العذاب و | عذاب ایسا ہی ہوتا ہے اور آخرت کا |
| لعذاب الآخرۃ اکبر | عذاب اس سے بڑا ہے، کاش وہ سمجھ |
| لو کانوا یعلمون ۞ | لیتے۔ |

# مرقع عبرت

عبدالملک بن عمیر لیثی کا بیان ہے کہ میں نے کوفہ کے قصرِ امارت میں حضرت حسینؓ کا سر عبداللہ بن زیاد کے سامنے ایک ڈھال پر رکھا ہوا دیکھا، پھر اسی قصر میں عبداللہ بن زیاد کا سر کٹا ہوا مختار کے سامنے دیکھا، پھر اسی قصر میں مختار کا سر کٹا ہوا مصعب بن زبیر کے سامنے دیکھا، پھر اسی جگہ مصعب بن زبیر کا سر عبدالملک کے سامنے دیکھا میں نے یہ واقعہ عبدالملک سے ذکر کیا، تو اس قصر کو منحوس سمجھ کر یہاں سے منتقل ہو گیا (تاریخ الخلفاء)

www.e-iqra.com

حضرت ابو ہریرہؓ کو شاید اس فتنہ کا علم ہو گیا تھا وہ آخر عمر میں یہ دعا کیا کرتے تھے کہ یا اللہ آپ سے پناہ مانگتا ہوں، ساٹھویں سال اور نوعمروں کی امارت سے، ہجرت کرکے ساٹھویں سال ہی یزید جیسے نوعمر کی خلافت کا قضیہ چلا اور یہ فتنہ پیش آیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ،

# نتائج و عبر

واقعۂ شہادت کی تفصیل آپ نے سنی، اس میں ظلم و جور کے طوفان دیکھے، ظالموں اور ناخدا ترس لوگوں کا بڑھتا ہوا اقتدار نظر آیا، دیکھنے والوں نے یہ محسوس کیا کہ ظلم و جور اور فسق و فجور ہی کامیاب ہے، مگر آنکھ کھلی تو معلوم ہوا کہ یہ سب طلسم تھا جو آنکھ جھپکنے میں ختم ہو گیا اور دیکھنے والوں نے آنکھوں سے دیکھ لیا کہ ظلم و جور کو فلاح نہیں، ظالم، مظلوم سے زیادہ اپنی جان پر ظلم کرتا ہے۔

پنداشت ستمگر کہ ستم برما کرد!
برگردنِ وے بماند و برنما بگذشت

اور یہ کہ جن مظلوموں کو فنا کرنا چاہا تھا وہ درحقیقت آج تک زندہ ہیں اور قیامت تک زندہ رہیں گے، گھر گھر میں ان کا ذکر خیر ہے اور صدیاں گذر گئیں، کروڑوں انسان ان کے نام پر مرتے ہیں اور ان کے نقشِ قدم کی پیروی کو پیغامِ حیات سمجھتے ہیں، آیت اِنَّ الْعَاقِبَۃَ لِلْمُتَّقِیْنَ ایک محسوس حقیقت ہو کر سامنے آگئی کہ حق و باطل کے معرکہ میں آخری فتح اور کامیابی

www.e-iqra.com

حق کی ہوا کرتی ہے۔

اس میں عام لوگوں کے لئے اور بالخصوص ان لوگوں کے لئے جو حکومت واقتدار کے نشہ میں مست ہو کر ظلم وعدل سے قطع نظر کرلیں بڑی نشانیاں ہیں۔

## فاعتبروا یااولی الابصار،

معرکہ حق و باطل میں کسی وقت حق کی آواز دب جائے اہلِ حق شکست کھا جائیں ،تو یہ بات نہ حق کے حق ہونے کے خلاف ہے ،نہ باطل کے باطل ہونے کے منافی، دیکھنا انجام کار کا ہے کہ آخر میں حق پھر اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ کامیاب ہوتا ہے۔

www.e-iqra.com

# اُسوۂ حسینی

آخر میں پھر اس کلام کا اعادہ کرتا ہوں جو اس کتاب کے شروع میں لکھ چکا ہوں کہ حب اہل بیت اطہار جز وایمان ہے، ان پر وحشیانہ مظالم کی داستان بھلانے کے قابل نہیں، حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء کی مظلومانہ اور درد انگیز شہادت کا واقعہ جس کے دل میں رنج وغم اور درد پیدا نہ کرے وہ مسلمان کیا انسان بھی نہیں، لیکن ان کی سچی اور حقیقی محبت وعظمت اور ان کے مصائب سے حقیقی تاثر یہ نہیں کہ سارے سال خوش وخرم پھریں، کبھی ان کا خیال بھی نہ آئے اور صرف عشرۂ محرم میں یہ واقعہ شہادت سن کر رولیں، یا ماتم برپا کرلیں، یا تعزیہ داری کا کھیل تماشہ بنائیں، سارے سال گرمی کی شدت کے زمانہ میں کسی کی پیاس کا خیال نہ آئے اور محرم کی پہلی تاریخ کو اگرچہ سردی پڑ رہی ہو کسی کو ٹھنڈے پانی کی ضرورت نہ ہو شہدائے کربلا کے نام کی سبیل کا ڈھونگ بنایا جائے، بلکہ حقیقی ہمدردی اور محبت یہ ہے کہ جس مقصد عظیم کے لئے انہوں نے یہ قربانی دی اس مقصد کو پورا کرنے کیلئے اپنی اپنی ہمت کے مطابق ایثار وقربانی پیش کریں، ان کے اخلاق واعمال کی پیروی کو سعادت دنیا وآخرت سمجھیں، وہ مقصد اگر آپ نے اس رسالہ کو اور اس میں حضرت حسینؓ کے ارشادات اور خطبات کو بغور پڑھا ہے تو اس کے متعین کرنے اور آپ کو کسی شک وشبہ کی گنجائش نہ ملے گی، میں یاددہانی کیلئے پھر آپ کے کچھ کلمات کا اعادہ کرتا ہوں:

www.e-iqra.com

# حضرت حسینؓ نے کس مقصد کیلئے قربانی پیش کی

اس رسالہ کے صفحہ ۲۶ پر آپ نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا وہ خط پڑھا جو اہل بصرہ کے نام لکھا تھا جس کے چند جملے یہ ہیں۔

''آپ لوگ دیکھ رہے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مٹ رہی ہے اور بدعات پھیلائی جارہی ہیں میں تمہیں دعوت دیتا ہوں کہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی حفاظت کرو اور اس کے احکام کی تنفید کیلئے کوشش کرو'' ( کامل ابن اثیر ص ۹ ج ۴ )

فرزدق شاعر کے جواب میں جو کلمات کوفہ کے راستے میں آپ نے ارشاد فرمائے اس کے چند جملے رسالہ ہذا کے صفحہ ۵۱ پر یہ ہیں:

''اگر تقدیر الٰہی ہماری مراد کے موافق ہوئی تو ہم اللہ کا شکر کریں گے اور ہم شکر ادا کرنے میں بھی اسی کی اعانت طلب کرتے ہیں کہ ادائے شکر کی توفیق دی اور اگر تقدیر الٰہی مراد میں حائل ہوگئی تو اس شخص کا کچھ قصور نہیں جس کی نیت حق کی حمایت ہو اور جس کے دل میں خدا کا خوف ہو'' ( ابن اثیر )

صفحہ ۶۰ میں میدانِ جنگ کے خطبہ کے یہ الفاظ غور سے پڑھئے جس میں ظلم و جور کے مقابلہ کے لئے محض اللہ کے لئے کھڑے ہونے کا ذکر

www.e-iqra.com

ہے۔ صفحہ ۶۴ پر میدانِ جنگ کا تیسرا خطبہ اور اس کے بعد حر بن یزید کے جواب میں ایک صحابی کے اشعار مکرر غور سے پڑھئے جس کے چند جملے یہ ہیں:۔

''موت میں کسی جوان کیلئے عار نہیں جبکہ اس کی نیت خیر اور مسلمان ہو کر جہاد کر رہا ہو''۔

صفحہ ۶۷ پر عین میدان کارزار میں صاحبزادہ علی اکبرؓ کا حضرت حسینؓ کا خواب سن کر یہ کہنا کہ ''ابا جان کیا ہم حق پر نہیں، آپ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کی طرف سب بندگانِ خدا کا رجوع ہے بلاشبہ ہم حق پر ہیں'' اس کو مکرر پڑھئے۔

صفحہ ۴۷ پر اہلِ بیت کے سامنے آپ کے آخری ارشادات کے یہ جملے پھر پڑھیئے

''میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں راحت میں بھی اور مصیبت میں بھی یا اللہ میں آپ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ہمیں شرافتِ نبوت سے نوازا اور ہمیں کان آنکھ اور دل دیئے جس سے ہم آپ کی آیات سمجھیں اور ہمیں آپ نے قرآن سکھایا اور دین کی سمجھ عطا فرمائی ہمیں آپ اپنے شکر گزار بندوں میں داخل فرما لیجئے۔''

ان خطبات اور کلمات کو سننے پڑھنے کے بعد بھی کیا کسی مسلمان کو یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ حضرت حسینؓ کا یہ جہاد اور حیرت انگیز قربانی اپنی حکومت و اقتدار کیلئے تھے، بڑے ظالم ہیں وہ لوگ جو اس مقدس ہستی کی عظیم الشان

www.e-iqra.com

قربانی کو ان کی تصریحات کے خلاف بعض دنیوی عزت واقتدار کی خاطر قرار دیتے ہیں، حقیقت وہی ہے جو شروع میں لکھ چکا ہوں کہ حضرت حسینؓ کا سارا جہاد صرف اس لئے تھا کہ

☆...... کتاب وسنت کے قانون کو صحیح طور پر رواج دیں،

☆...... اسلام کے نظامِ عدل کو ازسرِ نو قائم کریں،

☆...... اسلام میں خلافتِ نبوت کے بجائے ملوکیت وآمریت کی بدعت کا مقابلہ کریں۔

☆...... حق کے مقابلہ میں نہ زور وزر کی نمائش سے مرعوب ہوں اور نہ جان اور مال اور اولاد کا خوف اس راستہ میں حائل ہو

☆...... ہر خوف وہراس اور مصیبت ومشقت میں ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد رکھیں اور اسی پر ہر حال میں توکل واعتماد ہو اور بڑی سے بڑی مصیبت میں بھی اس کے شکر گزار بندے ثابت ہوں۔

کوئی ہے جو جگر گوشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مظلوم کربلا شہید جور وجفا کی اس پکار کو سنے اور ان کے مشن کو ان کے نقش قدم پر انجام دینے کیلئے تیار ہو ان کے اخلاق حسنہ کی پیروی کو اپنی زندگی کا مقصد ٹھہرائے۔

یا اللہ! ہم سب کو اپنی اور اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب کرام اور اہل بیت اطہار کی معیت کاملہ اور اتباع کامل نصیب فرمائے۔

www.e-iqra.com

اللهم ربنا ارزقنا من حبک و حب رسولک و حب اهل بیته الاطهار واصحابه الابرار ماتحول به بیننا و بین معاصیک و صلی الله تعالیٰ علی خیر خلقه و صفوة رسوله محمّد و علیٰ صحبه و اهل بیته و لا سیما سیدا شباب اهل الجنة الحسن و الحسین رضی الله عنهما و اٰخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین ،

**العبد الضعیف**

**مفتی محمد شفیع** کان اللہ لہٗ

یوم عاشوراء ۱۳۷۵ھ

**صدر مجلس منتظمه**

**دار العلوم کراچی نمبر ۱**

www.e-iqra.com